TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222690
UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—1700—8-11-77—7,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۹۱۵ ت ۳۰۸ Accession No. 11332

Author ا - ھ ۱۱۳۳۲

Title اردو روزمرّہ Urdu Rozmarra. or. Every day Urdu

This book should be returned on or before the date last marked b

اُردو روز مرّہ

# URDŪ ROZMARRA

OR

# "EVERY-DAY URDU."

## OFFICIAL TEXT-BOOK

FOR THE

EXAMINATION OF MILITARY OFFICERS

AND OTHERS

BY THE

LOWER STANDARD HINDUSTANI

EDITED WITH NOTES BY

LIEUT.-COLONEL D. C. PHILLOTT, Ph.D., F.A.S.B.,

*Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta ; Some time Fellow of the Calcutta University : Author of Hindustani Manual, Hindustani Stumbling-Blocks, etc., etc.*

*Second Edition.*

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1914.

*All rights reserved.*

# INTRODUCTION.

Parts I and III of the present text-book consist of extracts from the Ta'līm-ul-Mubtadī, a series edited by Colonel W. R. M. Holroyd.

These extracts have been carefully edited ; purely domestic words, or words not useful to an English beginner, have been cut out ; while in some cases easier colloquial words and expressions have been substituted for literary ones. The style is colloquial and idiomatic throughout, and the matter is not uninteresting. All poetry has been omitted.

As, however, these extracts are chiefly in narrative, it was considered advisable to add something in the form of dialogue. No suitable Hindustani play could be found, for even the farces are not written in simple colloquial language. The editor did indeed rewrite nearly the whole of one farce, but the fear of infringing a copyright made him abandon the work, for the present at any rate. The easiest way out of the difficulty, was to translate the "Wazīr of Lankarān," the text-book for the Lower Standard in Persian, and a book that has proved invaluable to all students of Modern Colloquial Persian.

The vocabulary of all three parts of the *Urdū Rozmarra* is the everyday vocabulary of the uneducated ; it is believed that very few words will be found in the text that are not in some form or other used by the uneducated Muslims of Delhi, Lucknow, Behar, etc., etc., and certainly no word that is not easily intelligible to them. While the student is learning to read these extracts, he is also learning to talk. It must, however, be recollected that a language cannot be properly learnt from books alone ; the ear and the tongue

require instruction, and this is only to be acquired by considerable practice. The student should therefore practise on servants and sepoys what colloquial he has stored up in his memory from the book. He must, however, bear in mind the fact that the vocabulary of Hindus differs somewhat from that of Muslims; he must not therefore expect that a Kahār, for instance, or even a Rajput sepoy, will understand every word that is in the present text-book. (Attention is also invited to the Introduction in my "Hindustani Manual,"[1] which deals with the easiest way of acquiring a new language rapidly).

Peculiarities of grammar and idiom are again and again explained in the numerous footnotes, and the references to works where rules are detailed or further examples found, are as much for the benefit of the teacher as the taught.[2] Munshis seldom realize what an Englishman's first difficulties are, and consequently do not study how to remove them: they have in fact never been taught how to teach.

This text-book is accompanied by an English translation, which is also annotated for the purpose set forth in its Introduction. A page-by-page glossary of the text has been prepared by the Head Mawlavī of the Board of Examiners.

No pains have been spared to remove every difficulty from the path of the beginner. But it is useless to provide a good text-book if it is not used intelligently and diligently. Most candidates for the Lower Standard consider it sufficient to read through the text-book hastily once, or

---

[1] The name under which the improved edition of "Hindustani Stepping-Stones" has appeared.

[2] References to "Hindustani Stumbling-Blocks" are for the teacher, and not for L.S. or H.S. candidates.

at the most twice, and then to read up the English translation: they think they have mastered the text-book if they can translate any portion of it into English. This is a mistake; but this subject is more fully dealt with in the Introduction to the English translation.

My acknowledgments are due to the Punjab Text-Book Committee for its courtesy in permitting me to make the selections from its text-books. My thanks are also due to Shams-ul-'Ulamā Muḥammad Yūsuf Ja'farī, Khān Bahādur, Head Mawlavī of the Board, for invaluable and constant assistance in the preparation of this work, as also to Muḥammad Kāẓim Shīrāzī, Persian Instructor of the Board, who assisted me in the correction of the proofs.

D. C. PHILLOTT,

*Lieut.-Colonel,*

*Late Secretary and Member, Board of Examiners.*

LONDON,
1914.

# فہرست مضامین

## پہلا حصّہ


| | صفحه |
|---|---|
| ماں کي محبّت ... ... ... ... ... | ۱ |
| لڑکا مدرسے جاتا هے ... ... ... ... | ۲ |
| لڑکے کھیل رهے هیں ... ... ... ... | ۳ |
| سانڈني سوار ... ... ... ... ... | ۴ |
| اونٹ لد رها هے ... ... ... ... ... | ۵ |
| پنڈت جي کي بہلي ... ... ... ... | ۶ |
| یکّے کي سواري ... ... ... ... ... | ۷ |
| راجه صاحب کا هاتھي ... ... ... ... | ۸ |
| بگّي کا گھوڑا ... ... ... ... ... | ۹ |
| نیزه بازي ... ... ... ... ... ... | ۱۰ |
| لوگ ناؤ میں بیٹھکر دریا سے پار اُتر رهے هیں ... | ۱۱ |
| دریا میں تیراک تیر رهے هیں ... ... ... | ۱۲ |
| پہلوان کُشتي لڑ رهے هیں ... ... ... ... | ۱۳ |
| درزي کپڑے سي رها هے ... ... ... ... | ۱۴ |
| آرّه کش لکڑیاں چِیر رهے هیں ... ... ... | ۱۵ |

صفحہ


| | |
|---|---|
| مچھلي والے مچھلیاں پکڑتے هیں ... ... ... | ۱۶ |
| گھوڑے کے نعل بندھہ رہے هیں ... ... ... | ۱۷ |
| بنئیے کي دُکان ... ... ... ... ... | ۱۸ |
| دھوبي کپڑے دھو رہا ہے ... ... ... ... | ۱۹ |
| صُبح کي هوا خوري ... ... ... ... | ۲۰ |
| آونت ... ... ... ... ... ... | ۲۱ |
| گھوڑا ... ... ... ... ... ... | ۲۵ |
| هاتھي ... ... ... ... ... ... | ۲۸ |
| بَھینس ... ... ... ... ... ... | ۳۵ |
| گاے ... ... ... ... ... ... | ۳۷ |
| گدھا ... ... ... ... ... ... | ۳۹ |
| کُتّا ... ... ... ... ... ... | ۴۱ |
| بِلّي ... ... ... ... ... ... | ۴۵ |
| نیولا ... ... ... ... ... ... | ۴۸ |
| مکڑي ... ... ... ... ... ... | ۵۰ |
| چیونٹي ... ... ... ... ... ... | ۵۲ |
| گنّا ... ... ... ... ... ... | ۵۵ |
| آم ... ... ... ... ... ... | ۵۶ |

صفحه


نِیم ... ... ... ... ... ... ۵۹
کھجور ... ... ... ... ... ... ۶۰
گرمي ... ... ... ... ... ... ۶۰
جاڑا ... ... ... ... ... ... ۶۲
برسات ... ... ... ... ... ... ۶۵
مُرغا ... ... ... ... ... ... ۶۶
گِدھه ... ... ... ... ... ... ۶۸
چڑي ... ... ... ... ... ... ۶۹
هُدهُد یا کٹھه بڑھئي ... ... ... ... ۷۰
سانپ ... ... ... ... ... ... ۷۲
شیر یعني باگھه ... ... ... ... ... ۷۳
لکڑ بگڑ یا چرخ ... ... ... ... ... ۸۵
رِیچھه ... ... ... ... ... ... ۸۸
گِلہري ... ... ... ... ... ... ۹۳
چھچھوندر ... ... ... ... ... ۹۵


## دوسرا حصّه — و زیرِ لنکران


ناٹک کے ' ایکٹر ' ... ... ... ... ... ۱
پہلا ایکٹ ... ... ... ... ... ۳

صفحه

دوسرا ایکٹ ... ... ... ... ... ۲۲
تیسرا ایکٹ ... ... ... ... ... ۴۳
چوتھا ایکٹ ... ... ... ... ... ۵۶

# تیسرا حصّه ــ تاریخي حالات

امیر ناصر الدین سکبتگین ... ... ... ... ۱
سلطان محمود غزنوي ... ... ... ... ۵
ظهیر الدین بابُر بادشاه ... ... ... ... ۱۵
انّا کي جان نثاري ... ... ... ... ... ۲۰
پرتاب کي بهادري ... ... ... ... ... ۲۳

# پہلا حصّہ

# ۱ — ماں کی مَحبّت

ماں بچّے کو گود میں لئے بیٹھی ھے - باپ حُقّہ پِی رہا ھے -
اور دیکھہ دیکھہ کر [1] خوش ھوتا ھے * بچّہ آنکھیں کھولے [2] پڑا ھے -
انگوٹھا چُوس رہا ھے - ماں محبّت بھری نِگاھوں سے اُس کے
مُنہہ کو تک [3] رھی ھے - اور پیار [4] سے یہ کہتی ھے - " میری
جان ! وہ دن کب آئیگا کہ میٹھی میٹھی باتیں کریگا ؟ بڑا ھوگا !
ھم [5] بُڈّھے ھونگے ! تو کمائیگا ! آپ کھائیگا ! ھمیں کِھلائیگا " ! بچّہ
مُسکراتا ھے اور ماں کا دل باغ باغ [6] ھو جاتا ھے * جب ننّھا سا
ھونٹ نِکال کر رونی [7] صورت بناتا ھے تو یہ بے چَین ھو جاتی
ھے * سامنے جُھولا [8] لٹک رہا ھے - [9] سُلانا ھوتا ھے تو اُس میں
لِٹا دیتی ھے * رات کو اپنے ساتھہ سُلاتی ھے - [9] جاگ اُٹھتا [10]

---

1 *Dekh dekh-kar*, continually looking.

2 *Khole* (*hū,e*), past participle, inflected as the verb is transitive; signifies state.

3 *Taknā*, to gaze fixedly at, regard; but *ghūrnā*, to stare.

4 *Pyār*, subs. m., but *pyārā*, adj., loved, dear.

5 Note that *ham* is always masculine except in the Panjab where it may be feminine.

6 *Bāgh bāgh honā*, to be delighted.

7 *Ronī ṣūrat*, subs. or adj., of doleful appearance, etc., opp. to *haństā chihra*, subs., or *hańs-mukh*, adj.

8 *Jhūlā* is also a swing; from *jhūlnā*, intr., to swing.

9 *Agar* understood; the *to* following clearly indicates the omission.

10 *Jāg-uṭhnā*, to wake up *suddenly*; *vide* Phillott's ***Hindustani Manual***, page 83 (*e*).

ہے تو جھٹ چَونک پڑتی [1] ہے - کبھی نیند میں رونے
لگتا ہے تو آدھی آدھی [2] رات تک یہ بچاری مامتا کی
ماری لئے بیٹھی رہتی [3] ہے * صُبح جب بچّے کی آنکھہ کھُلتی
ہے تو آپ بھی اُٹھہ بیٹھتی [4] ہے * دن چڑھے مُنھہ دھلاتی ہے -
اور یہ [5] کہتی ہے - " کیا چاند سا مُکھڑا نکل آیا ! واہ وا [6] واہ ! "

## ۲ — لڑکا مدرسے جاتا ہے

کیا جلدی جلدی قدم اُٹھاتا ہے کہ وقت پر پہنچ جائے - ایسا نہ ہو [7] کہ دیر ہوجائے - دل میں یہی دھیان ہے کہ کل کا سبق خوب سُنائے - جو پوچھیں سب بتائے - لڑکوں میں نام پائے * اُستاد بھی اِسے شوقین جانتا ہے * یہ جماعت میں اوّل رہتا ہے - اِمتحان میں سب سے زیادہ نمبر پاتا ہے * اُستاد کا بڑا ادب کرتا ہے * مِحنت کے بعد کھیلنا اچّھا ہے - ہاتھہ پاؤں چالاک ہوتے ہیں - جی خوش رہتا ہے * بے شک یہ لڑکا ہونہار [8] نظر [9] آتا ہے - تھوڑی مُدّت میں عِلم حاصل کرلیگا - بڑی عِزّت پائیگا - دولت کمائیگا - باپ دادا کا نام روشن کریگا *

---

[1] *Parnā* also indicates suddenness; *vide* "Hindustani Manual," page 82 (*d*).

[2] *Ādhī ādhī rāt tak*, as much as up to midnight; note force of repetition.

[3] *Baiṭhī (hū,ī) rahtī hai.*

[4] *Uṭh baiṭhnā* means properly to sit up from a recumbent position.

[5] Note this use of *yih* before *ki* "that" (understood).

[6] Note that the ه is omitted from the second exclamation, *wāh, wā wāh.*

[7] *Aisā na ho ki*, lest (*lit.* "may it not be that—.").

[8] *Honhār* from *honā*. *Hār* or *hārā* is a Hindi suffix=*wālā*.

[9] *Naẓar* [*meṅ*] *ānā*, "to appear in sight; *also* to seem."

# ۳ — لڑکے کھیل رہے ہیں

ایک نہ ایک وقت [1] کھیلنا بھی ضرور چاہئیے - اِس سے جی خوش ہوتا ہے - ہاتھہ پاؤں کُھلتے ہیں - بدن میں چُستی [2] آتی ہے * دیکھنا [3] - لڑکے مدرسے سے پڑھہ کر نکلے ہیں - میدان میں کھیل رہے ہیں - کیا خوش ہیں ! کیسے بے فکر ہیں ! اِن کے چہرے کیا تر و تازہ ہیں ! ماں باپ کے پیارے ہیں - گھر کے لاڈلے [4] ہیں - اُچھلتے [5] ہیں - کودتے [6] ہیں - دوڑتے ہیں * اِسے دیکھو - زمین پر پاؤں نہیں ٹِکتا [7] - وہ لڑکا بڑا چالاک ہے - یہ تو بھدّا [8] ہے - خوب دَوڑ نہیں سکتا - پِھر بھی دوڑتا پھرتا ہے - ایلو [9] ! وہ گر پڑا * کیا ہوا پھر اُٹھہ کر دوڑنے لگیگا * لڑکپن عجب نعمت ہے - اچّھا میاں [10] ! کھیلو - کودو - اُچھلو - دوڑو - مگر سارے دن کھیل ہی کے دھیان میں نہ رہو - جو لڑکے دن بھر کھیل کے دھیان میں رہتے ہیں - جب اُستاد کے سامنے سبق سنانے آتے ہیں تو مُنہہ دیکھتے رہ

---

[1] *Ek na ek waqt*, some time or other during the day; but *kabhī kabhī*, or *jab tab*, "now and then" (either during the day or during the week, etc.).

[2] *Chustī*, "activity"; *chālākī*, ditto, but also "cleverness, cunning."

[3] Infinitive, for Imperative; polite.

[4] *Lāḍlā*, m., and *lāḍlī*, f., "a darling" (of people or favourite animals).

[5] *Uchhalnā*, to spring up in the air; *uchhalkar chaṛhnā*, to jump up on to; *uchhālnā*, tr., to toss up.

[6] *Kūdnā*, to jump down from a height; also in colloquial, to jump generally.

[7] *Ṭiknā*, to tarry; to last (of things). *Ṭhaharnā*, to stop (for a short time or a long); and also to last (of things).

[8] *Bhaddā*, ungainly, *i.e.*, awkward in shape and slow in movement.

[9] *Aylo=lo*, "look"!

[10] *Miyāṅ* shows that the person spoken to is a Muslim. Here plural: *miyāṅo* not used.

جاتے هیں[1] - اُستاد خفا[2] هوتا هے - ماں باپ پیار نہیں کرتے - علم بڑي دولت هے اُس سے بے نصیب رهتے هیں *

## ۴ — سانڈني[3] سوار

کیا عُمدہ سانڈني هے ! کیسي بے تکان جارهي هے ! گردن تو دیکھو - کیسي پیچھے کو جُھکي هوئي هے - واہ واہ[4] ! جیسے مور ناچتا چلا جاتا هے * سانڈني کي کیا بات هے[5] ؟ ریت کے جنگلوں میں نہ یکّا چل سکتا هے نہ گاڑي - گھوڑے ٹٹّو بھي جي چھوڑ کر[6] بَیٹھ جاتے هیں اور گھنٹوں نہیں اُٹھتے وهاں چلنا اِسي کا کام هے * پھر چلنے والي بھي اَیسي کہ اچّھي سانڈني هو تو پچاس پچاس[7] کوس کا دھاوا[8] کرتي هے * یہ سانڈني سوار کہاں جاتا هے ؟ کوئي ضروري چیز لے چلا هوگا[9] * جہاں نہ ریل هے نہ ڈاک[10] - ریتلي زمین اور خراب رستے هیں - وهاں همیشہ سے سانڈني سوار هي چِٹّھي چپاتي[11] لے کر جایا[12] کرتے هیں - مہاجنوں کي هُنڈیاں - هزاروں[13]

---

1 To remain, or to be left, looking a fool.

2 *Khafā honā*, to be annoyed with.

3 *Sāndnī* is properly a female riding camel.

4 Astonishment in admiration, or encouragement.

5 What can one say in praise of—.

6 *Jī chhorṇā*, "to lose heart."

7 *Pachās pachās*, "as much as fifty."

8 *Dhāwā*, a forced march, a dash into.

9 *Le-chalā hogā* is "must have started with": better *le-jātā hogā*, "must be carrying."

10 *Ḍāk*, f., is any relay or *ḍāk*, *i.e.*, of men, horses, etc., etc.

11 *Chiṭṭhī chapātī*, "letters and so on"; meaningless appositive, *vide* Hind. Man., p. 170.

12 *Jāyā* not *gayā*, before *karnā* indicating "habit, etc."

13 Note this formative plural and *vide* Hind. Man., page 113 (*h*).

روپے - سیڈکڑوں اشرفیاں - بھاري بھاري [1] زیور اور جواھرات [2] لے جاتے ھیں - اور جوں کے توں پہنچا دیتے ھیں * اکثر راتوں [3] کو چلتے ھیں - دھوپ سے بچاؤ رھتا ھے - اندھیرے اندھیرے [4] نکل جاتے ھیں - اور ٹھنڈے ٹھنڈے [5] منزل اپر جا پہنچتے ھیں *

## ٥ — اونٹ لد رھا ھے

اناج [6] کي بوریاں نیچے دھري ھیں - اب اونٹ پر لادینگے * جب [7] لادتے ھیں تو بچارا مُنہہ پھاڑ پھاڑ کر [8] چلّاتا [9] ھے - کبھي گردن اُٹھاتا ھے - کبھي جُھکاتا ھے - شاید فریاد کرتا ھے کہ " ظالم ساربان ھمیں ناحق ستاتا [10] ھے " * یہ بھاگ کیوں نہیں جاتا ؟ بھاگے کیونکر ؟ گُھٹنا بندھا ھے * بعض اونٹوں پر اسباب نہیں لادتے - کجاوے باندھتے ھیں - اُن میں دونوں طرف بیٹھہ جاتے ھیں - بڑا آرام پاتے ھیں * چاھیں [11] لیٹیں چاھیں سوئیں - اونٹ سیدھا

1 *Bhārī bhārī* gives an idea of variety.

2 *Jauhar*, sing.: *jawāhir*, Ar. pl.: and *jawāhirāt*, a Hindustani double plural.

3 Note plural. *Rāt ko*, adv., "at night," might indicate one night.

4 While it is still dark.

5 *Ṭhanḍe ṭhanḍe* [*meṅ*], adv., while still cool.

6 *Anāj*, edible grain of any kind.

7 *Jab*, while.

8 *Muṅh phāṛ phāṛ kar*, "keeps on opening its mouth wide"; note force of reduplication; *muṅh-phaṭ*, adj., "offensive in speech."

9 *Chillānā*, to cry aloud, of animals or humans.

10 *Satānā*, oppress and also to tease.

11 *Chāheṅ—chāheṅ*—whether—or—: *lit.*, "if *they* like": note that this can only be used when the subject is 3rd pers. pl.; *chāho* is used in the 2nd pers. pl., and *chāhe* for the 3rd sing. *Vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

چلا جاتا ھے * قطار [1] میں اُونٹنیاں بھي ھوتي ھیں - اور اُن کے بچے بھي * بچّہ ماں کے پیچھے پیچھے چلا جاتا ھے - وہ بھي مُڑ مُڑ کر [2] مُحبّت کي نگاھوں سے دیکھتي جاتي ھے [3] - ذرا پیچھے رہ جاتا ھے تو بے چین ھو جاتي ھے * کیا کرے ؟ بے بس ھے - ٹھہر نہیں سکتي - قطار میں نکیل بندھي ھے * ریت کے مُلکوں میں اُونٹ بڑا کام دیتا ھے - ایک تو ریت میں خوب چلتا ھے - دوسرے وھاں پاني بہت کم ملتا ھے - یہي بِچارا ھے [4] کہ بن پاني کئي کئي [5] دن گذار دیتا ھے *

## ٦ — پنڈِت جي کي بہلي

کیا ھلکي بني ھے ! کتني [6] خوبصورت ھے ! رنگ بھي اچّھا پھرا ھے - کسي کاریگر نے بنائي ھے - اُجلا بِچھونا ھے - سفید پردے ھیں * ایک طرف کا پردہ چھوڑ رکھا [7] ھے کہ دھوپ نہ آئے - دوسرا اُلٹ دیا ھے کہ ھوا لگتي جائے [8] * بیل بھي اچّھے ھیں - ناگوري معلوم ھوتے ھیں * بہلي میں پنڈِت جي مہاراج بیٹھے ھیں *

---

[1] *Qaṭār*, f., is a file, *i.e.*, a line one behind the other; *ṣaff* f., is a line side by side.

[2] Keeps on looking back repeatedly.

[3] *Dekhtā jānā*, keep on looking. For this form of the verb (with *jānā*) when another action is going on at the same time, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

[4] "It is this poor beast alone that—."

[5] *Ka,ī ka,ī din*, "several days at a time (more than once in the journey)."

[6] *Kaisī* could be substituted for *kitnī*.

[7] *Chhoṛ-rakhā hai*: *rakhā* indicates "before hand," *vide* Phillott's Hindustani Manual, p. 86 (*d*).

[8] *Lagtī jā,e*, "continue to—all along"; *lagtī* is the Pres. Partic.

دیکھنا - دیکھو کیسا لپک [1] کر آیا ! بیلوں پر بھونکتا ھے - مگر یہ بے کھٹکے کھڑے ھیں * پہلے اس مُلک کے امیر رتھوں میں سوار ھوتے تھے - اور [2] آدمي بہلیوں میں بیٹھتے تھے - یہ اگلے وقتوں کي سواریاں ھیں - سہج سہج چلتي ھیں - ہچکولے بھي لگتے ھیں - جب سے بگّي اور ریل کا یہاں رواج ھوا اِن کي وہ [3] قدر نہ رھي * اب تو بنئیے مہاجنوں کے پاس دیکھي جاتي ھیں - یا براتوں میں کام آتي ھیں *

## ٧ — یکّے کي سواري

یکّا سرائے سے چلا ھے - ایک آدمي بیٹھ گیا - دوسرا اور آیا ھے - ایک گٹھري بغل میں ھے - دوسري ھاتھ میں * یکّے والے نے گھوڑا روک لیا [4] ھے - اب اِسے بٹھاکر چل دیگا [5] * رستے میں ایک دو آدمي اور ملینگے [6] تو اُنھیں بھي بٹھا لیگا * " میاں یکّے والے ! اس تھیلے میں کیا ھے " ؟ " حقّہ اور چلم ھے " * " مُسافروں کي جوتیاں کہاں رکھتے ھو " ؟ " وہ بھي اِسي میں رکھ لیتا ھوں " * " یہ سواریاں [7] کہاں لے جاؤگے " ؟ " میاں میرٹھ " * " کتني دور ھے " ؟ " چار کوس " * " ایک سواري

---

1 *Lapaknā*, to bound forward; also *lapak-kar chalnā* is to walk very fast.

2 *Aur* is here a pronominal adjective, not a conjunction: *vide* Hind. Man., p. 17 (c).

3 *Wuh*=the former, ancient.

4 *Rok-liyā*, "stopped for himself" but *rok-diyā*, "stopped another": *vide* Hind. Man., p. 80 (c).

5 *Chal-denā* (without *ne*), to start off in haste.

6 Note the Future in the Protasis (*sharṭ*) of the condition, as the Future is in the Apodosis (*jazā*): if the second verb were Imperative the first should be Aorist; *Agar rāste meṅ aur ādmī mileṅ to unheṅ bhī biṭhlā-lenā* (Inf. for Impera.): *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks."

7 *Sawārī* here=passenger.

کا کیا لیتے ہو ؟ ایک آنہ * روز کیا مل جاتا ہے ؟ دس بارہ آنے گھوڑے کا خرچ کیا ہے ؟ پان چھہ آنے روز - دو ڈھائی آنے کی گھاس - دو آنے کا دانہ [1] - دو ڈیڑھہ آنے کی نہاری * یہ گھوڑا کتنے کو لیا ہے ؟ چالیس روپے کو [2] * کیسا چلتا ہے ؟ خاصا [3] جاتا ہے - پکّی سڑک ہو تو دو پہر میں منزل پر پہنچا دیتا ہے * اِس کے گلے میں گھنگرو کیوں باندھے ہیں ؟ خوبصورتی کے لئے - اور ان کی آواز بھی بھلی معلوم ہوتی ہے * پنجاب میں یکّے کا رواج زیادہ ہے - یا بہلی کا [4] ؟ یکّے کا * صاحب ! غریبوں کے واسطے یہ سواری خاصی ہے - پر یہ ضرور ہے کہ ہچکولے [5] بہت لگتے ہیں *

## ۸ — راجہ صاحب کا ہاتھی

ذرا سنّا [6] - گھنٹوں [7] کی آواز آتی ہے - شاید کوئی ہاتھی آرہا ہے - چلو تماشا دیکھیں - ایلو ! وہ آیا - کیا جھومتا جھامتا [8] چلا آتا ہے ! اوہو ! کتنا بڑا ہاتھی ہے ! کیا لمبے لمبے [9] دانت ہیں ! اور

---

1 *Dāna*, any grain, but *vulg.* gram. *Ekkā*-ponies are always fed on gram.

2 Note the کو .

3 *Khāṣā* (m.), Urdu, "pretty good."

4 Note the کا .

5 *Hichkolā* jolting or a shaking backwards and forwards or from side to side, etc., as in a loosely made ekkā or on a camel. *Jhaṭkā* is a sudden jerk; also a jolt.

6 Infinitive for Imperative; polite.

7 A large bell or gong. *Ghanṭī*, small bell.

8 *Jhūmnā*, to sway (of branches, elephants, drunkards); 'to weave' (of horses).

9 *Lambe lambe*, repetition here merely indicates that there are *two*, plural.

اُن پر سُنہري چُوڑياں [1] کيا بہار ديتي هيں ! مستک [2] پر کلغي [3] لگي هے - دونو طرف گهنٹے لٹک رهے هيں - اِنهي سے ٹَن ٹَن [4] کي آواز نکلتي تهي * واه ! اوپر چاندي کا هَوده کَسا هوا هے - راجه صاحب اِسي ميں بيٹهتے هيں * يه بڑا اُونچا هے ! کيونکر چڑهتے هونگے [5] ؟ پہلو ميں سِيڑهي لٹکتي رهتي هے - مهاوت هاتهي کو بٹها ديتا هے * هاتهي اپنے مهاوت کا کہنا بہت مانتا هے - اشارے پر کام کرتا هے - اُٹهتا هے - بيٹهتا هے - چلتا هے - تهم جاتا هے * جب وه کهتا هے تو سُونڈ ماتهے پر رکهه کر راجه صاحب کو سلام بهي کرتا هے *

## ۹ — بگّي کا گهوڑا

بگّي کے واسطے يہه گهوڑا نکالا [6] جاتا هے - جب صاف هوجائيگا تو بگّي ميں جوتا جائيگا * پہلے کوچوان اِسے ميدان ميں لے گيا تها - لمبي سي رسّي لگام ميں باندهي تهي - اور خوب چکّر ديا تها * اب دهيما [7] هوگيا هے - گهسّے [8] ميں لگايا هے * جب گهوڑے کو پہلے روز جوتا تو بہت اُچهلا - کودا - اور گهبرايا که [9] " يه کيا بلا گلے بندهي ؟ "

---

1 *Chūṛī*, lit., bangle; here the brass bands on the tusks.

2 *Mastak*, forehead or skull; of elephants only.

3 *Kalghī*, any crest or plume on the head, natural or artificial.

4 *Ṭan ṭan*, "clanging"; but *ṭun ṭun*, "tinkling."

5 *Chaṛhte hoṅge*, "how will he be mounting?" This verbal form indicates that the Rajah has been in the habit of mounting. The Future *chaṛheṅge* might refer to future time only.

6 *Nikālnā*, to break in a horse.

7 *Dhīmā*, dim, slow, slight, not hot (of fire), quiet, subdued; *also* slow to anger.

8 Or *ghasīṭā*.

9 *Ki* = "saying that."

مگر کوچوان اُستاد هے - تهپک کر چمکار کر - پیار سے - دِلاسے سے سیدها کرلیا - ساري وحشت جاتي رهي [1] * دیکهو - اب خاصا کام دے رها هے - باگ کے اِشارے پر چلتا هے * کیسا اچها قدم اُٹهاتا هے ! کیا خوب دوڑتا [2] هے ! هاں جب کبهي شرارت کرتا هے تو چابک بهي [3] کهاتا هے * پڑهانے والے اُستاد بهي جب پهلے بچّوں کو پڑهنے پر لگاتے هیں تو اِسي طرح مَحبّت اور نرمي سے پیش آتے هیں - چند روز دِلاسے [4] سے بتایا [5] - آهسته آهسته بچّه چل نکلا [5] * اچّهے لڑکے یونهي لکهنے پڑهنے لگتے هیں - لیکن جو جي چُراتے هیں [6] وه سزا پاتے هیں *

## ۱۰ — نیزه بازي

یهاں کیا هو رها هے ؟ اِتني خِلقت [7] کیوں جمع هے ؟ آها ! نیزه بازي کے سامان [8] هیں - جبهي [9] لوگ قطار باندهے کهڑے هیں * آؤ - تماشا دیکهیں * بهائي ! قطار سے آگے نه بڑهنا - ایسا نه هو گهوڑے

---

1 *Jātā rahnā*, "to be lost, etc."; *vide* Hind. Man., page 86, end of (*b*).

2 *Dauṛnā*, more than a walk; either trot or gallop.

3 *Bhī* = in return.

4 *Dilāsā*, soothing, encouragement, consolation.

5 Note the Preterite for Present, to indicate a general rule and a rule to be copied.

*Chal-nikalnā*, "to improve (in an art)."

6 *Jī churānā*, to shirk (altogether, or to do work badly). *Churānā*, lit., "to steal." *Kām-chor*, "a shirker, skrimshanker."

7 *Khilqat*, f., "people"; *makhlūq*, f., "created living things"; *Khāliq*, "the Creator." These are all from the same Arabic root and are formed according to regular rules.

8 *Sāmān*, n., preparations; signs; luggage.

9 *Jabhī* (or *tabhī*), "and that's why."

کي جھپٹ [1] میں آجاؤ * دیکھنا - وہ سوار گھوڑا اُڑاۓ چلا آتا ھے - کیسا سرپٹ دوڑایا ھے ! سوار بھي پورا سوار ھے - کیا جما بیٹھا ھے ! ذرا نھیں ھِلتا * گھوڑا بھي نھایت تیز ھے - کیا تیر سا چلا آتا ھے ! دیکھو - اب میخ کے قریب آیا - گویا پیٹ زمین سے لگ گیا - اب سوار ایسا تاک کر [2] نیزہ لگائیگا کہ میخ صاف اُکھیڑ لے جائیگا - سب میں واہ وا کا غُل مچ [3] جائیگا * کاڑي کے سامنے وردي پھنے ایک صاحب کھڑے ھیں - یہ رسالے کے افسر ھیں - اِن کے ھاتھہ میں کتاب ھے - نام لکھہ رھے ھیں [4] * جو سوار جیتینگے اُنھیں اِنعام ملیگا * نیزہ بازي سپاہ گري کا ایک فن ھے - اِس میں دونو باتیں ھیں کھیل کا کھیل - ورزش کي ورزش [5] * یہ کرتب [6] رسالوں میں اکثر ھوا کرتا ھے [7] - کیوں نہ ھو ؟ اِنھي باتوں سے سپاھیوں کي چستي چالاکي بڑھتي ھے - اور وقت پر کام آتي ھے *

## ۱۱ — لوگ ناؤ میں بیٹھکر دریا سے پار اُتر رھے ھیں

آج دریا چڑھاؤ پر ھے - کہیں زور کا مینہ برسا ھے - کتنا بڑا

---

1 *Jhapatnā* is to pounce on (of tiger, kite, etc.); also to rush forward (in a military attack).

2 *Tāknā* (with *ko*), to gaze at, regard fixedly; *tāk-kar lagānā*, "to aim."

3 *Ghul* (*fitna* or *fasād*) and *dhūm machānā*.

4 Is writing now; note sense, *vide* Hind. Man., p. 85 (2).

5 The repetition here gives the idea of killing two birds with one stone: but *dūdh kā dūdh yā pānī kā pānī* means give either all milk or all water; do one thing or the other.

6 *Kartab*, m., also means *hunar*, m.

7 *Hū,ā kartā hai*; intransitive; *vide* Hind. Man., p. 71 (*a*).

پاٹ هوگیا هے [1] ! اب لوگ ناؤ بغیر نه اِدهر آسکتے هیں - نه اُدهر جاسکتے هیں * دیکهو - ناؤ اِدهر کے کنارے سے چلي - ملّاح [2] بلّیوں سے ناؤ کو چلاتے هیں - کیسي کهچا کهچ [3] بهري هوئي هے ! اب دریا کے بیچ میں ناؤ آگئي - ایلو ! ایکا ایکي [4] ناؤ والے چیخنے لگے * کیا هوا ؟ کهیں ناؤ ڈوبتي تو نهیں ؟ نهیں - جب ناؤ بیچ میں پهنچتي هے تو پاني کا زور بهت هوتا هے - ملّاح خوب زور لگاتے هیں - غُل مچاتے هیں - اور لوگ بهي اُن کے ساتهه چلّاتے هیں * لو ! اب ناؤ گهرے پاني سے نکل گئي - تهوڑي دیر میں کنارے پر جالگیگي * لوگ پهر گهبرائینگے - هر ایک یهي چاهیگا که " میں سب سے پهلے اُتروں " * مگر جلدي نهیں چاهئیے - ناؤ میں چڑهئیے سب سے پهلے - اُترئیے سب سے پیچهے *

## ۱۴ — دریا میں تیراک تیر رهے هیں

آؤ دریا کي سیر [5] کریں - او هو [6] ! کیا چڑها هؤا هے ! کسي نے مشک پهُلائي هے - چهاتي تلے دبائي هے - بهاؤ [7] پر چلا جاتا هے - تیراک وهي هے جس کو کسي چیز کي ضرورت نهیں - اپنے هاتهه پاؤں کے بل [8] پر تیرتا هے * تیرنا بهت اچّها هُنر هے - کبهي ناؤ نهیں

---

1 *Ho-gayā hai* more forcible than *hū,ā hai.*

2 *Mallāḥ*, Muslim boatman. *Mānjhī*, Hindu only.

3 *Khachākhach*, adv., "crammed"; the subject to *hai* is *nā,o.*

4 *Ek-ā-ekī*, vulg. for *Yak-ā-yak.*

5 *Sair*, f., gives an idea of walking as well as of amusement and looking at.

6 Exclamation of surprise.

7 *Bahā,o*, the current or flow; opp. to *charhā,o.*

8 *Hāth pā,oṅ ke bal*, by the aid of—: but *billī pā,oṅ ke bal chaltī hai*, "the cat walks on its feet (*i.e.*, not on its claws but on its pads)."

ملتي تیراک چار [1] هاتهه مارتا هے اور پار جا کهڑا هوتا هے * کبهي ناؤ ڈوب جاتي هے تو بڑي مُصيبت آتي هے - جو تیرنا نهیں جانتے اُن کي جانیں جاتی هیں - تیراک تیر کر آپ نکل جاتے هیں - اور ایک دو کو بچا بهي لاتے هیں * یه بهي ایک قسم کي ورزش هے - اِس سے کهانا پچتا هے - بدن هلکا رهتا هے * آؤ هم تم دونو تیریں - دیکهیں " دور تک کون تیرتا هے " ؟ بهائي ! گهاٹ کے آس پاس تیرنا اچّها هے - اور ایسا تیرنا کچهه نهیں که پاني کي مچهلي بن [2] جائے - پهروں پاني میں پڑا رهے - دَم ٹوٹ جائے تو غوطے کهائے - بهنور میں آجائے تو ڈوب جائے *

## ۱۴ — پهلوان کُشتی لڑ رهے هیں

اکهاڑے کے آس پاس تماشا دیکهنے والے جمع هیں - مُگدروں کي جوڑي رکهي [3] هے - وه دو پهلوان اُترے [4] - کپڑے اُتار ڈالے - لنگوٹے کس لیئے * کیا ڈیل ڈول هیں ! گویا سانچے میں ڈهلے هیں * کیا بدن هیں ! که شیشے کي طرح چمک رهے هیں * ورزش [5] عجب چیز هے - آدمي تندرست رهتا هے - بدن خوبصورت نکل آتا [6] هے - بهوک خوب لگتي هے - جو کهاؤ هضم هوجاتا هے - هاتهه پاؤں میں

---

[1] *Chār* = a few.

[2] The subject is *ādmī* or " one " understood.

[3] ***Rakhī hai***, i.e., ***rakhī hū,ī hai.***

[4] The arena is lower than the surrounding platform.

[5] ***Warzish***, f., is any bodily exercise or gymnastic exercise ; includes wrestling ; sword-play and even riding.

[6] ***Nikal ātā hai***, comes out, turns out, becomes.

پھرتي آتي هے - خواه مخواه [1] زور کرنے کو دل چاهتا هے * لو [2] !
وه دونو خم ٹھوک کر [3] آمنے سامنے آئے - وه [4] هاتھه ملائے [5] - کبھي وه
دھکیل [6] کر هٹاتا هے - کبھي یه ریل کر [7] لے جاتا هے * هر ایک اِسي
فکر میں هے که موقع بنے تو ایسا پیچ کرے که دوسرا چاروں شانے
چت گرے [8] * کُشتي صاف هوئي اور کچھه جھگڑا نه رها تو
لوگ تالیاں بجائینگے * جو میاں پچھاڑینگے [9] وه پھُولے نه
سمائینگے * جو پچھڑینگے [9] وه شرم کے مارے سر نه اُٹھائینگے *

## ۱۴ — درزي کپڑے سي رها هے

یه بڑا کاریگر هے - کپڑا ایسا اچّھا کترتا [10] هے که بدن پر ٹھیک
آجاتا هے - کہیں جھول [11] نہیں رهتا - سیتا بھي نہایت عمده هے -
بڑا باریک بخیه کرتا هے * یه اور خوبي هے که ذرا سي بھي
کترن [12] بچتي هے تو پھیر دیتا هے - اِنهي باتوں سے یه مشهور هے * دکان

---

1 *Khwāh ma-khwāh*, perforce.

2 Look.

3 *Kham ṭhoknā* is to slap the biceps as wrestlers do to show they are ready; hence *kham ṭhok-kar khaṛā ho-jānā* means metaphorically to come out and challenge.

4 *Wuh* means "there"; it is an adverb.

5 Wrestlers shake hands before actually beginning.

6 *Dhakelnā* is to push or shoulder anyhow.

7 *Relnā* is to drive with the head.

8 *Chit*, adv., on the back: *chāroṅ shāne* [*par*] means all four corners of the back. In direct narration.

9 *Pachhaṛnā*, intr., to be thrown (on the back) in wrestling: *pachhāṛnā*, tr.: also metaphorically "to be defeated, defeat." Pl. of respect.

10 *Katarnā*, to cut with scissors.

11 *Jhol*, "bagging": *shikan*, f., or *silwaṭ*, f., a wrinkle, fold.

12 *Katran*, f., the remnant after cutting out a suit.

میں کپڑوں کا ڈھیر لگا رہتا ہے - اکیلے سے [1] کام نہیں نبڑتا [2] * شاگرد بٹھا رکھے [3] ہیں - آپ بھی سیتا ہے - اُن سے بھی کام لیتا ہے - غریب عورتوں کو بھی دے آتا ہے [4] * میاں درزی ! تم کپڑا تو خوب سیتے ہو لیکن دیر بہت لگاتے ہو - دو دن کا وعدہ کرتے ہو - آٹھ دن میں دیتے ہو * صاحب کیا کروں ؟ کام بہت - سینے والے تھوڑے - اپنی طرف سے تو بہتیری کوشش کرتا ہوں پر دیر ہو ہی [5] جاتی ہے *

## ۱۵ — آرہ کش لکڑیاں چیر [6] رہے ہیں

کیسی سخت لکڑی ہے ! اِس میں آرہ کم چلتا ہے - بُرادہ [7] بھی تھوڑا نکلتا ہے * آرہ کشو ! یہ کیا لکڑی ہے ؟ سال ہے - صاحب ! صُبح سے اب تک پانچ چار ہی تختے چیرے ہیں - اور ہاتھ رہ گئے ہیں [8] * یہ لکڑی کس کام آتی ہے ؟ تختے - کڑیاں [9] چوکیاں اکثر بنتی ہیں * یہاں اور کیا کیا لکڑی ہے [10] ؟ شیشم - دیار - اِن میں شیشم سب سے زیادہ مضبوط اور قیمتی ہے - اِس کی کُرسیاں - صندوقچے -

---

1 *Akele se* for *us akele ādmī se*, by himself alone.

2 *Nibaṛnā*, intr., to be finished, accomplished; also to be used up and so come to an end.

3 *Biṭhā rakhnā*, meaning of both verbs retained. Applied to girls it means 'to keep them at home unmarried.'

4 *De ātā hai* = goes and gives.

5 *Hī* here = *khwāh ma-khwāh*, "as a matter of course."

6 *Chīrnā*, to saw or to split slowly.

7 *Burāda*, "saw-dust or filings."

8 *Hāth* (or *pā,oṅ*) *rah-jānā*, to be completely tired.

9 *Kaṛī*, small cross-beams, called also *ballī* (pole).

10 Note the sing. after *kyā kyā*. *Vide* p. 21, note 5.

صندوقچیاں بہت بنتي هیں - پر اِس کثرت سے نہیں هوتي که
تختوں یا کڑیوں کے کام آئے * پنجاب میں دیار کي لکڑي اکثر خرچ
هوتي هے - اِسے گُھن نہیں لگتا - سستي بِکتي هے - اِس لیئے عمارتوں
میں بہت لگتي هے - ریل کے کارخانوں میں بہت کام (میں) آتي
هے - صندوق [1] - الماریاں - چیزیں کثرت سے بنتي هیں - صاحب !
بات تو یه هے که دُنیا میں لکڑي سے بڑے بڑے [2] کام نکلتے هیں -
اور خاص کر هم تو اسي کي بدولت [3] ٹُکڑا [4] کھاتے هیں *

## ١٦ — مچھلي والے مچھلیاں پکڑتے هیں

دریا میں جال پڑا هے - تین آدمي کھینچ رهے هیں - معلوم هوتا هے
بہت سي مچھلیاں آئي هیں * دیکھنا - کیا [5] جان پیاري هے !
کیسي گھبرا رهي هیں ! نکلنے کا رسته ڈھونڈتي هیں - اُچھلتي هیں -
کودتي هیں - جال کے پھندوں میں پھنستي هیں - پر کیا کریں ؟
جال تو ایسي چیز نہیں جس سے چھٹکارا هوسکے * اب انہیں بازاروں
میں لے جائینگے - گلي کوچوں میں بیچتے پھرینگے * مچھلیاں پکڑنے
کي اور بھي ترکیبیں هیں ؟ هاں بہتیري هیں - کئي طرح کے

---

[1] *Ṣandūq* (= *peṭī*) a large chest; *ṣandūqcha*, about the size of a desk; *ṣandūqchī*, a small casket. *Ḍibbā* is smaller again than *ṣandūqchī*, while *ḍibiyā* means a box about the size of a match box.

[2] Very many.

[3] *Ba-daulat*, "by means of"; only of good things—except ironically.

[4] *Ṭukṛā*, "piece, morsel; a bit of bread: livelihood."

[5] *Kyā* = *kaisī*; i.e., *jān kaisī piyārī*

جال هیں - تھوڑے پانی میں ٹوکروں[1] سے کام لیتے ہیں - بعض شوقین بنسیوں سے پکڑتے ہیں * وہ کیا چیز ہے؟ بانس کی ایک پتلی سی چھڑ ہوتی ہے - ایک سِرا موٹا - دوسرا پتلا - پتلی طرف ڈور کا ایک سرا بندھا ہوا - ڈور کے دوسرے سرے میں کانٹا * شکاری شکار کھیلتے وقت کانٹے میں آٹے کی گولی یا گوشت کا ذرا سا ٹکڑا لگا دیتے ہیں * کانٹا مچھلی کے حلق میں چبھہ[2] جاتا ہے - بیچاری بے بس ہو جاتی ہے - اور ناچار شکاری کے بس میں آجاتی ہے *

## ۱۷ — گھوڑے کے نعل بندھہ رہے ہیں

ایک سائیس باگ ڈور پکڑے کھڑا ہے - نعلبند سُم تراش رہا ہے * ایک لڑکا پاس آکر تماشا دیکھنے لگا - اِس نے کبھی نعل بندھتے نہیں دیکھے[3] - حیران ہوکر پوچھتا ہے کہ "یہ کیا کررہے ہو؟ اِس کا پاؤں کیوں کاٹ ڈالتے ہو؟" نعلبند کہتا ہے - "میاں! پاؤں نہیں کاٹتے - سُم تراش رہے ہیں - نعل جڑینگے[4] - اِن سے بڑا بچاؤ ہے - کنکر پتّھر پاؤں میں نہیں چبھتے[2] - گھوڑا آرام سے رہتا ہے - دوڑ دھوپ[5] خوب کرتا ہے" * "بھلا یہ تو بتاؤ - تراشنے سے دُکھہ نہیں ہوتا؟" "میاں! دُکھہ تو جب ہو کہ اس کے کچّے سُم تراشیں - ہم تو پکّے سُم تراشتے ہیں - اسی طرح نائی تمہارے ناخُن کاٹتا ہے" *

---

[1] *Ṭokrā*, m., a large basket; *ṭokrī*, f., a small one.
[2] *Chubhnā*, to pierce *not deeply*, to prick, etc.; also used of a lancet.
[3] Plural as *na'l* (*bandhte*) is plural.
[4] *Jaṛnā*, implant, imbed (by force).
[5] *Dauṛ dhūp*, "running about in the sun, *i.e.*, hard work *with* running about.

" اوهو[1] ! کیسي لمبي لمبي کیلیں لگاتے هو ! اِن سے لهو نهیں نکل آتا ؟ " " میاں ! پکّے سُموں میں لگتي هیں - کچّے سموں میں لگیں تو خون نکلے " * " یه گهوڑا تین پاؤں سے چُپکا کهڑا هے - اپنا پاؤں کیوں نهیں چهڑا لیتا ؟ " " بڑا غریب هے - ابهی کوئي شریر گهوڑا هوتا تو دیکهتے کیسا اُچهلتا - کودتا - دُلتّیاں[2] چلاتا - اور مُشکل سے قابو میں آتا " *

## ۱۸ — بنئیے کي دُکان

بنیا ترازو لیئے سودا تول رها هے - سامنے گاهک کهڑے هیں * کیا بڑي دکان هے ! هر ایک سودا موجود هے - جو چیز هے کهري هے * دال - چاول اور آٹے کے تودے کیسے چوٹي دار[3] بهرے هوئے هیں * آؤ اسي دکان سے سودا لیں * " لاله[4] جي ! دو روپے کا گهي دو - روپے کا آٹا " * " لیجئیے " * " کیا بهاؤ دو گے ؟ " " گهي روپے کا سوا سیر - آٹا پندره سیر " * " کچهه زیاده دو " * " فرق[5] نهیں هے - جهاں چاهئیے پوچهه لیجئیے " * " اچّها - تول دو " * یه بڑا هوشیار دُکاندار هے - خریداروں کي گنتي هي بهیڑ هو[6] ذرا نهیں گهبراتا - دم بهر میں سب کو چُکا دیتا[7] هے * اس کے مَیلے کُچیلے کپڑوں پر نه جانا -

---

1 *Oho*! hullo! (for astonishment).

2 *Dulattī mārnā* or *chalānā*, to let fly with both hind legs. *Lāt mārnā*, to kick with *one* leg.

3 Piled up, *i.e.*, in the shape of the summit (*choṭī*) of a hill. *Choṭī* is also a chignon, a Chinaman's pig-tail, or the top-knot of a Hindu man, or the crest of a bird.

4 *Lāla* is a term of address to certain trading Hindus, or Hindu clerks. This word has many significations.

5 *i.e.*, there is no difference between my charges and the *nirkh*.

6 *Hind. Man.*, p. 179 (*b*).

7 *Chukā-denā* = *de-chuknā*, "to finish giving."

بڑا مالدار هے - هزاروں روپے کا اناج هر سال لیتا هے * چھوٹا موٹا لشکر[1] آترے تو اکیلا هي رسد دے سکتا هے * بڑي بڑي حویلیاں[2] کھڑي هیں - دکانیں کرائے پر چلتي هیں *

## ١٩ — دھوبي کپڑے دھو رھا ھے

بڑي محنت کرتا هے - شام کو بھٹّي چڑھاتا[3] هے - صُبح بَیل پر لادي لادتا هے اور گھاٹ کا رسته لیتا هے * کبھي نالے پر دھوتا هے کبھي دریا پر * جاڑا هو تو سردي ستاتي هے - گرمي هو تو دھوپ جلاتي هے * دیکھو - دو پہر هونے آئي[4] - اب تک پاني میں کھڑا هے - کپڑے چھانٹ رها هے * دیکھنا - دھوبن روٹي لائي هے * چھوٹا بیٹا کھلواڑ هے - بھوک کي پروا نہیں - کنکّوا[5] اُڑا رها هے * "میاں[6] دھوبي ! تمھارا گھر کہاں هے ؟" "صاحب ! وہ[7] سامنے گاؤں نظر آتا هے - وهاں رهتا هوں" * "وہ تمھارا بیل هے ؟" "هاں" * "کتنے کو لیا ؟" "پندرہ روپے کو[8]" * "دیکھنا - کتّا تاک لگائے[9] بیٹھا هے - کہیں روٹي نه اُٹھا لے جائے ؟" "صاحب ! یه چوٹّا[10] نہیں - یه تو همارا چوکیدار هے -

---

1 Quite a small army.

2 *Ḥawelī*, mansion; hence *zanāna*-quarters; hence wife. *Baṛī baṛī*, many, large.

3 i.e., *bhaṭṭī par*. *Bhaṭṭī* is a small furnace, for washermen, wine-distillers, etc. *Bhaṭṭā*, a large furnace (for baking bricks, etc., etc.).

4 *Lit.*, " has come to be "; *i.e.*, ' it is nearly.'

5 *Kan-kawwā*, m., a kite of the ordinary shape.

6 *Miyāṅ;* this word shows that the *dhobī* is a Muslim.

7 *Wuh*, adv., " there."

8 Note the کو.

9 *Tāk lagānā*, " to watch for an enemy or for prey."

10 *Choṭṭā*, pilferer, petty thief. *Chor* is a big thief, or a professional.

دیکھئیے - امیروں کے کپڑے میداں میں پھیلے پڑے ھیں - کیا مجال کوئي پاس تو[1] آجائے ؟ " " میاں دھوبي ! تمھارا کام بہت اچّھا ھے - مَیل کُچیل سے پاک صاف کرتے ھو - اُجلے کپڑے پِنھاتے ھو * "

## ۲۰ — صُبح کي ھوا خوري

صبح کا وقت ھے - جي خوش ھے - آؤ ذرا باغ[2] چلیں - ھوا کھائیں * آھا[3] ! کیا ٹھنڈي ٹھنڈي[4] ھوا چل رھي ھے ! رنگ برنگ کے پھول کِھلے[5] ھوئے ھیں - آتے ھي دل باغ باغ ھوگیا[6] * ذرا سبزي کو دیکھنا - کیا آنکھوں میں ٹھنڈک آتي ھے ! ھري ھري[7] گھاس کیا ھے ؟ سبز مخمل کا فرش بچھ رھا[8] ھے * اُس پر اوس کے قطرے پڑے ھیں - گویا مخمل پر موتي جڑے[9] ھیں * درختوں پر کچھ اور ھي بہار[10] ھے - کسي میں پھول آیا ھے - کسي میں پھل لگا ھے * ڈالیاں جھوم[11] رھي ھیں - کُواں چل رھا ھے * " یہ مالي کیا کرتا ھے " ؟ " پَودا[12] لگاتا ھے " * " چلو سیر

---

1 *Pās to* = " even near."

2 *Ko* or *meṅ* understood.

3 *Āhā*! for admiration.

4 " Nice and cool." Note the force of the repetition.

5 *Khilnā*, intr., " to open, expand, bloom (of flowers) " ; but *khulnā*, intr., " to be opened, etc."

6 *Bāgh bāgh honā*, " to be delighted."

7 Nice green. *Kyā* signifies " Is it—nay rather it is—" : *vide* " Hind. Man.," p. 24 (c).

8 *Bichh-rahā hai*, " is lying spread " = *bichhā hū,ā hai*.

9 Embedded.

10 *Bahār*, f., shining, and hence bloom, delight, a beautiful view, etc., etc.

11 *Jhūmnā*, to sway (of elephants, drunkards, trees in the wind) ; also " to weave = (of horses)."

12 *Paudā*, m., any young plant.

دیکھیں " * " بڑے میاں[1] ! یہ پودا کہاں سے لائے ہو ؟ " " صاحب زادے[2] ! بادشاهي باغ سے لایا هوں " * " یهه بیج کتنے دنوں میں جم[3] جائیگا ؟ " " جلدي پهوٹ آئیگا " * " گهڑے میں کیا هے ؟ " " پاني هے " * " کیا کروگے ؟ " " پودے میں دونگا اس سے جلدي هرا بهرا[4] هو جائیگا " *

## ۲۱ — اُونٹ

" آؤ تمهیں ایک تصویر دکهائیں - بتاؤ اِس میں کیا کیا چیزیں[5] هیں ؟ " " سِرس کا درخت هے جسے پنجاب میں سرِیں کہتے هیں - اِس درخت کي جڑ میں ایک ساربان بیٹّها هے - سامنے حقّه دهرا هے - ایک اور ساربان کهڑا هے - اُس کي پِیٹّهه دکهائي دیتي هے " * " اُونٹ کے هیں ؟ " " سات هیں - ایک اِدهر کو پیٹّهه موڑے بیٹّها هے - ایک کے مُنهه سے رسّي بندهي هے - ایک نے ٹهوڑي توڑي هے - پتّے کها رها هے - ساربانوں کے پیچهے کي طرف ایک اُونٹ کهڑا هے - اور ایک بیٹّها هے - دائیں طرف کو ایک سر جهکائے گهاس کها رها هے ایک اُس کے پاس بیٹّها هے جهاں چهوٹے چهوٹے دو درخت نظر آتے هیں * ایک طرف کو اُونٹوں کا اسباب بهي پڑا هے *

---

[1] *Baṛe miyāṅ*, a polite form of addressing an old man (Muslim): do not say *buḍḍhā*, which is rude.

[2] *Ṣāḥib-zāda*, a polite term for son of a gentleman; instead of *beṭā*.

[3] *Jamnā*, to germinate; to take root; to become set; to curdle, congeal, be frozen; to be collected; to be firmly seated, sit tight (on a horse).

[4] Meaningless appositive: *vide* "Hind. Man.," p. 170 (*c*).

[5] Note plural and *vide* p. 15, note 10.

اُونٹ کي صورت ديکھي ؟ کيسي نِرالي [1] وضع [2] کي هے ! چھوٹا سا سر - ٹانگيں اور گردن لمبي اور پتلي - بيچ ميں سے پيٹھ اونچي * جبهي يه مَثَل مشهور هے - " اُونٹ رے اُونٹ تيري کون [3] سي کل سيدهي ؟ " ليکن سوچو تو کوئي چيز فائدے سے خالي نهيں * ديکھو - لمبي گردن نه هوتي تو زمين پر کيونکر چرتا ؟ پاني کيونکر پيتا ؟ ٹانگيں چھوٹي هوتيں تو درختوں کے پتّے کيونکر کھاتا ؟ گھوڑا لگام سے قابو ميں رهتا هے - يه نکيل سے * ديکھو - ايک پتلي سي رسّي ناک ميں پڑي هے - اور اِتنا بڑا جانور بے بس هے *

يه اصل ميں اُن ملکوں کا جانور هے جهاں ريت زياده هوتي هے اور پاني کم - اِسي ليئے خدا نے اِس کا جسم ويسا هي بنايا هے * ديکھو پلکيں بھاري بھاري [4] هيں اور لٹکي هوئي - اِن سے آنکھوں کا بڑا بچاؤ هے * گرميوں ميں ريگستان کے اندر دهوپ بڑي تيز پڑتي هے - يهي پپوٹے دهوپ کي تيزي سے بِچارے کي آنکھيں بچاتے هيں * نتھنے ايسے هيں جب چاهے بند کرلے - اِن سے بڑا آرام هے * ريگستان ميں بڑے زور شور کي آندهياں [5] آتي هيں - ريت کے ڈهير کے ڈهير ايک طرف سے اُڑتے هيں - دوسري طرف جا پڑتے هيں * يه غريب نتھنے بند کر ليتا هے - اور اِس

---

1 Strange, novel. *Anokhā*, odd, peculiar, and hence strange.
2 *Waẓa‘*, pattern, kind, mode, fashion.
3 For *kaun* (not inflected), *vide* "Hind. Man.", p. 99 (*d*).
4 *Bhārī bhārī* indicates the two, plural.
5 *Āṅdhī*, any storm, but especially a dust-storm.

دُکھہ سے بَچا رهتا هے * لمبے لمبے هونٹ هیں - ان میں اتني طاقت هے که جھاڑیوں کي ٹہنیاں آساني سے توڑ لیتا[1] هے * اُوپر کا هونٹ پھٹا هوا هے - کوئي چیز پکڑني هو تو اُس سے پکڑ سکتا هے * خدا نے مُنہہ ایسا بنایا هے که جھاڑیوں کے کانٹے ذرا نہیں چُبھتے * کانٹوں دار جھاڑیاں بہت بھاتي[2] هیں جو ریگستان میں اکثر هؤا کرتي هیں * گھاس - درختوں کے پتّے -[3] کڑوے هوں یا کسیلے[4] - غرض جو سامنے آجائے وهي اِس کا چارا هے * خدا نے پیٹ ایسا بنایا هے که بہت سا پاني ایک بار پي لیتا هے تو پان چھہ دن کو کافي هوتا هے *

اِس کي پیٹھہ پر چربي کا ایک بے ڈول سا تودہ هے - اِسے کوهان کہتے هیں - اِس میں یه عجیب بات هے که جب اُونٹ کو کئي کئي[5] دن کھانا نہیں ملتا تو یه چربي پِگھلتي هے - اور اُس کي غِذا[6] بنتي هے * غور سے دیکھو تو اُس کے پاؤں میں دو اُنگلیاں معلوم هوتي هیں - اور اُن پر ناخن هوتے هیں * پاؤں خوب چوڑا هوتا هے - اور نیچے کي طرف سے نرم اور لچکدار[7] جیسے بلّي کي گدّي * یهي باعث هے که ریت پر اچھي طرح

---

[1] *Toṛ-lenā*, break for *itself : vide* Hind. Man., p. 80 (*c*).
[2] *Kisī ko bhānā*, to be pleasing to.
[3] *Khwāh* understood.
[4] *Kaselā*, astringent.
[5] Several days at a time.
[6] *Ghiẕā*, f., nutriment; also the special food of any animal: *chūhā billī kī ghiẕā hai*, "cats live on rats."
[7] Springy.

هیں * بچّے اُنہیں پیار کرتے هیں - اُن سے کھیلتے هیں * وہ بچّوں سے کھیلتے هیں * کیا مجال کہ کسي کو دُکھہ دیں [1] ؟ *

گھوڑا سمجھہ دار جانور هے - اپنے تھان کو پہچانتا هے - اپنے آقا کو جانتا هے - بلکہ جِس رستے ایک دو دفعہ جائے اُسے بھي نہیں بھولتا *

ایک گھوڑي کسي گاؤں میں تھي * اور اپنے بچے کو لیئے جنگل میں چرا کرتي تھي * ایک دن دَوڑي دَوڑي [2] مالک کے گھر آئي - هنهنانے لگي - معلوم هوتا تھا کہ کُچھہ بے چین هے * مالک سمجھا کہ ضرور کُچھہ نہ کُچھہ صدمہ اُس پر هوا * گھوڑي هنهناتي هوئي پھر بھاگي * مالک بھي اُس کے پیچھے پیچھے چلا * ایک نالا پاس تھا - [3] وهاں آئي تو معلوم هوا کہ اُس کا بچّہ اُس میں گر پڑا هے - اور نکل نہیں سکتا * مالک نے آدمیوں کو بُلا کر اُسے نکلوایا - اور گھوڑي کو بہت پیار کیا *

اس میں خوبي یہ هے کہ جس طرح سَدھاؤ [4] سیکھہ جاتا هے * رِسالوں اور توپخانوں میں گھوڑے آدمیوں کي طرح بِگل کي آواز سمجھتے هیں - قواعد میں کبھي سوار گر پڑتے هیں تو خالي گھوڑے اُسي طرح کام دیئے [5] جاتے هیں - بِگل کي آواز

---

[1] **Note idiom.**

[2] **Past partic.; for *daurī hū,ī*; the repetition signifies running the whole way, all along.**

[3] ***Jab*, understood.**

[4] ***Sadhānā*, to train, and also to tame.**

[5] ***Diye–jānā*; this compound with *jānā* signifies continuous action: *vide* "Hindustani Stumbling Blocks," p. 83 (4).**

پر دائیں - بائیں - آگے - پیچھے بڑھتے هیں هٹتے هیں * جب رِساله پِھر کر [1] آتا هے تو وه بهي آتے هیں - اور اپنے تهان پر کهڑے هو جاتے هیں *

کہتے هیں که لڑائي میں ایک رِسالے کا بِگل بجانے والا گهوڑے پر سے گر پڑا - اور اُس کا گهوڑا کسي طرح دشمن کي فوج میں جا پڑا [2] * وهاں ایک اور سپاهي نے اُسے پکڑ لیا - اور سوار هوکر میدان میں لڑنے آیا * بِگل والے نے دُور سے دیکهه کر پهچان لیا - اور اپنے بِگل میں بلانے کي آواز دي * گهوڑا سُنتے هي آواز پر دَوڑا - اور اُس سوار سمیت اپنے لشکر میں چلا آیا *

ایک توپ خانے میں گهوڑوں کي ایک جوڑي ساتهه جُتا کرتي تهي [3] * ایک دن توپ خانه لڑائي پر گیا - اور ایک گهوڑا مارا گیا - دوسرا جیتا پهر آیا * جب لا کر باندها تو وه اکیلا اِدهر اُدهر دیکهتا رها - جیسے کسي کو ڈهونڈتا هے * یه گهوڑا اپني جوڑي کے ساتهه دانه کهایا کرتا تها * جب دانه سامنے لاکر رکها [4] تو اُس پر بهي مُنهه نه ڈالا * ایک اور گهوڑے کو پاس لاکر کهڑا کیا - پهر بهي نه کهایا - یُوں هي بُهوکا پیاسا کهڑا رها * آخر تین دن کے بعد مرگیا *

گهوڑا کیسا هي تهکا مانده هو سواري سے نهیں هٹتا - اور گرمي کي شدّت میں همّت نهیں هارتا [5] - جِس طرح هو

---

[1] *Phir-kar ānā*, to return; but *pherā karke ānā*, to wheel about.

[2] Happened to join.

[3] Note this use of *karnā* and also that it is intransitive: *yih bāt hamesha hū,ā kī*, "this always used to happen."

[4] *Unhoṅ ne*, understood.

[5] *Himmat hārnā*, "to lose heart"; *vide* note 4, p. ۲۵

منزل پر پہنچا هي [1] دیتا هے * سواروں [2] پر اکثر وقت پڑے هیں که گھوڑا اُڑا کر بھاگے هیں - اِس وفادار نے اُنہیں ٹھکا نے پر پہنچایا هے اور خود پہنچتے هي مرگیا هے * ایسي صورت وهاں هوتي هے جہاں سوار کي جان هي پر [3] آبنے - نہیں تو ایسا بے رحم کون هوگا جو بے زبان جانور سے ایسي سخت محنت لے ؟

## ۳۳ — هاتھي

سڑک پر کئي آدمي [4] جارهے هیں - ایک عورت هے - اُس کے سر پر ٹوکرا هے * هاتھي سونڈ اُٹھاکر پاني پھینک رهاهے * درزي بالا خانے پر بیٹھا کام کر رهاهے - اُس کے مُنھه پر پاني پڑ رها هے - غریب نے دونو هاتھه مُنھه کے سامنے کرلیئے هیں - لیکن پاني کب رُک سکتا هے ؟ بچارا سارا بھیگ گیا هے * قینچي سے کُچھه کترتا تھا - وه هاتھه سے چھٹ گئي هے * آؤ اس هاتھي اور درزي کي کہاني سنائیں :—

کہتے هیں - کسي امیر کا ایک بہت پیارا هاتھي تھا - مہاوت روز دریا پر نہلانے لے جایا کرتا تھا - رستے میں ایک درزي کي دُکان تھي * ایک دن هاتھي نے دُکان میں سونڈ ڈالي - درزي روٹي کھا رها تھا - ایک روٹي اُس کي سونڈ میں دے دي * هاتھي روٹي لے کر چلا گیا * جب دوسرے دن اُدھر آیا تو پھر سونڈ بڑھائي *

---

[1] *Pahuṅchā hī detā hai* = succeeds in—. *Pahuṅchā-chhoṛtā hai* would give the same idea: *vide* "Hind. Man.," p. 87 (*e*).

[2] Note the plural, where the English idiom is the singular.

[3] *Bāt*, understood.

[4] *Ādmī*, people, not men.

درزي کو بهي خيال تها - اُس نے کُچهه روٹي رکهه چهوڑي [1] تهي
وُہ دے دي * اِسي طرح دونو کي دوستي هوگئي * جب هاتهي
آتا اور سُونڈ ڈالتا - کبهي درزي روٹي ديتا کبهي ترکاري - کبهي
ميوه - هاتهي خوشي خوشي [2] لے کر چلا جاتا * ايک دن درزي
کچهه خفا بيٹها تها - هاتهي نے آکر سُونڈ ڈالي - درزي نے اُس
ميں سُوئي چُبهودي * هاتهي نے جلدي سے سُونڈ کهينچ لي -
اور چُپکا چلا گيا * جب دريا پر سے پهرنے لگا تو بهت سا کيچڑ پاني
سُونڈ ميں بهر ليا * دکان کے پاس آيا تو سُونڈ اُٹها کر درزي پر سب
ڈال ديا * درزي کيچڑ ميں بهرگيا - اچّهے اچّهے کپڑے سيئے جاتے [3]
تهے وُہ بهي خراب هوگئے * هاتهي جُهومتا جهامتا [4] چلا گيا - درزي
اپنا سا مُنهه لے کر رہ گيا [5] *

خُدا کي قُدرت ديکهو - کيا ڈيل ڈَول هے - اور کيسا بهدّي شکل
کا جانور هے - پهر بهي پهرتي ميں کُچهه کم نهيں * آدمي کي طرح
اِشارے سمجهتا هے * بهادري کا يه حال هے که شير سے لڑتا هے - جب
چِنگهاڑ مارتا هے تو شير کا دل دهل [6] جاتا هے * اس کا سر تو
ديکهو - جيسے دو تربوز مِلاکر دهر ديئے [7] هيں - آنکهيں بهت چهوٹي

---

1 *Rakh-chhoṛnā*, to put aside, against, beforehand. *Vide* "Hind. Man.," pp. 87 (*e*), 94 (*d*).

2 *Se*, understood.

3 Passive.

4 *Jhūmtā jhāmtā* gives an idea of continuation, meaningless appositive.

5 Note the idiom. The durzi was left looking

6 *Dahalnā*, to be terrified; more than *ḍarnā*.

7 *Lit.*, "they having joined together two water-melons have placed them—."

چھوٹي [1] ھیں - دیکھتا کم ھے - مگر سُنتا بہت ھے - دُور سے آھٹ پاتا ھے تو جھٹ چوکنّا ھو جاتا ھے *

اِس کے دانت لمبے اور خُوبصورت ھوتے ھیں - برس کے برس [2] - کبھي تیسرے چوتھے برس - اِنھیں کاٹ ڈالتے ھیں - وہ پھر نِکل آتے ھیں * ھاتھي دانت سے جو چیزیں بنتي ھیں تم نے دیکھي ھونگي * کیا خُوبصورت ھوتي ھیں ! اکثر نروں کے ایسے دانت ھوتے ھیں * اِن دانتوں کے سِوا ھاتھي کے مُنھہ میں اور بھي دانت ھیں - اُن سے اپني خوراک کھاتا ھے - اس لیئے یہ مَثَل مشھور ھے - " ھاتھي کے دانت کھانے کے اور دِکھانے کے اور " * یہ مثل وھاں بولتے ھیں جہاں دل میں کُچھہ اور ھو - زبان پر کُچھہ اور *

اِس کي سُونڈ دیکھو - کیا لمبي ھے - یہي اِس کي ناک ھے - یہي اِسے پنجے [3] کا کام دیتي ھے - اِسي سے ھر ایک چیز کو اُٹھا لیتا ھے - اِسي سے چارا کھاتا ھے - اِسي میں ایک مشک پاني کھینچ لیتا ھے - اِسي سے مُنھہ میں ڈال کر پي جاتا ھے - اِسي میں درخت کي ٹہني [4] پکڑتا ھے اور پنکھے کي طرح ھلاتا ھے * اِس کے سرے پر ایک چھوٹي سي چیز ھے - وہ اُنگلي کا کام دیتي ھے * تھان پر جب لیٹتا ھے تو پہلے گھاس یا درختوں کي ٹہنیاں بِچھا لیتا ھے * کروٹ بدلتا ھے تو اُدھر بِچھونا

---

1 Repetition for plurality.

2 *Baras ke baras*, once a year: *baras kā baras*, the whole year. *Vide* "Hind. Man.," p. 173, Lesson (49).

3 *Panja* (from Per. *panj*. "five"), a hand, a foot, a paw, the foot of a bird, etc., with special reference to the fingers or toes.

4 *Ṭahnī* is "a twig"; *ḍālī*, "a small branch"; and *ḍāl*, "a big branch." *shākh* is general.

کرلیتا [1] ہے * ہاتھي پاني میں بڑا خوش ہوتا ہے [2] - دریا میں
غوطہ مارتا ہے اور سونڈ کا سِرا باہر نکال دیتا ہے - گھڑیوں اندر
ہي بیٹھا رہتا ہے * جب ہاتھي تھان پر ہو تو سر پر مٹّي
اُچھال کر کھیلتا ہے - مگر سواري میں خاک نہیں اُڑاتا * سِکھانے
سے بہت کُچھ سیکھہ جاتا [3] ہے * ہر کام کے لیئے لفظ مقرّر ہیں -
خاص خاص آواز پر کھاتا ہے - پیتا ہے - بیٹھتا ہے - اُٹھتا ہے - پھیرتا
ہے - گِري ہوئي چیز اُٹھا لیتا ہے - جیسے مہاوت کہے - سلام کرتا ہے *

جب مہاوت راتب کھلاتے ہیں تو بڑے بڑے [4] نِوالے [5]
بناتے ہیں - اور گھاس میں لپیٹ کر سونڈ میں دیتے [6] جاتے ہیں *
کوئي مہاوت چوٹّا ہو تو جس نِوالے کو اشارہ کردے ہاتھي گلے
میں چھپا رکھتا ہے - الگ آکر مانگے تو جوں کا توں [7] جیسا تھا
ویساہي نِکالکر دے دیتا ہے * دیکھو - اِتنا بڑا جانور ہے - نہ اِس
کو نکیل کي ضرورت ہے نہ لگام کي حاجت * مہاوت گردن پر سوار
ہے * جِدھر پاؤں کا اشارہ کرتا ہے اُدھر مُڑ جاتا ہے *

---

1 *Lenā* indicates "for itself": "Hind. Man.," p. 80.

2 Not *hai*: *vide* Hind. Man., p. 13 (*a*).

3 *Jānā* here gives the idea of completion as in *khā-jānā*: *vide* "Hind. Man." p. 84 (*b*) (1).

4 Several big.

5 *Niwāla*, a mouthful before it is put in the mouth: if in the mouth *luqma*.

6 *Detā-jānā*, to keep on giving—*aur wuh khātā jātā hai* is understood. Without a second verb, expressed or understood, this form signifies 'gradually,' as: *bīmār achchhā hotā jātā hai* = "the patient is getting better every day."

7 *Jūṅ kā tūṅ*, as it was, without decrease: *jaise kā taisā*, as it was, without injury (as of a borrowed book when returned).

ہاتھي بادشاھوں اور اميروں [1] کي سواري ديتے ھيں * جو شير کا شکار کرتے ھيں وہ ھاتھيوں پر سوار ھوتے ھيں - اور بندوق سے شيروں کو مارتے ھيں * ھاتھي عمارتوں [2] کے ليئے بھاري بھاري چيزيں ڈھوتے ھيں - ندّي نالوں سے پار اُتارتے ھيں - بڑي بڑي توپيں کھينچتے ھيں - لشکروں کے بوجھہ اُٹھاتے ھيں * جب تک توپ خانے نہ [3] تھے تو لڑائي کے وقت بہت کام آتے تھے - ليکن يہ جانور اوّل تو آگ سے بہت ڈرتا ھے - دوسرے توپ کا ايک گولا لگے تو بِچارا ايسا گر پڑتا ھے جيسے کوئي مکان گرا - اور توپ کي گرج سے ڈر کر بھاگتا ھے تو اپني ھي فوج کو روندتا ھؤا چلا جاتا ھے - اِس واسطے اب لڑائي کے کام ميں نہيں لاتے *

پنجاب ميں ھاتھي کا بن نہيں * بنگالے - بہار - دکن کي طرف بہت ھوتے ھيں * اکثر ايسے جنگلوں ميں رھتے ھيں جہاں گھنے [4] درخت ھوں * اِنہيں جنگلوں ميں گلّے کے گلّے [5] پھرتے ھيں - اور ايک گلّے ميں ايک کُنبے کے ھاتھي ھوتے ھيں - کبھي مِل بھي جاتے ھيں - مگر جب کُچھہ ڈر معلوم ھوتا ھے تو کُنبے کُنبے [6] کے ھاتھي الگ الگ غول [7] باندھہ ليتے ھيں * ھاتھي جنگل ميں پھرنے چلنے کو دُور دُور نِکل جاتے ھيں - مگر بڑے بندوبست

1 *Amīr*, a rich person.
2 '*Imārat*, f., any large building.
3 "Hind Man.," p. 132 (*b*).
4 *Ghanā*, thick, dense; of forests, crops, hair, population.
5 *Galla*, in Urdu, of animals only.
6 Each family.
7 *Ghol*, of animals, birds, or men.

سے جاتے ھیں - ایک آگے چلتا ھے کہ بھلے بُرے کي خبر رکّھے [1] -
اور یہ اکثر بوڑھي ھتھني ھوتي ھے - اور جب سوتے ھیں تو اُس
وقت بھي کوئي نہ کوئي چوکیدار ھُشیار رھتا ھے - وہ بھي اکثر
ھتھني ھوتي ھے *

ان کا گلّہ پکڑنا ھو [2] تو یہ ترکیب کرتے ھیں کہ جِس بَن
میں یہ رھتے ھیں وھاں بہت سے آدمي مل کر جاتے ھیں - جب
یہ خبر پاتے ھیں کہ ھاتھي ھیں تو اُن کے گِرد پھَیل جاتے ھیں -
اور دو تین گھنٹے میں بانسوں کا ایک حلقہ بنالیتے ھیں * یہ حلقہ
چھہ سات مِیل کا ھوتا ھے * اِس حلقے کے اندر ایک اور چھوٹا سا
حلقہ بلّیوں کا تیار کرتے ھیں - یہ حلقہ گھندار درختوں کي آڑ میں
ایسي جگہہ بناتے ھیں کہ جہاں ھاتھیوں کي آمد رفت ھوتي
ھے * اِس کا دروازہ چار گز چَوڑا رکھتے ھیں - دروازے سے پچاس گز
تک دو طرفہ پاڑ [3] سي باندھہ دیتے ھیں - پاڑ کے اندر کے رُخ
خندق کھود دیتے ھیں * جب یہ کام کر چُکتے ھیں [4] تو بندوقیں
چھوڑتے ھیں اور شور مچاتے ھیں * جب ھاتھي حلقے کے اندر
آجاتے ھیں تو جھٹ دروازہ بند کردیتے ھیں *

اکیلا ھاتھي کئي ترکیبوں سے پکڑا جاتا ھے - اُن میں سے ایک
یہ ھے لیکن بڑي جان جوکھوں [5] کا کام ھے * تین چار سَدھے ھوئے

---

[1] *Bhale bure kī khabar rakhnā*=' to see everything that is on ahead.'

[2] *Agar*, understood.

[3] *Pār*, f.=*machān*, m.

[4] *Vide* "Hind. Man.," page 56 (*a*). For tenses after *jab vide* "Hind. Man.," p. 212 (*b*), and "Hindustani Stumbling-Blocks."

[5] *Jān-jokhoṅ kā*=adj.

هاتھي لے جاتے ھیں - اُن پر موٹے موٹے رسّے[1] ھوتے ھیں * ایک سرا هاتھي سے بندھا ھوتا ھے - دوسرے میں پھندا * ھر ایک هاتھي پر تین آدمي بیٹھتے ھیں - مہاوت گردن پر - پھندا ڈالنے والا پیٹھ پر - ریلنے[2] والا دُم کے پاس پُٹّھوں پر * جب جنگلي هاتھي پاس رہ جاتا[3] ھے تو هاتھیوں کو اُس کے پیچھے ڈالتے ھیں[4] * زد[5] میں آجاتا ھے تو پھندے والے اِدھر اُدھر سے اُس کي گردن میں پھندے ڈالتے ھیں - اور بِچارے کو پھانس لیتے ھیں *

جب بچّہ پیدا ھوتا ھے تو هتھني کے ساتھ هاتھیوں کا غول دو تین دن وھیں رھتا ھے - اِس عرصے میں بچّہ چلنے پھرنے لگتا ھے - اور سفر کے قابل ھو جاتا ھے * کہیں[6] دریا کے پار جانا ھو تو ماں پاني میں پیچھے رھتي ھے - بچّے کو آگے کرتي ھے - اور سونڈ سے سہارا دیتي ھے * جب تین چار مہینے کا ھو جاتا ھے تو پاني میں اکیلا تیرتا ھے - یا ماں کے کندھوں پر چڑھ لیتا[7] ھے * هاتھي پچیس برس میں پورے قد کا ھوتا ھے - پینتیس برس میں خوب مضبوط ھوجاتا ھے - اکثر اَسّي برس تک جیتا ھے - کوئي سَو یا سَو سے زیادہ تک بھي پہنچتا ھے * ✓

---

1 *Rassā*, large, thick rope: *rassī*, small or thin rope. *Moṭe moṭe*, "several thick—."

2 *Relnā*, to rush with force; of men, animals, or water.

3 *Rah-jānā* here=*ā-jānā*, a rare meaning of the verb.

4 *Pīchhe ḍālnā*=*pīchhe lagānā* or *dauṛānā*.

5 *Zad*, f.=*mār*, f., "striking distance." *Jab* is understood.

6 *Kahīn* here=*agar kabhī*, if ever.

7 Note the force of *lenā*: *vide* "Hind. Man," page 80 (c).

# ۲۴ — بَھینس

دیکھنا - تالاب میں کئی بَھینسیں ھیں * ایک کی پِیٹھہ - سِینگ اور کُچھہ سر دکھائی دیتا ھے - باقی دھڑ پانی میں ھے * ایک کا صرف سر نظر آتا ھے * چرواھا باھر لکڑی لیئے کھڑا ھے - ایک کو اینٹیں مار کر باھر نکال رھا ھے *

بَھینس بڑی [1] بھدّی ھوتی [2] ھے - تھوڑی دُور بھی نہیں بھاگ [3] سکتی * گلّے کے گلّے لڑکے ھانکتے ھیں - جنگل لے جاتے ھیں - پِیٹھہ پر چڑھہ بَیٹھتے ھیں - شام ھوتے [4] سب کو گھر [5] لاتے ھیں *

گرمی سے بہت گھبراتی ھے - کیچڑ پانی میں ھو تو خوش رھتی ھے نہر- تلاؤ - جہاں پانی پاتی ھے جھٹ گُھس [6] جاتی ھے - بہت پانی ھو تو کھڑی رھتی ھے - تھوڑا ھو تو جھٹ بَیٹھہ جاتی ھے - سارا بدن اُس میں چھپا لیتی ھے - مگر تھوتھنی باھر نکال دیتی ھے کہ دَم نہ گُھٹے [7] - جبھی [8] اِس کی گردن گاے کی نسبت خدانے اُونچی بنائی ھے *

---

1 *Bhaddā*, ungainly, *i.e.*, ugly and awkward and slow in movement *Ūṅṭ kī shakl bhaddī hotī hai*, but the word *bhaddā* cannot be applied to the camel itself as it is not unnaturally *slow* in movement.

2 *Hotī hai* and not *hai* : *vide* "*Hind. Man.*," page 13 (*a*).

3 *Bhāgnā*, to run away or to run from fear. *Dauṛnā*, to run voluntarily.

4 *Hī*, understood.

5 Note omission of *ko* : *vide* "*Hind. Man.*," pages 48 (*f*) and 49 (*i*), and "Hindustani Stumbling-Blocks," III, 5 (*a*).

6 *Ghusnā*, to enter by force, *or* with difficulty.

7 *Kisī kā dam ghuṭnā*, "to be suffocated."

8 *Jabhī*, here=for that reason only: *vide* also "Hind. Man.", pp. 202 (*e*) and 206.

اِس میں طاقت بہت هوتي هے - جہاں ندّي نالے میں زور کا پاني جاتا هو اور پار جانا هو تو بَهینس [1] کو پاني میں ڈالتے هیں - دُم پکڑ لیتے هیں اور پار اُتر جاتے هیں - اسے بہاؤ کے زور کي کُچهه پروا نہیں - گہرا پاني هو تو تیر جاتي هے * جو تیراک نه هو وه اِس پر سوار هو جاتا هے - مگر مُشکل یه هے که جب چاهتي هے بَیٹهه جاتي هے - سوار بچارا حَیران ره جاتا هے *

یه گاے سے بہت زیاده دُودهه دیتي هے - اور دُودهه بهي گاڑها هوتا [2] هے - اِس میں بہت مکّهن نکلتا هے - مگر مزے میں گاے کا دُودهه اچّها هوتا هے *

بَهینسے لادنے کے کام آتے هیں - اور بیلوں سے زیاده بوجهه اُٹهاتے هیں - هزاروں من اناج اور دوسرے اسباب شهر بشهر پہنچاتے هیں *

کوّے بهي اِس غریب کو بهدّا [3] سمجهتے هیں - اِس پر آبیٹهتے هیں اور چونچ مارتے هیں - مگر اِس میں اسي کا فائده هے - اِس کے بدن میں کیڑے لگے هوتے هیں - وه چُن لیتے هیں * جب بهینس کا دُودهه دُهتے هیں تو بچّے کو پاس کهڑا کرلیتے هیں - جب تک وه تَهن میں دو [4] مُنهه نه مارے دُودهه نہیں اُترتا - اِس

---

1 Note that *bhains* is singular while the verb is 3rd pers. pl. active to indicate a passive.

2 *Hotā hai* (and not *hai*) to indicate a general truth; *vide* "*Hind. Man.*," Lesson 2 (*a*).

3 Here=slow, sluggish, dull.

4 *Do*=a few; *munh mārnā*, not to suck, but to nozzle as calves do before sucking.

میں مالک کا فائدہ ہے - بچّے کو باندھہ رکھتے ہیں اور اِسے چرائي پر بھیجھ دیتے ہیں - گوالا اکیلا دُودھہ نہیں دُہ سکتا * بکري میں یہ بات نہیں - اُسے، کوئي ہو، جہاں چاہے، دُہ لے *

جیسي پَلي ہوئي بھَینس غریب ہوتي ہے ویسي ہي جنگلي بھینس مرکھني [1] ہوتي ہے - جنگلي نر ارنا بھَینسا کہلاتا ہے - اِس میں اَیسا زور ہوتا ہے کہ ٹکّر مارتا [2] ہے تو ہاتھي کو بھي گِرا دیتا ہے *

## ۲۵ — گاے

یہ اَیسا جانور ہے کہ سب جانتے ہیں - اِس کي صورت شکل بیان کرنے کي ضرورت نہیں * ہِندو اِسے بڑا پاک جانور مانتے ہیں - نِرا جانور ہي نہیں، بلکہ اِس سے بہت کُچھہ زیادہ خیال کرتے ہیں - یہي سبب ہے کہ اُسے بڑي مَحبّت سے پالتے ہیں - اور بہت کُچھہ سیوا [3] کرتے ہیں * آدمي کو، جو فائدے اِس سے ہیں، شاید اور کسي جانور سے نہیں * جب تک جِیتي ہے کھانے پینے کي بہت سي چیزیں ہمیں دیتي ہے * جس جانور سے اِتنے فائدے ہوں لازم ہے کہ ہم بھي [4] اچھي طرح اُس کي خِدمت کریں * اوّل تو ہمیں دُودھہ دیتي ہے مِیٹھا مِیٹھا - تازہ

---

[1] *Markhanā*, a butter; hence vicious, of animals, and met. of men.
[2] *Ṭakkar mārnā*, "to butt": *ṭakkar khānā*, "to collide with."
[3] *Sewā*, f., is the Hindī for *khidmat*.
[4] *Bhī*=in return.

تازه [1] * کونسا [2] لڑکا یا لڑکي هوگي که [3] بهرا پیاله هو اور پینے کو
جي نه چاهے ؟ ملائي - دهي - مکّهن - گهي - اُس سے حاصل
هوتا هے - یه چیزیں نه هوتیں تو همارے کهانے پینے کیسے رُوکهے [4]
رهتے * ملائي - گهي - نه هوتا تو بهتیري مزے مزے [5] کي
مٹهائیاں نصیب بهي نه هوتیں * بَیل هَل جوتتے هیں - بوجهه
ڈهوتے هیں - چهکڑے کهینچتے هیں - رهٹ [6] - چرسے [7] اور کولهو
میں چلتے هیں * گوبر سے کچّے مکان لیپتے [8] هیں - اُپلے تهاپتے
هیں - جن غریبوں کو لکڑیاں جلانے کا مقدور [9] نهیں وه اِنهیں
جلاتے هیں * مرنے کے بعد اِس کے جسم کے بهت سے حصّے
کام میں آتے هیں * کهال سے گهوڑوں کے ساز - بگّي کے سامان - زِین -
چابُک - لگام اور بهت سي چیزیں بنتي هیں : - سینگوں سے کنگهیاں -
چاقو اور چهریوں کے دستے ؛ پٹّهوں [10] نسوں [11] وغیره سے سریش *

گاے روز دو دفعه دُودهه دیتي هے - صُبح اور شام * دُودهه کو
مٹّي کے باسنوں میں جوش دے کے رکهه چهوڑتے هیں - پهر اُس

---

1 The repetition here (with a *singular* noun) signifies 'very.'

2 *Vide* "Hind. Man.," p. 25 (*e*). *Kaun* asks a simple question; but *kaun-sā* indicates surprise, or negation, or anxiety, or which among many.

3 *Agar* understood after *ki*.

4 *Rūkhī roṭī* is plain bread without any 'relish.'

5 *Maze maze kī* indicates different sorts.

6 *Rahaṭ* f., a Persian wheel.

7 *Charsā* is a leather bag for drawing up water for irrigation purposes.

8 *Līpnā*; in the Punjab to plaster with mud and water, but in the U.P. to wash the wall with coloured earth (yellow).

9 *Maqdūr*, m., power, capacity; resources, affording.

10 *Paṭṭhā*, m., a sinew.

11 *Nas*, f., perhaps the same as above. A horse's back tendons are called *nas*.

سے جو چاھتے ھیں بناتے ھیں * مکّھن نکالنا ھو تو ذرا سا دھی ملا کر ڈھانک رکھتے ھیں- وُھي جم کر دھي ھوجاتا ھے * پھر ایک مٹّي کے باسن میں ڈال کر مکّھن بناتے ھیں * بعض مُلکوں[2] اور اور[1] طرح بھي مکّھن نکالتے ھیں - مگر ھلاتے ھیں سب جگہہ *

گاے اکثر گھاس کھاتي ھے - دانہ اور کھلي بھي دیتے ھیں - اِس سے دُودھہ زیادہ ھوتا ھے * گوشت یا کوئي جاندار چیز نہیں کھاتي * گاے کي صورت اور اُس کے ڈیل ڈَول کو سب پہچانتے ھیں - مگر یہ بہت لوگوں کو خبر نہیں کہ جو جانور جُگالي کرتے ھیں اُن کا مِعدہ اَکچھہ اور ھي طرح کا ھوتا ھے *

## ۲۶ — گدھا

دیکھنا - بے درد کِس بے رحمي سے اپنے گدھے کو مارتا ھے - بِچارے پر اِتنا بھاري بوجھہ لادا ھے کہ ٹھوکریں کھاتا چلا آتا ھے * کیا یہ خُدا کي جان[3] نہیں ؟ میاں[4] کو حقیقت ! تو جب معلوم ھو کہ اِسي بوجھہ کو ذرا اپني پِیٹھہ پر رکھہ لیں[5]. پھر بوجھہ کا مزا دیکھیں *

مانا[6] کہ گدھا خوبصورت نہیں - بے شک لمبے لمبے کان ھوتے ھیں اور شکل سے مریل معلوم ھوتا ھے - لوگوں کي زِیادتیاں

---

1 *Aur aur ṭarah*, many other ways.
2 *Meṅ*, understood.
3 *Jān*=*makhlūq* here.
4 *Miyāṅ*, here a contemptuous term for a Muslim.
5 Plural of respect, ironically used. Note *rakh-leṅ* and not *rakh-deṅ* as he takes the load on his own back.
6 *Maiṅ ne*, understood.

سہتا ھے - اِنہیں باتوں نے اِسے ذلیل کردیا ھے - مگر خُدا نے بے سمجھہ نہیں بنایا ھے - بعض مقاموں پر اِس نے بڑي بڑي ھوشیارِیاں دکھائي ھیں * جو مالک اِسے چاھتا ھے یہ بھي اُس کي صورت پر عاشق ھوتا ھے * اِس کا قدم ذرا سُست تو اُٹھتا ھے - مگر اس پر بھي پہروں برابر[1] چلا جاتا ھے * خراب رستوں اور پہاڑوں میں تو زِیادہ یہي کام دیتا ھے - سبب یہ ھے کہ اِس کا قدم گھوڑے سے زیادہ جم کر پڑتا ھے * پہاڑوں میں اکثر ایسي اَوکھي[2] گھاٹیاں اور اُتار چڑھاؤ کے رستے ھیں کہ ذرا قدم بے موقع پڑا اور جان گئي - یہي بِچارا ھے جو اَیسے رستوں میں صحیح سلامت بوجھہ منزِل پر پہنچا دیتا ھے * اِس کا بچّہ خُوبصورت ھوتا ھے اور چالاک بھي - کُلیلیں کرتاھے - مگر اِدھر[3] کام کي مصیبت پڑي اُدھر[3] وہ ھونہار صورت خاک میں مِلي * اچھي طرح پرورش ھوتي صورت کیوں بگڑتي ؟ سچ ھے سارے دن کام ھي کام - بہلاوے کا ذکر نہ کھیل کا نام * گدھي جنتي ھے تو ایک ھي بچّہ پیدا ھوتا ھے * کہیں بے وقوفي کا ذکر ھوتا ھے تو پہلے اسي بِچارے کا نام آتا ھے *

یہ لدّو گدھوں کا بیان ھے - مگر جنگلي گدھے کا اَیسا حال نہیں - وہ بڑا تیز رفتار ھے * ایک طرح کے جنگلي گدھے سِندھہ اور بلوچِستان میں اور پنجاب کي مغرِبي حدّ کي طرف

---

1 *Barābar*, without stopping.

2 *Aukhā*, Panj., "difficult."

3 *Idhar—udhar*="as soon as"; "nor sooner does—than—": *vide* "Hind. Man.," p. 181 (*a*)

ملتے هیں - اُنهیں گور خر کہتے هیں * یه خوبصورت هوتے هیں - سُرخي لیئے[1] خاکي رنگ - لیکن مُنهه - چهاتي اور نیچے کا دهڑ سفید - پیٹهه کي لمبان پر بهوري دهاري هے *

گهوڑے اور گدهے سُم‌دار جانور هیں - اِن کے سُم ثابت[2] هوتے هیں - جُگالي کرنے والے جانوروں کے کُهروں[3] کي طرح بیچ میں سے پهٹے هوئے نهیں هوتے *

## ۲۷ — کُتّا

جهاں دس گهر بهي آدمیوں کے هونگے وهاں ایک کُتّا ضُرور مَوجُود هوگا - اِس کي خُوبیاں اَیسي هیں که خواه مخواه اِس کا رهنا غنیمت معلوم هوتا هے * اَیسا غریب - اَیسا هُشیار - اَیسا محبّت والا کوئي جانور نهیں * یه اشرافوں[4] کا دربان هے - گڈریوں[5] کا چَوکیدار هے - شِکاریوں کا مددگار هے *

اِس کي سمجهه بهت اچّهي هے - جس طرح سدهاؤ اُسي طرح کام کرتا هے * اِسے غریبي اور امیري برابر هے - جِس کا هورها[6] اُسي کا هورها * سُوکهے ٹُکڑے آدهے پیٹ کهائیگا - مگر جِس گهر کا هے وهیں رهیگا - اچّهے کهانوں کے لیئے امیر کے گهر نه

---

[1] This is the Panjabi spelling of لیے. The Panjabis have a passion for using *hamza*.

[2] *Ṣābit*, adj., "whole"; *also* firm.

[3] *Sum*, P., uncloven hoof. *Khur*, H., gen. means cloven hoof.

[4] *Ashrāf* is properly the Arabic plural of *sharīf*, noble, a gentleman.

[5] *Gaḍariyā* or *gaḍeriyā*, sing., a shepherd caste, both Muslim and Hindu.

[6] *Dost* or *khidmatgār* understood

جا رهیگا * اپنے مالک کا بُرے وقتوں میں رفیق رهتا هے - اور وقت پڑے پر جان تک دے دیتا هے * یه نیک جانور نیکي کو یاد رکھتا هے - بُرائي کو بھول جاتا هے * نیکي کرنے والا اِسے دکھه بھي دے تو خیال نہیں کرتا - ابھي بُلائے تو دُم هلاتا چلا آتا هے - جِس هاتهه سے مار کھاتا هے دَم بھر میں اُسي کو چاٹنے لگتا هے * دیکھو - تصویر سے آیسا معلوم هوتا هے که ماں بچّے کو چار پائي پر سوتا چھوڑ [1] کہیں کام کو گئي هے * بھیڑیے نے لڑکے کو کپڑے پکڑ کر گھسیٹ لیا هے - مگر بچّے کے بچانے کو گھر کا وفادار کُتّا چلا آتا هے * یقین هے آیسا بچائیگا جیسا اِس کہاني میں هے :—

ایک شخص کو شِکار کا بہت شَوق تھا - اُس نے ایک کُتّا پال رکّھا [2] تھا - اُسے بہت پیار کرتا تھا - اور همیشه اپنے ساتهه رکھتا تھا * ایک دن شِکار کو گیا اور کُتّے کو گھر [3] چھوڑ گیا - اُس کے نه هونے سے شِکار میں بھي مزہ نه آیا * [4] شام کو پھر کر آیا تو کُتّا اُسے دیکھتے هي دُم هلاتا دوڑا * اِس نے دیکھا که کُتّے کا مُنہه اور پنجے لُہو میں بھرے هیں * اندر آیا [5] تو دیکھا که جا بجا لُہو کي چھینٹیں بھي پڑي هیں *

اِس شخص کا ایک چھوٹا سا بچّه تھا - اُسے اِدھر اُدھر دیکھا - کہیں دکھائي نه دیا [6] - پُکارا تو بھي نه بولا - سمجھا [7] که " کُتّے نے

1 Conj. Partic.; for *chhoṛ-kar*. Shortened form indicates haste.
2 *Pāl-rakhnā*; meaning of both verbs retained.
3 *Par* understood.
4 *Jab* understood.
5 *Ānā*, better for his own house, and *jānā*, for somebody else's house.
6 *Dikhā,ī denā*, intr., to appear, be seen; no *ne*.
7 Better no *ne* with *samajhnā*.

ضرور بچّے کو مار ڈالا [1] * " بہت رنج ہوا * تلوار کھینچ کر دَوڑا [2] اور بولا کہ "ظالم! تونے غضب کیا - میرے کلیجے کے ٹکڑے کو پھاڑ کھایا " * غریب کُتّا زمین پر گر پڑا اور اُس کی طرف ایسا دیکھنے لگا جیسے کوئی کہتا ہے کہ " رحم کرو - رحم کرو " * مالک کی آنکھوں میں دُنیا اندھیر ہو رہی تھی [3] - ایک ایسی تلوار ماری [4] کہ کتّے نے ایک چیخ ماری اور دم توڑ کر رہ گیا [5] * بچّہ اس کا الگ کمرے میں سوتا تھا - کُتّے کی آواز سے وہ چَونکا اور رونے لگا * یہ حَیران ہوکر وہاں گیا - دیکھے [6] تو بچّہ بھلا چنگا اپنے بِچھونے پر لیٹا ہے - اور ایک بھیڑیا اُس کے پاس مرا پڑا ہے * معلوم ہوا کہ بھیڑیا گھر میں گُھس آیا تھا - وہ بچّے کو کھانا چاہتا تھا اور کُتّے ہی [7] نے اُسے مار کر بچّے کی جان بچائی تھی * بچّے کو جلدی سے گود [8] میں اُٹھا لیا * بہت پچتایا - مگر پچتائے سے کیا ہوتا تھا [9] ؟

تم اکثر دیکھوگے کہ ٹھنڈے مُلکوں میں کُتّوں کے لمبے اور گھن [10] کے بال ہوتے ہیں - اور گرم مُلکوں میں چھوٹے چھوٹے [11] *

---

1 Direct narration to express a thought.

2 " Ran at—."

3 An idiom, indicates sadness or despair.

4 *Ek talwār mārnā*, to make one cut with a sword. Note idiom.

5 —" and just died." *Dam torṇā*, " to die." *Rah-gayā* gives the idea of " did nothing," as *us ne gālī dī aur maiṅ chup rah-gayā.*

6 *Dekhe.* Aorist as Historical Present: *vide* " Hindustani Stumbling-Blocks," xxxvi, 7 (*a*).

7 *Hī*: " and it was the dog only that—."

8 *God*, n., lap. *God meṅ lenā*, fig. " to adopt a child."

9 *Hotā thā* and not *thā*. *Phir*, then. Note past partic. used as a substantive.

10 *Ghan*, n., thickness: *ghan kā = ghanā.*

11 Repetition for plurality.

جہاں خُدا کسي کو رکھتا ھے ویسے ھي سامان دے[1] دیتا ھے - بھلا اِن بچاروں کو سرد ملکوں میں لِحاف توشک کَون دیتا[2] ؟

اِس کي پُھرتي اور دَوڑ غضب ھے - بڑے بڑے بھگَیت[3] جنگلي جانور اِس کا شِکار ھیں - خرگوش - لومڑي قِسمت ھي سے بچ نکلتے ھیں * شِکار کي بُو دُور سے لیتا ھے - اور بو کے پتے پر زمین کھود کے نکال لاتا ھے - مگر اِن باتوں کے لیئے سَدھانا ضرُور ھے * ھمارے مُلکوں میں کسي کو خیال نہیں - وِلایت میں لوگوں نے قِسم قِسم کے کُتّے پالے ھیں - اُنہیں سَدھایا ھے - اُن سے سب طرح کے کام لیئے - اور معلوم کیا کہ کِس قِسم کا کُتّا کیا کام دیتا ھے - کوئي گھروں کا چَوکیدار[4] ھے - کوئي بھیڑیوں کے گلّوں پر رھتا ھے - کوئي لومڑي کے شِکار کا ھے - کوئي خرگوش مارتا ھے * جب شِکار بھاگ جاتا ھے بُودار کُتّا اُس کي بُو پر جاتا ھے - اور پکڑوا[5] دیتا ھے * پہاڑوں میں مُسافر برف کے نیچے دب جاتے ھیں تو کُتّے اُنہیں نکالتے ھیں * پاني میں کوئي ھلکي چیز پھینک دو تو کُتّے نکال لاتے ھیں * بعض کُتّوں نے ڈوبتے آدمیوں کو نکالا ھے * ایک قِسم کا کُتّا ھوتا ھے[6] کہ اُسے چیز دکھا دو اور اُس سے الگ

---

1 *De-denā*, "to give away, give completely."

2 Past Condit. Tense. *Agar lambe bāl na-hote* or some such phrase is understood.

3 *Baṛe baṛe*, many different kinds (not large). *Bhaget* = habitual swift runners, as *laṛet*, habitual fighters; but *laṛākū*, "quarrelsome," and *bhaggū*, one that always runs away in battle.

4 Better *hotā hai*. Note singular after *ko,ī*.

5 The reason of this causal is not apparent.

6 *Hotā hai* and not *hai*.

ہوکر کہیں چھپا دو - پھر گھنٹہ بھر کے بعد کوس دو کوس جاکر کہو کہ " جاؤ - وہ چیز لے آؤ " - کُتّا جاتا ہے اور جہاں ہو، دیکھہ بھال کر نِکال لاتا ہے * بعض مُلکوں میں کُتّوں کو گاڑیوں میں جوتتے ہیں - وہ خاصی[1] طرح کھینچتے ہیں - اُن میں تِیس تیس کُتّے تک لگتے ہیں - یہاں ہوں تو ایک تمشا ہو جائے * ہمارے مُلک کے کُتّے ہُشیار نہیں - نہ اِنہیں کوئی اَیسا سَدھاتا ہے * پھر بھی بعض جگہہ کُتّے بڑے کام دیتے ہیں - سینکڑوں بکریوں کا ریوڑ ہوتا ہے ایک یا دو کُتّے چوکیداری کرتے ہیں - بھیڑیے کی مجال نہیں کہ پاس آسکے - دو کُتّے بھیڑیے کو مار لیتے ہیں *

## ۲۸ — بِلّی

آدمیوں سے اِسے دِلی لگاؤ ہے - کُتّوں کی طرح یہ بھی آدمیوں سے ہِل[2] جاتی ہے - گھروں میں نڈر اور بے خطر رہتی ہے - اِس مِسکینی سے رہتی ہے کہ بچّے اُس سے کھیلتے ہیں - گری پڑی ہڈّی بوٹی[3] لے لیتی ہے - اُسی پر گُزران[4] کرتی ہے * یہ بڑی پاک صاف اور سُتھری ہے - ہمیشہ اپنے بدن کو صاف کرتی ہے * مُنہہ اور کُھردری[5] زبان اِس کے لیئے پانی اور رومال ہے * چِہرہ

---

[1] *Khāṣī ṭaraḥ*, 'pretty easily.''

[2] *Hilnā*, intr, to move; but *hil-jānā* also = " to be domesticated, tamed: prop. to become familiar"; in these senses always *hil-jānā* and never *hilnā* alone. The past partic. of both is *hilā hū,ā*: *vide* "*Hindustani Stumbling-Blocks*."

[3] *Boṭī*, a piece of flesh or fowl.

[4] *Guzrān (f) karnā*, " to manage to live." *Guzrān* has a wider meaning than *guzārā*.

[5] *Khurdurā*, rough (of cloth, etc.); uneven to the touch.

یا کان جہاں جہاں زبان نہیں پہنّچ سکتي - ھاتھہ کو چاٹ کر گیلا کر لیتي ھے - اُس سے مَل مَل کر صاف کرتي ھے * بِلّي کے نرّم نرّم [1] بال ھوتے ھیں * بعض مُلکوں میں اِس کے پوست سے پوسّتینیں بنتي ھیں - یہ اور پوسّتینوں سے کم قیمت ھوتي ھیں * وِلایَتي بِلّي بہت خُوبصُورت ھوتي ھے - اِس لیئے بہت قیمت پاتي ھے - یہ کابل اور ایران سے آتي ھے - اکثر یک رنگ سفید ھوتي ھے - لمبي لمبي [2] پشم، ریشّم جیسي نرّم * جنگلي بِلّیوں کي کئي قِسمیں ھیں - رنگ اور قد میں فرّق ھوتا ھے * بعض بڑي خُوبصُورت ھیں - بعض ڈھائي فُٹ سے تین فُٹ تک لمبي ھوتي ھیں *

بِلّي کي آنکھیں عجِیب طرح کي ھیں * اندھیرے میں سب کُچھہ دیکھتي ھے - چُوھے - چِھپکلیاں اور اور جانور جو دن کو کم نِکلتے ھیں اِنھي آنکھوں کي مدد سے اُن کا شِکار کرتي ھے * جب دُھوپ میں لیٹي ھوئي اُونگھتي ھے تو دِھیمي دِھیمي خُر خُر [3] آواز سے کیسي مِسکّین اور غریب معلوم ھوتي ھے - مگر شِکار پکڑنے کو بڑي شیر [4] ھے * اِس کے ننّھے ننّھے دانت تو [5] دیکھو - کیسے باریک اور تیز ھیں * پنجے کو ذرا ھاتھہ میں تھامو - کیا نرم ھے ! یہي سمجھوگے کہ اِس میں دکھہ

---

1 *Narm narm*, nice and soft throughout.

2 Repetition indicates "long everywhere."

3 *Khur khur*, f., the noise of purring.

4 Here *sher* is an adjective "brave," ferocious: otherwise *shernī* would have been written.

5 *To* = *zarā*.

دینے کي کوئي چیز نهیں - ٹهیر جاؤ - ابهي نه چهوڑنا - ذرا وہ دِق هو جائے اِنهي نرم نرم پنجوں میں سے کیا نشتر سے ناخُن نِکل پڑتے هیں * ناخُن لمبے اور تیڑھے هیں اور نوکیں تیز - اگر کُتّے کي طرح نکلے رهتے تو چلنے پِهرنے میں بِلّي کو بڑي مُشکِل هوتي - اور وہ بهي ایسے تیز نه رهتے * ضرورت کے وقت نکالتي هے - اور جب چاهتي هے اندر کهینچ لیتي هے *

کسي پرِندے کا شِکار کرتي هے تو عجب تماشا هوتا هے * دیکهنا دیکهنا - وہ جهاڑیوں میں کیسي چُپکے چُپکے دبے پاؤں گهات لگاتي پهرتي هے * نرم نرم پنجے کیسے آهِسته آهِسته [1] رکهتي هے ! پاؤں کي آهٹ تک نهیں * وہ تنے کے پیچهے تاک لگائے بیٹهي هے * یه کمبخت کیا بهولا بهالا [2] پرِند هے! دیکهو - شکار اب اِس کي زد پر آ پُهنچا - وہ بِلّي جهپٹي - ایک هي چهلانگ میں جالیا - آہے هے ! کیسا بچارا پهڑکتا هے! بِلّي کا چهرہ دیکهنا - کیا بگڑے هوئے تیور [3] هیں ! کیا آنکهیں بدلي هوئي هیں !

بِلّي صُورت شکل اور عادت میں شیر سے مِلتي جُلتي هے * هِندوستاني اِسے شیر کي اُستاني کهتے هیں اور اِس پر یه کهاني گهڑتے [4] هیں که شیر کو اِس نے سب کرتب بتائے * آخر اُس نے

---

[1] *Āhista*, quietly; *also* means slowly. *Āhista*, *āhista*, continually slowly: *vide* Sup. "Stumbling-Blocks."

[2] *Bholā*, simple; *bholā bhālā*, quite simple: meaningless appositive: *vide* "*Hind. Man.*," page 170 (c).

[3] *Tewar*, pl., changed expression, not natural expression; spec. an expression indicating evil.

[4] *Gharnā*, to invent, coin (news, report, etc., etc.).

پوچھا کہ " خالہ [1] بلّي ! اور کوئي بات باقي ھے ؟ " تاڑ گئي [2] کہ اس کي نِيّت [3] میں فساد [4] ھے - مِسکِینی سے بولي - " بس بیٹا ! اب کُچھہ نہیں " * شیر نے چاھا کہ پہلے اِسي کو شِکار کرے - دَوڑ کر حملہ کیا * درخت پاس تھا - جھٹ اُس پر چڑھہ گئي شیر مُنہہ دیکھتا رہ گیا *

بہت سے جانوروں کے ناخُن ایسے ھیں کہ پنجوں میں چھپے رھتے ھیں - جب چاھتے ھیں باھر نکالتے ھیں * یہ سب گوشت کھانے والے جانور ھیں - اپنے ھي شِکار کا گوشت بہت پسند کرتے ھیں * اِن کے دانت شِکار کے کام کے خوب ھوتے ھیں * زبان کُھردُري ھوتي ھے - ھڈّیوں میں کچھہ گوشت لگا رھے تو اُس سے کُھرچ [5] لیتے ھیں * یہ سب جانور اُنگلیوں کے بل چلتے ھیں *

## ۴۹ — نیولا

ذرا جھاڑي کي طرف دیکھنا - نیولے اور سانپ کي لڑائي ھو رھي ھے - نیولا بڑا سِیانا ھے - سانپ کي گردن مُنہہ میں اَیسي دبائي ھے کہ بِچارے کي زبان باھر نکلي رہ گئي ھے - سانپ بھي نیولے کے گلے کا ھار [6] ھوگیا ھے - مگر کیا کرے ؟ بے

---

[1] The cat is called the tiger's aunt.

[2] *Tarnā*, to gather or infer from looks or words.

[3] *Niyat*, f., intention.

[4] *Fasād*, m., corruptness; depravity; evil.

[5] *Khuruchnā*, to scratch.

[6] *Hār*, m., garland of flowers or necklace of jewels. *Mālā*, a necklace or garland of any kind.

بس ھے - دشمن نے قابو پایا [1] ھے * نیولے کو دیکھو - کیا مزے سے سانپ کي گردن چبا نے جاتا ھے - اب تھوڑي دیر میں سانپ کا کام تمام ھو جائیگا - پھر یہ اور شِکار کي تاک لگائیگا *

یہ بڑا دل چلا [2] جانور ھے * ھونٹ ایسے لال لال [3] ھوتے ھیں جیسے پان کھایا ھے * بدن دیکھو - کیا پُھرتیلا ھے - دوڑ نے میں بہت چالاک ھے * چھپ کر گھات لگاتا ھے - وقت پڑے تو اُچھل کر پھلانگ [4] مارتا ھے - اپنے شِکار پر جھپٹ کر حملہ کرتا ھے * ھمیشہ چَوکنّا [5] رھتا ھے * پاؤں کے بل کھڑا ھوتا ھے - اور اِس طرح اِدھر اُدھر دیکھتا ھے کہ ھنسي آتي ھے * اِس کے دانت تیز ھوتے ھیں * چھوٹے چھوٹے [6] جانور شِکار کرکے کھاتا ھے - مگر چُھریاں بہت بھاتي ھیں *

اِس کا رنگ خاکي ھوتا ھے - اِس لیئے غریب جانوروں کو آنے کي خبر نہیں ھوتي - یہ بے خبر اپنے شکار کو جا دباتا ھے * اِس کا شِکار سامنے [7] نہ ھو تو پتا لگا لیتا ھے - اچھّے سَدھے ھوئے کتّے کي طرح کونے کونے [8] ڈھونڈتا پھرتا ھے - اور اُسے نکال لیتا ھے * تیتر - بٹیر - وغیرہ جو زمین پر انڈے دیتے ھیں اُن کے انڈے

---

1 *Qābū* (or *furṣat*) *pānā*, to get an opportunity.

2 *Dil-chalā*, adventurous.

3 *Lāl lāl*, red all over or very red.

4 *Phalāṅg mārnā*, to make a wide jump (man or horse); *chhalāṅgeṅ mārnā*, to stride.

5 *Chaukannā* (lit. "four-eared")=*hoshyār*.

6 Different small animals.

7 *Sāmne* = in sight.

8 What is the force of this repetition?

ڈھونڈ ڈھونڈکر [1] کھا لیتا ھے * مرغیوں اور کبوتروں کے حق میں
بڑا ظالم ھے - گردن توڑتا ھے اور لھو پی جاتا ھے * چوھے -
چھچھیاں - چھوٹے چھوٹے سانپ اور چھپکلیاں بھی مار ڈالتا ھے *

## ۳۰ — مکڑی

یہ بڑی گھات سے شکار کھیلتی ھے * ایسے مہین مہین جالے تنتی ھے
کہ نگاہ کام نہیں کرتی [2] - وھیں کسی کونے میں آپ دبک [3] رھتی
ھے - جو بھنگا یا مکھی جال میں پھنسی [4] اُس کی موت آئی *
کیسا خوبصورت جالا [5] بنایا ھے کہ دیکھکر عقل حیران ھوتی ھے *
جالے کے بیچوں بیچ یہ مکڑی بیٹھی ھے - مکھی پکڑ لی ھے -
کیا مزے سے کھا رھی ھے * ایک اور مکڑی شکار کی تاک لگائے [6]
کونے میں بیٹھی ھے * ننھے جانوروں کو کیا خبر کہ " ظالم ھمارے
خون کا پیاسا بیٹھا ھے ؟ " جو کوئی اُڑتا [7] آئیگا اور جالے میں
پھنس جائیگا یہ شیر کی طرح جھپٹیگی - اور اُسے جا [8] دبوچیگی -
وھیں غریب بے بس کا کام تمام کریگی *

---

1 Continually searching, by much search.

2 This idiom is also used for distance.

3 *Dabaknā*, to crouch.

4 Note the Preterite tenses=" As soon as a moth is entangled it is dead."

5 *Jāl*, m.. net; but *jālā*, web.

6 Past Partic. (inflec. as it is trans.), to express state.

7 *Uṛtā* (*hū,ā*) *ā,egā*; present participle signifies 'in the act of' and past part. 'in the state of.' *Kāghaz uṛā-āyā* but *kawwā uṛtā āyā*; the former was involuntary, it was blown by the wind. The participle of intransitive verbs not inflected.

8 i.e., *Jā-kar dabochegī*; *vide* " Hind. Man.," page 80 (*b*) (2).

سنو! مکڑی جہاں بیٹھتی ہے ذرا سا چیپ [1] وہاں لگا دیتی ہے - اور آپ نیچے لٹک جاتی ہے - تار چھوڑتی جاتی ہے اور نیچے ہوتی جاتی ہے * جب گز آدھہ گز [2] تار ہو جاتا ہے تو وہیں ٹھہر جاتی ہے اور جھولنے لگتی ہے - اور جھولتے جھولتے کسی دوسرے درخت کی ٹہنی کو جا لگتی ہے * اب دو درختوں کے بیچ میں ایک الگنی [3] سی تن جاتی ہے * یہ تار پر سے کبھی اِدھر آتی ہے کبھی اُدھر جاتی ہے - اِسی طرح تانا بانا تن کر اپنا جال لگا دیتی ہے * صبح شام کو ننھے ننھے کیڑے خوشی خوشی اُڑتے پھرتے ہیں * جالا اُنہیں دیکھائی نہیں دیتا - جہاں اِدھر آئے پھنسے [6] * اِسے گھر بیٹھے روز تازہ شکار پہنچ جاتا ہے *

تم نے دیکھا ہوگا بعضی [7] چھوٹی سی مکڑی ہوتی ہے - وہ اِدھر اُدھر اُچھلتی پھرتی ہے * بھوکی ہوتی ہے تو دبک کر زمین پر چپک [8] جاتی ہے - اور تاک لگائے بیٹھی رہتی ہے * جہاں کوئی مکھی سامنے آکر بیٹھی اور [9] یہ آہستہ آہستہ چلی -

1 *Chīp*, m , any sticky thing.

2 Note idiom.

3 *Alganī*, a rope or bamboo for drying clothes, a clothes-line.

4 *Se* understood.

5 The " *aur* of concomitance " ; *vide* " Hind Man.," p. 145 (*b*) (2) and " Hindustani Stumbling Blocks," VIII, 3 (*a*).

6 As soon as they come they are snared. The past is used to denote certainty. *Jahāṅ* could be omitted.

7 *Ba'ẓī* is generally followed by a plural noun and plural verb. Here it occurs before a noun of species.

8 *Chipaknā*, intr., adhere, cling to.

9 *Vide* note 5.

زمین سے لگي لگي [1] اِس طرح جاتي هے که مکّهي کو خبر بهي نهیں هوتي * جہاں [2] مکّهي ایک چهلانگ بهر [3] دور رهي اور [4] یه شیر کي طرح جهپٹي - اور دبوچ لیا * بعضی مکڑیوں میں سانپ کي طرح زهر هوتا هے * جب وُه مکّهي یا اور ننّهے ننّهے کیڑوں کا شِکار کرتي هیں تو اُن کے کاٹنے سے وُه کیڑے مر جاتے هیں *

## ۳۱ — چیونٹي

کیا ننّهي [5] سي جان هے ! کیا همّت هے ! اپنے سے دُگنا بوجهه اُٹّها لیتي هے - نه محنت سے مُنهه موڑتي هے نه مشقّت سے جي توڑتي [6] هے * کیسا جان کهپاتي [7] هے ! کس مُصیبت سے روزي کماتي هے ! خُدا کي قُدرت دیکهو * کیا بلا کي یاد هے [8] ! کہاں کہاں [9] پہنچتي هے پهر بهي اپنا ٹهکانا نهیں بهولتي *

مٹّهائي تو اس کي جان هے - مگر اور چیزیں بهي نهیں چهوڑتي - دیکهنا! بهڑ مري پڑي هے - اِنهیں شِکار هاتهه آیا - کیسي

---

[1] *Lagī* [*hū,ī*]; the repetition means "the whole way."

[2] *Jahāṅ* "where," for "when."

[3] *Bhar*, "to the limit of." In *kos bhar*, *gaz bhar*, etc., *bhar* sometimes means "to the limit of" and sometimes "full." *Bhar* is only used with a singular noun without *ek*; you cannot say *do kos bhar*.

[4] The *aur* of concomitance; *vide* "Hind. Man.," p. 145 (*b*) (2) and "Hindustani Stumbling-Blocks."

[5] *Nannhā*, tiny and neat.

[6] *Jī toṛnā*, to shirk, but *jī chhoṛnā*, to lose heart.

[7] *Khapānā*, tr., to consume altogether.

[8] *Kyā balā kī yād*, what a marvellous memory; *vide* "Hind. Man.," pages 50 (*b*) and 68-9.

[9] *Kahāṅ kahāṅ*, to what different places.

چمٹ گئي هيں ! کوئي پر کهينچتي هے کوئي دهڑ گهسيٹتي هے - کوئي سر کو چمٹتي هے [1] کوئي پاؤں کو لپٹتي [1] هے * ايک اُڑ رهي هے - بِچاري کي موت آپهنچي هے * بهلي چنگي تو هے - کيونکر جانا [2] مريگي ؟ جب اِن کے پر نِکل آتے هيں تو مرنے کے دن قريب آجاتے هيں - يه مثل نهيں سُني " چيونٹي کے پر نکلے هيں " ؟ يه وهاں بولتے هيں جهاں کوئي دولت يا قوت کي شيخي مارتا هے - اور اُسکي موت آپهنچتي هے * اِن ميں يه بڑي خوبي هے که ايک کو پتا لگ جاتا هے تو سب کو خبر کر ديتي هے - اور جو کُچهه پاتي هيں مِل بانٹ کر [3] کهاتي هيں *

آؤ باغ چليں - ان کي سير ديکهيں [4] * ديکهنا ! وه چيونٹيوں کي فوج کيسي قطار باندهے جاتي هے - اَيسي نظر آتي هيں گويا بڑي مُهم پر جاتي هيں * ديکهو - کيا سِيدهي لکير باندهي هے - مجال هے که سڑک سے کوئي اِدهر اُدهر هو جائے ؟ جيسے اِن کے نَنّهے نَنّهے [5] پاؤں هيں ويسي پتلي سڑک بنتي جاتي هے * کِتني تو [6] انڈے ليئے جاتي هيں - بعض خالي هاتهه چلي جاتي هيں *

---

[1] *Vide* note 4, p. 44.

[2] i.e., *tum ne jānā.*

[3] *i.e. milkar aur bāṅṭkar.*

[4] Note the difference in use of *sair karnā* and *sair dekhnā.*

[5] Repetition signifies plurality: *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," LXI, 3 (Supplement).

[6] *Kitnī to*, "some" In mentioning several things, the first has generally *to*.

یہ جو اُلٹی چلی آتی ہے ایسی جاتی ہے جیسے کوئی چیز بھول گئی ہو * کبھی قطار کے دائیں طرف آجاتی ہے کبھی بائیں طرف - پر قطار سے الگ نہیں ہوتی * کبھی ٹھیرتی ہے - اور سامنے والی سے ذرا مُنھہ مِلا کر اپنی راہ لیتی ہے جیسے کچھہ باتیں کرنے کو ٹھیری تھی *

آؤ ذرا بڑھہ کر دیکھیں * یہ سب کہاں جاتی ہیں ؟ بھائی ! کُھلے میدان میں تو وہ نظر آتی تھیں - یہاں گھاس میں آکر تو سب کی سب غائب ہو گئیں * اور آگے چلو - اِن پھولوں کی کیاریوں میں ضرور نظر آئینگی * لو! وہ تو کیاریوں کے کنارے کنارے [1] چلی جاتی ہیں - دیکھنا - مٹّی کے ڈھیلوں اور کیاری کے پودوں سے کیا بچ کر نکلی ہیں ! یہ جو درخت کا بڑا سا تنا کٹا پڑا ہے اِس سے بچ کر کہاں جائینگی ؟ وہ تو [2] خاصی طرح [3] تنے کے اُوپر سے ہوکر جاتی ہیں *

آگے تو سیدھا رستہ تھا - یہاں سے کیوں نہ گئیں؟ گڑھے میں پانی بھرا ہؤا ہے - اِس کے کنارے کنارے جانے کو اِتنا پھیر کھایا ہے * اب تو ایک پُرانے درخت کی جڑ میں پہنچ گئیں - اور یہیں غائب بھی ہو گئیں * یہ جو دراز سی [4] نظر آتی ہے سب اِس

[1] Keeping to the edge. Note force of repetition and *vide* "Hind. Man.," p. 169.

[2] *To*=see there.

[3] *Khāṣī ṭaraḥ*, pretty easily.

[4] *Daṛār*, a narrow split, long or short.

میں اُترتی چلی جاتی هیں * شام هوگئي - اب نگاه کام نهیں کرتي - گهر چلو *

چیونٹیوں کي اور بهڈیري عجب عجب باتیں هیں - مگر اُنکا بیان کرنا مشکل هے - اِس لیئے یهاں نهیں لکهي گئیں *

## ۳۲ — گنّا

دیکهنا - درخت کے نیچے گنڈیري والا بیٹها هے - ٹوکرا سامنے رکها هے - هاتهه میں سروتا [1] هے - گنڈیریاں کاٹ رها هے * ایک لڑکا بیٹها گنڈیریاں لے رها هے * دوسرا لے چکا هے - ایک هاتهه میں رومال کے اندر گنڈیریاں هیں - دوسرے سے لے لے کر [2] چوس رها هے * ایک عورت کي گود میں ننّها سا [3] بچّه هے - سادهه چهوٹي سي لڑکي هے * لڑکي نے گنڈیریاں دیکهي هیں - ایک هاتهه اُن کي طرف پهیلا [4] رکها هے - دوسرے هاتهه سے ماں کو کهینچتي هے که [5] "چل - مجهے گنڈیریاں لے دے" *

یه هندوستان کي عجب نعمت هے * پنجاب میں جو گنّے بونے کے لیئے رکهتے هیں اُنهیں ماگهه میں کاٹتے هیں - اور ایک گڑهے میں دبا دیتے هیں که جاڑے سے بچے رهیں * پهاگن یا چیت میں هر ایک گنّے کے پاؤ پاؤ گز کے ٹوٹے کاٹ لیتے هیں - اور

---

[1] *Sarautā* or *sarotā*, sugar-cane cutters; also nut-crackers.
[2] *Le le kar*, takes one after another.
[3] *Nannhā sā*, very tiny,—very small.
[4] *Phailākar rakhā.*
[5] *Ki*, "saying that."

کھیت میں دبا دیتے ھیں * ایک ایک گانٹھہ سے کئي کئي شاخیں نکل آتي ھیں - اور وُھي شاخیں گنّے بن جاتي ھیں * دِیمک اور کِیڑا بھي اِسے لگ جاتا ھے - چوھا بھي بہت کُچھہ نُقصان پہنچاتا ھے *

گنّے کي بہت قسمیں ھیں - اِن میں سے پَونڈا بہت کھانے میں آتا ھے * آٹھہ نو مہینے میں تو گنّا پکتا ھے - پھر اِسے کولھو [1] میں پیلتے [2] ھیں * روز جتنا رس نکلتا ھے اُسے پکالیتے ھیں * گُڑ بنانا ھو تو اُسے خُشک کر لیتے ھیں * راب بنانی ھو تو گاڑھا رکھتے ھیں * راب سے شکّر بنا لیتے ھیں - شکّر سے کھانڈ - قند اور مِصري بنتي ھے اور ان سے مِٹھائیاں بنتي ھیں - امیر سے غریب تک سب اُنھیں لے کر کھاتے ھیں *

## ۳۳ — آم

ذرا سامنے دیکھنا - کِتنے سارے آموں کے درخت ھیں * جو درخت ورے ھیں وُہ بڑے نظر آتے ھیں - جو پرے ھیں وُہ چھوٹے دِکھائي دیتے ھیں * درختوں کے نیچے ایک آدمي بھي چلا جاتا ھے - سر پر گٹھري ھے - دائیں ھاتھہ سے اُسے پکڑے ھوئے ھے - کندھے پر لکڑي ھے - اوپر کے سرے سے گٹھڑي کو سہارا دے رکھا [3] ھے - نیچے کا سرا ھاتھہ سے دبا رکھا ھے * دو بکرِیاں بھي ھیں -

---

[1] *Kolhū*, m., any oil- or other press.
[2] *Pelnā*, to crush in a press.
[3] Has kept supporting.

ایک سر جہکائے گہاس کہا رهي هے - دوسري گردن موڑے اُسے دیکهه رهي هے *

آم کا میوه هندوستان میں بہت هوتا هے * اس کي خوبي تو دیکهو - خوبصورت درخت - گھن کا سایه - کچّا پهل بهي کام کا - پکّا بهي کام کا * کچّا هو تو چٹني بناتے هیں - آچار اور مُربّا ڈالتے هیں - سُکهاکر سینکڑوں مَن امچور بناتے هیں * پکتا هے تو تراش کر کهاتے هیں - یا چوستے هیں *

پنجاب میں اس کي بہار [1] چیت بیساکهه میں شروع هوتي هے - پهر [2] جو دیکهو تو درخت مَور [3] سے لدا هوا هے * جب مَور جهڑ [4] جاتا هے تو ننّهے ننّهے سبز پهل نظر آتے هیں * جب وه بڑے هوتے هیں گلہریاں اور طوطے اِنہیں بہت کهاتے هیں * اکثر درخت بہت پهلتے هیں - جب آندهي آتي هے تو اِتنے پهل جهڑتے هیں که زمین پر بچهونا هو جاتا هے - پهر بهي وه لدے هي نظر آتے هیں *

جہاں [5] آم پر رنگ آیا طوطوں کے جهنڈ کے جهنڈ گرنے شروع هوئے * آے بے رحم مالي ! طوطے بیشک تیرے مال کا

---

[1] *Bahār*, spring; *met.* enjoyment, season.
[2] *Phir*, " then "; coll.
[3] *Maur*, mango-blossom.
[4] *Jharnā*, to fall (of leaves, flowers, hair, feathers). *Pat-jhar*, f., Autumn, the Fall.
[5] For *jab*.

نقصان کرتے هیں - مگر ایسا غلّہ [1] نہ ماریو [2] کہ [3] بچارے کا بازو توٹ جائے اور پھڑک کر دم نکل جائے *

پیوندي درختوں پر کچھہ اور هي بہار [4] هے - ذرا سا پودا هے جس میں آدھہ آدھہ سیر کے پان چھہ آم لگے هیں اور تہنیاں بوجھہ کے مارے زمین سے لگ گئي هیں * آم کا درخت ایک سال تو ایسا پھلتا هے کہ [5] سنبھالنا مشکل هوجاتا هے - دوسرے سال بہت هي کم آم آتے هیں کہ آدمي اور جانور دونو ترستے رہ جاتے هیں * بعض درخت ایک برس پھلتے هیں ایک برس نہیں پھلتے - بعض بارہ مہینے پھلتے هیں - اِنہیں بارہ ماسیا کہتے هیں *

یہ میوہ جیسا بوڑھے اور جوان کو بھاتا هے ویسا هي بچّے کو بھي پیارا هے * دُود [6] پیتے بچّے کو ایک دفعہ ذرا سا رس چٹّا [7] دو پھر [8] پیچھا نہ چھوڑیگا - آم کو دیکھا اور هاتھہ دوڑایا [9] * کویل کا اور آم کا ساتھہ هے - آم نے رنگ پکڑا اور کویل آئي * آم هوچکتے هیں تو یہ اور ملکوں میں چلي جاتي هے * برسات کے مَوسم میں کویل کي آواز دور سے کیا بھلي معلوم هوتي هے *

✓

---

[1] *Ghulla*, a pellet; *ghulel*, a pellet-bow.

[2] Future Imperative; not respectful.

[3] *Ki*, lest.

[4] Note idiom; — *par bahār honā*, for trees, mountains; but *mulk kī kuchh aur hī bahār hai.*

[5] *Us ko*, understood.

[6] *Dūd*, corruption of *dūdh*.

[7] *Chāṭnā*, to lick; *chaṭānā*, causal.

[8] *Tumhārā*, understood.

[9] Note idiom. Past tense for present. *Aur*, of concomitance.

# ۳۴ — نیم

ھندوستانیوں کے مکان ھوادار کم ھوتے ھیں - نیم کا درخت اُن کے لیئے ایک ھوا دار کمرہ ھو جاتا ھے *

نیم کے سائے میں دُھوپ بہت کم چھنتی ھے * پتّے ایسے گھنے ھوتے ھَیں کہ اُن میں چھوٹی موٹی [1] ڈالیاں چھپ جاتی ھَیں - چڑیاں [2] بولتی بہت ھیں مگر دِکھائی نہیں دیتیں * پُھول بھی بُہت آتا ھَے - اِس کی خُوشبُو سے آس پاس کے مکان [3] مہک جاتے ھَیں *

---

نیم کی کڑواھٹ ھِندوستان میں اَیسی ھی مشہُور ھے جَیسی گنّے کی مٹھاس - لیکن جَیسا کڑوا ھے وَیسے ھی گُن مِیٹھے ھَیں * اس کے پتّے - اس کی چھال - اِس کا پھل - اس کا پُھول بیماریوں کی دوا ھَے *

نیم کی لکڑی جب پُرانی ھوجاتی ھَے تو مضبُوطی میں شیشم سے کم نہیں ھوتی - اِس میں بڑا جَوھر یہ ھوتا ھَے کہ گُھن نہیں لگتا - بلکہ اِس کے صندُوق میں کپڑے رکھیں یا کتابوں اور پشمینے میں اِس کے پتّے دھریں تو اُن میں بھی کیڑا نہیں لگتا * جب نیم بُہت پُرانا ھو جاتا ھَے تو اُس کی کسی ٹہنی

---

[1] Very small.

[2] *Chiryāṅ*, gen. means small birds. *Chiṛī* is a sparrow and *chiṛyā*, a small bird, and the plural of both is *chiṛyāṅ*.

[3] *Makān*, houses.

میں سے خود بخود [1] پاني رسنے [2] لگتا ھے - اِسي کو مَد کہتے ھیں * لوگ اِس کے نیچے ھَنڈیاں باندھه دیتے ھیں - اور مد کولے کر شیشوں میں بھر رکھتے ھیں *

## ٣٥ — کھجور

ھندوستان کے خُشک ریتلے اور بنجر حِصّوں میں یه درخت بہُت مِلتے ھیں * انہي زمینوں میں جلدي بڑھتے ھیں - اور اُس جگہه بھي پھلتے پھولتے [3] ھیں جہاں اور پودے مُشکل سے رہ سکتے ھیں * دیہات میں اس درخت کے شہتیر بھي کچے مکانوں میں ڈالتے ھیں * پتّوں کے بورئے اور دستي پنکھے بنتے ھیں * پتّوں کے ریشے ٹوکریاں اور بورئے بُننے کے کام آتے ھیں * رسیاں بھي اُن کي بناتے ھیں * ھندوستان میں بہتیري جگہه اس کے چھوٹے بیچ کے پتّے پھیلنے سے پہلے توڑ لیتے ھیں - اُنہیں ساگ [4] کي طرح پکا کر کھاتے ھیں *

## ٣٦ — گرمي

آؤ تُمہیں گرمي کي تصویر دِکھائیں * دروازے کي مِحراب میں طوطے کا پنجرہ ٹنگا ھے - نیچے ایک آدمي بیٹھا اُونگھه [5] رہا ھے - حقّه سامنے رکھا ھے - بھنگي کي رسّي ھاتھه میں ھے

1 Of its own accord.
2 *Risnā*, to ooze out.
3 ***Phalnā phūlnā***, flourish and fruit.
4 *Sāg*, any ***green*** vegetable used as food ; greens.
5 ***Ūṅghnā***, to nod in sleep: *āṅkh jhapkānā* is "to doze."

"بھنگي ميں کيا هے ؟" "پاني کي صُراحياں هَيں *" "اِس ميں کيوں رکھّي هيں" ؟ "پاني ٹھنڈا کرنے کو" * "کيونکر ٹھنڈا هوتا هے؟" "ايک آدمي رسّي کھينچتا هے - بھنگي جھولتي هے - صُراحيوں کو هوا لگتي هے - اِس سے پاني جلدي ٹھنڈا هوتا هے" * "مسہري [1] پر کَون هے ؟" "ايک بابُو ليٹے هَيں - گرمي کے مارے بيتاب هَيں - پگڑي اُتار کر مسہري کے پائے پر رکھه دي هے - سيدها [2] هاتهه گھٹنے پر هے - اُلٹے [3] هاتهه ميں پنکها هے - نَوکر پاس کھڑا پنکها جهل [4] رها هے - جھلتے جھلتے تهک گيا هے - گردن ايک طرف جُھکا دي هے *"

هاے گرمي ! جوں جوں دُهوپ چڑھتي هے مُنهه اُترے جاتے هَيں * سُورج نکلتے هي کَيسي هوا گرم هوگئي - دُهوپ کي چمک آنکهوں سے ديکهي نهيں جاتي * کيا کوئي لکّهے کيا پڑهے هوش ٹهکانے نهيں * پسينے بہتے هَيں - مکّهياں ستاتي هيں - زمين آسمان تپ رهے هَيں - درخت زرد هَيں - پرند بچاروں [5] کا دَم گهٹتا هے تو چونچيں کهول ديتے هَيں - دُهوپ کے بچاؤ کے ليئے ٹهنيوں ميں گهسے جاتے هَيں *

ايک مُسافر ميدان ميں چلا جاتا هے - اُوپر سے دُهوپ پڑتي هے - نيچے زمين تپتي هے - کهيں درخت کا سايه پاتا هے تو جانتا هے کِه بہشت ميں آگيا - مگر لُو چلتي هے تو نه درخت کا سايه کام

1 Mosquito-curtain, or a bedstead with a mosquito-curtain.
2 *Sīdhā hāth*, right hand: *sīdhā* properly means "straight."
3 *Ulṭā* = left: *ulṭā* properly means "reversed."
4 *Pankhā* or *murchhal*, *jhalnā*, of hand-*pankhās*, etc.
5 Colloquial, but incorrect for *bichāre parindoṅ kā*.

کُرتا ھَے نہ چھتري کي چھاؤں * چھوٹے بچّوں کا عجب حال ھَے - پھول سے چہرے کُملائے ھُوئے ھَیں - رنگ زرد ھَیں - ابھي کٹوري مُنھہ سے چھٹتي ابھي پھر پاني [1] - پیاس کِسي طرح نہیں بُجھتي *

جِنھیں خُدا نے دیا ھَے دِن کو کبھي ٹٹّیاں چھڑکواتے ھَیں - کبھي تہہ خانوں میں گھس جاتے ھَیں - رات کو کوٹھوں پر سوتے ھَیں - بِچھونوں پر پھول پڑے ھَیں - پنکھے ھو رھے ھَیں - آپ پڑے لوٹتے ھَیں کہ "ھاے ھوا گرم ھَے - تن بدن [2] جلا جاتا ھَے" *

## ۳۷ — جاڑا

برسات ھو چُکي - جاڑا آیا * تالاو سُوکھے جاتے ھَیں - دریا اُتر گئے - ندّي نالے سے رہ گئے [3] * دِن گھٹتے ھَیں - راتیں بڑھتي ھَیں * ھوا ٹھنڈي ھوتي جاتي ھَے - اب نہ مینڈک ٹرّائینگے [4] نہ مچّھر ستائینگے * سانپ بانبیوں [5] میں جابَیٹھے - گرگٹ [6] دیواروں کي درزوں میں جا دبکے [7] * اِن دِنوں بہتیرے پرندے گرم مُلکوں میں چلے جاتے ھَیں اور اُن کي جگہہ اور پرندے آن مَوجود ھوتے ھَیں - ھنسوں - کُونجوں [8] اور مُرغابیوں کو سردي بھاتي ھَے -

---

[1] Note idiom.

[2] My whole body.

[3] The subject is *daryā*.

[4] *Ṭarrānā*, to croak, of a frog and met. of people to stop argument.

[5] *Bāṅbī*, a snake's hole.

[6] *Girgiṭ* is properly the chameleon. *Chhipkalī* is the house-lizard.

[7] *Dabaknā*, to skulk, crouch.

[8] *Kūnj* is the name in the Panjab for the *kulaṅg*, the Common Crane, the Coolan of Anglo-Indian sportsmen.

قطاریں باندھہ کر آتي ھَیں - جنگلوں میں ندِیاں اَور جھیلیں آباد کرتي ھَیں *

ذرا تصوِیر دیکھنا - اُونٹوں کي قطار پہاڑي سڑک پر سے اُتر رھي ھَے - افغانستان کے میوے وِلایتي لا رھے ھَیں - بڑے بڑے شہروں میں بیچینگے * ان وِلایتیوں کي صورتیں تو دیکھو - کَیسي ڈراؤني ھَیں ! لمبے لمبے [1] بال - لال لال [2] مُنہہ - مَیلے کُچیلے ڈھیلے ڈھالے کپڑے * یہ لوگ گھوڑے بھي بیچتے ھَیں - اِن کے گھوڑوں کے قد تو چھوٹے ھوتے ھَیں پر بڑے مضبُوط *

اِن دِنوں اکثر سرکاري افسر دَورہ کرتے ھَیں - رِعایا اپني فریادیں سُناتي ھَے اَور اِنصاف پاتي ھَے * مدرسوں کے صاحب [3] 'اِنسپکٹر' بھي اِنھي دِنوں میں دَورہ کرتے ھَیں - دِھات کے لڑکوں کا اِمتحان لیتے ھیں * اِسي مَوسم میں سپاھي مقام بدلتے ھَیں - ایک پڑاؤ [4] روز چلتے ھَیں - بڑي بڑي منزِلیں [5] طَے کرتے ھَیں - روز کي ورزِش اَور تازي تازي [6] ھوا کھانے سے بڑے مضبُوط رھتے ھَیں *

دیکھو - سُورج ڈُوبتے ھي کَیسي ٹھنڈک ھوگئي - آؤ اندر بَیٹھیں - انگیٹھي جلائیں - آگ [7] سیکیں - سبق یاد کریں -

---

1 Much long hair.

2 Red all over.

3 *Ṣāḥib*, a term of respect. Does not mean Englishman here.

4 *Paṛā,o*, m., camping-ground.

5 *Manzil*, f., a staging or halting-place and met. the distance between two stages.

6 Nice fresh.

7 *Se* understood.

مُطالعہ [1] دیکھیں * بعضے بچارے مَیدانوں میں راتیں کاٹتے ہَیں - کمّل اوڑھے الاؤ [2] پر بَیٹھے رہتے ہَیں - جاڑے کے مارے کانپتے ہَیں - دانت سے دانت بجتے ہَیں * سُورج نِکلتا ھَے تو جان میں جان آتي ھَے *

آج کل پہاڑوں پر برف پڑتي ھَے - بڑي نرم اور ھلکي ھوتي ھَے - کئي کئي [3] مہینے اُونچے اُونچے [4] پہاڑ اِس سے ڈھکے رہتے هیں - کبھي کبھي گھاٹیاں بھي سفید ھو جاتي ھَیں - اِن مقاموں پر پاني کے چشمے [5] جم جاتے ھَیں - اور ایسے سخت ھوتے ھَیں که لوگ اُن پر چلتے پھرتے ھَیں *

جب بہار آتي ھَے تو مَوسم میں ذرا گرمي آجاتي ھَے * ننگے مُنڈے درخت ھرے بھرے [6] ھو جاتے ھَیں - طرح طرح کے پُھول کِھلتے ھَیں - اِن کے پیارے پیارے [7] رنگ آنکھوں کو کیسے بھلے معلُوم ھوتے ھَیں - جدھر دیکھو عجب سماں ھَے - بہار ھي بہار نظر آتي ھَے * پرندوں میں جان سي پڑ جاتي ھَے - خُوشي کے مارے چہچہاتے ھَیں - شاما اور کویل آموں کے درختوں پر آ مَوجود

---

1 *Sabaq yād karnā* is to go over a lesson learnt in class. *Muṭāla'a dekhnā* is to prepare a new lesson. *Āmokhta paṛhnā* is to go over back lessons. *Sabaq paṛhnā*, however, is to repeat to the teacher a new lesson.

2 *Alā,o*, a common bonfire subscribed for by the village.

3 *Ka,ī ka,ī*, several months together.

4 High hills; repetition indicates plurality.

5 *Chashma*, a spring, and also the stream for some distance from its source.

6 Fresh and green.

7 *Pyāre pyāre*, repetition as the flowers are of different colours.

هوتي هَين اور اپني مِيٹهي مِيٹهي آوازوں سے دِل لُبهاتي هَيں *
بهڑيں اُڑتي پهرتي هَيں - چهتّے بناتي هَيں * کسان هل چلاتے هَيں
دهان بوتے هَيں * گيهوں پکنے پر آتے هَيں * اِس وقت پاني کے
دو چار چهينٹے پڑ جاتے هَيں تو زميندار نِهال [1] هو جاتے هَيں *

## ٣٨ — برسات

گرمي گئي برسات آئي * ديکهنا - کيا کالي گهٹا [2] اُٹهي هے
يه برسے [3] بغير نه رهيگي * کِواڑ [4] بيشک کهول دو - اب لُو نهيں
چلتي * ذرا باهر نکل کر تو [5] ديکهو کيا ٹهنڈي ٹهنڈي [6] هوا چل رهي
هے * اے لـــو ! وه گرجـــا [7] - وه بِجلي چمکي - وه بُونديان بهي
پڑنے لگيں * ديکهو تو - آن کي آن ميں کيسي رُت پهر گئي *

آج کوئي کِسانوں کے جي سے پوچهے - کيسي خُوشيان هو
رهي هونگي * لو صاحِب ! اب تو مُوسلا دهار [8] برسنے لگا پرنالے
دهائيں دهائيں [9] گِر رهے هيں * ٹهنڈي هوا کو جي ترس گئے تهے [10] -

---

1 *Nihāl*, H., pleased. *Nihāl*, P., a sapling.
2 *Ghaṭā*, a heavy cloud.
3 Past partic. for noun.
4 *Kiwāṛ*, one leaf of a door.
5 Then.
6 Cool and pleasant.
7 *Bādal* understood.
8 *Mūsal* is a pestle and *dhār*, a fall of water; *mūslā dhār* means each 'line' of rain is as thick as a pestle.
9 *Dhā,eṅ, dhā,eṅ* is the sound of the flow in the gutter.
10 "Had longed for," as the cool has now *come*: in English "have been longing for."

مُدّت کے بعد آج چَین سے سونا نصیب ہوگا * دو تین دن یہی حال رہا تو جنگل میں سبزہ ہی سبزہ نظر آئیگا *

اب تو مینہہ تھم گیا - آؤ جنگل کی سَیر کریں * دیکھنا آسمان کا رنگ کیا صاف نکل آیا ہے * آہا ! کمان ! دیکھو تو ! کیا کیا رنگ ہیں ! ذرا سُننا - کویل کیا مزے سے کُوک [1] رہی ہے - آج رات کو پپیہا بھی بولیگا [2] - اَور برسات کے گوّیے بھی گائینگے * ہَیں [3] ! وہ کَون ؟ وہ مینڈک * تَوبہ ! وہ تو ٹرّاتے ہیں - اَور سارا جنگل سِر پر اُٹھا لیتے ہیں [4] *

درختوں کو دیکھو ! کیا دھوئے دھائے صاف نکلے ہیں * ذرا آسمان کے کنارے کو دیکھنا - اِن بادلوں کے رنگ کَون گِن سکے ؟ اے لو ! بیر بہوٹیاں نکل آئیں - پرندے کِرم چُگتے چُگتے تھک جائینگے *

## ٣٩ — مُرغا

مُرغ بڑا بہادر اَور خُوبصُورت ہے - جب وہ اپنی مُرغیوں کو لیئے تنّتا [5] ہُؤا چلتا ہے تو اَیسا معلوم ہوتا ہے وہ بھی خُوب سمجھتا

---

1 *Kūknā*, "to *kūk*," of the ko,el; also to wind a watch, tune a musical instrument.

2 Not "sing."

3 *Haiṅ*, halloa (attonishment).

4 To annoy, deafen by din: of noise only.

5 *Tannā*, to be stretched; here = drawn up to his full height. *Tānnā*, tr., to stretch, and in Calcutta, to pull; also to taunt (= *ṭa' nadenā*).

ھے کہ " ہم بھي کُچھہ ھَیں - اَور کس آن تان [1] سے چلے جاتے ھَیں " * کسي دِیوار یا پتّھر یا ٹیلے پر بیٹّھتا ھَے تو 'تیس مار خاں' [2] معلُوم ھوتا ھَے - گلا پھُلاتا ھَے چھاتي اُبھارْتا [3] ھَے اَور سارے بدن کا زور لگا کر چِلّاتا ھَے کہ " ککڑوں کوں " - گویا ساري دُنیا کو سُناتا ھَے کہ " دیکھو - ہم کَیسے بانکے اَور سُورْما ھَیں " * یہ لڑائي پر مرْتا ھَے [4] *

کبھي کبھي بے رحْم لوگ اِس کي جنْگلي عادت سے اپنْے دِل خُوش کرْتے ھَیں - وُہ اِس کے اَصاي ھتّیاروں یعنْي کانٹّوں پر بھي بس نہیں کرْتے بلْکہ اُن پر تیز لوھا چڑھاتے ھَیں - اَور اُسے دُشمن کے سامْنے چھوڑتے ھَیں کہ وُہ بھي اِسي طرح تیّار ھوتا [5] ھَے *

مُرغي بہت انڈے دیتي ھَے - کھانے میں بڑے مزیدار ھوتے ھَیں * بڑے صبرْ سے اِکّیس دنِ تک بیٹّھي انْڈے سیتي [6] ھَے اَور اِس طرح بچّہ نکالتي ھَے * یہ اپنْے بچّوں کو بڑي دِلیري سے بچاتي ھَے * کُتّے بلّي اِس کے دڑبے [7] کے پاس جائیں تو پروں کو پھُلا کر کُڑ کُڑاتي ھُوئي دَوڑتي ھَے - اِس کي ڈراوني صُورت [8] سے

---

[1] *Ān tān*, f., swagger; but *ān bān*, graceful airs (of a woman).

[2] *Tīsmār Khān*, a blustering, cowardly bully who killed thirty mosquitoes and assumed the proud title of Mr. *Tīs-mār*. Compare the "Seven-at-a-Blow" of Grimm.

[3] *Ubhārnā*, to cause to protrude; *ubharnā*, intr., to protrude; emerge.

[4] Is desperately fond of fighting.

[5] The present tense *hotā hai* signifies "generally."

[6] *Senā*, tr,, to hatch.

[7] *Daṛbā*, a house or roost for fowls.

[8] Compare *ronī ṣūrat*, "doleful aspect."

معلُوم هوتا هَے کہ مرنے مارنے کو تیّار هَے - اِس وقت دِل چلے [1] هي جانور کا کام هَے کہ اِس کا سامنا کرے * چیل اِس کے بچّوں پر منڈلاتي هوُئي آتي هَے تو جهٹ اُن کو پروں کے نیچے چُهپا لیتي هَے * اِس کے بچّے بڑے خُوبصُورت هوتے هَیں - گُلابي ٹانگیں - گول گول کالي آنکهیں تارا سي چمکتي هُوئیں - زرد سفید نرم نرم روئیں دار [2] کهال کا کُرتہ پہنے چُوں چُوں کرتے پهرتے هَیں *

## ۴۰ — گدها

ذرا سامنے دیکهنا - کتنے گدهے اِکٹّهے هو رهے هَیں! اوهو! کوئي مُردار [3] بیَل هَے یا کِسي گدهے کي لاش - اَیسے هي گوشت کها کها کر اپني زندگي بسر کرتے هَیں * اِن کي صُورتیں کَیسي مکروہ اَور ڈراؤني هَیں! بڑے بڑے قد - بهُورے سے مَیلے پر - ننگي ننگي گردنیں - گنجے گنجے [4] سر - مڑي هُوئي چونچیں - پهٹے پهٹے دِیدے * کیا گِهناؤنے جانور هَیں! کَیسي غلِیظ چیزیں مزے لے لے کر کهاتے هَیں! یہ اپني غذا پر اَیسے گرتے هَیں [5] کہ هم سِر پر

[1] ***Dil-chalā***, adventurous, bold.

[2] ***Ro,āṅ*** (uninflected form) is fine hair, down; short hair of a horse, colt, etc.

[3] ***Murdār***, a carcass; anything that has died of itself; also of an animal that is *ghair ḥalāl*.

[4] ***Ganjā***, scald-headed, bald *from a disease*. *Chandlā* is bald from old age, etc. Repetition indicates plurality.

[5] "To be very keen on"; can be used met. of animals as well as men, as: *Bangālī machhliyoṅ par aisā girte haiṅ jaisā murdār par gidh.*

جا پہنچتے ہيں جبھي خبر ہوتي ہے * پھر اپني ضيافت حسرت سے چھوڑ ديتے ہيں - چوڑے چوڑے پر [1] پھيلا کر چپ چاپ اُڑ جاتے ہيں * کچھه دور نہيں جاتے - آس پاس جو درخت ہيں اُنہي پر جا بيٹھتے ہيں کہ من [2] بھاتي خوراک آنکھه سے اوجھل [3] نہ ہو - جب موقع پائيں جھٹ آن موجود ہوں * يہ جانور بڑا کھاؤ ہے - چاہتا ہے کہ "ناکوں ناک [4] بھر جاؤں * " خوب پيٹ بھر جاتا ہے تو کسي درخت يا کسي اُونچے سے [5] پتھر پر جا بيٹھتا ہے - آنکھيں بند کر ليتا ہے - ادھه مؤا سا اِتني دير بيٹھا رہتا ہے کہ وہ مکروہ غذا پچ جاتي ہے *

بہت سے [6] پرندے اناج اور کيڑے کھاتے ہيں مگر گدھه گوشت ہي کھاتا ہے * يہ شکاري پرندہ ہے گو اِسے شکار سے مردار بہت بھاتا ہے * باز - شکرا - بہري [7] - لگھڑ - چيل - اُلّو وغيرہ سب شکاري پرندے ہيں *

## ۴۱ — چڑي

يہ بڑي مشہور ہے - اِسے سب جانتے ہيں - ہندوستان ميں

---

1 *Par*, feather; *also* wing. Repetition indicates plurality.

2 *Man-bhātā*, adj., "much liked" (of things or people).

3 *Ojhal*, adv. = to be behind a screen.

4 *Nākoṅ nāk bhar-jānā*, "to be gorged" (*lit.* to be filled right up to the nostrils).

5 Very high. *Vide* "Hind. Man.," p. 99 (c).

6 Very many.

7 Incorrect for *baḥrī*.

کوئي آدمي نه هوگا جس نے بچپن میں چڑے چڑیا [1] کي کہاني نه سني هو * جس موسم میں دیکھو گھروں میں اِدھر اُدھر موجود هَے - حقیقت میں آدمیوں سے اِسے ایک قدرتي لگاؤ هَے - جہاں وہ رهتے هَیں یه ضرور وهاں هوگي * یه هر جگهه مزے سے رهتي سہتي [2] هَے - خواہ شہر کے بازار هوں اَور بِهیڑ بهاڑ - خواہ باهر کي تازي هوا اَور سنسان جگهه * اِس کے پروں کا رنگ شوخ [3] نہیں - صوفیانه [4] هے - مگر پهر بهي ایک شان رکهتا هَے - اَور رنگوں کا میل جول بهي خوش نما هَے * اِس کي آنکهیں تو دیکهو - کَیسي روشن اَور چمکتي هَیں ! چونچ کیا مضبوط هَے ! نوک تیز * چڑا چهوٹا سا جانور هَے مگر بڑا اڑاکا - ڈهیٹ [5] اَیسا هَے که بہت هي کم ڈرتا هَے *

## ۴۲ — هد هد یا کٹهه بڑهئي [6]

اِسے دیکهنا - کبهي درخت کي اِس شاخ پر آتا هَے کبهي اُس شاخ پر جاتا هَے * کیا خوبصورت هَے ! شعله رنگ تاج [7] دهوپ

---

1 Most stories begin "Once upon a time there were a Cock and a Hen Sparrow": hence *chiṛe chiṛī kī kahānī* often means "a fable."

2 *Sahnā*, lit. "to suffer, endure," is here merely the meaningless appositive, *vide* "Hind. Man.," p. 170 (*c*).

3 *Shokh*, bright, of colour.

4 *Ṣūfiyāna*, lit. "ṣūfī-like," means simply "plain."

5 *Ḍhīṭ*, "impudent and bold."

6 *Kaṭh* for *kāṭh* wood, and *baṛha,ī*, carpenter.

7 *Tāj*, crown; also comb of a cock; crest of a bird.

سے چمکتا ھَے * تاج کے ھر پر کي نوک کیا سیاہ ھَے ! دیکھو - پیٹھہ پر بھي اِن کے جواب میں [1] تِین کالے گنڈے [2] ھیں * چوڑے چوڑے بازُو بھي خُوبصُورت ھیں - اُن پر سِیاہ سفید دھاریاں ھیں - یِہ اور بھي بہار دیتي ھیں * دیکھنے کے قابِل تو [3] چونچ ھَے - لمبي - پتلي - خمدار * اِس سے اُس کے بڑے بڑے [4] کام نکلتے ھیں - زمِین میں اور گلے سڑے درختوں میں جو کیڑے ھوتے ھیں اِسي چونچ کي بدولت اُنھیں اندر سے نِکال لیتا ھَے * یِہ اپنا کام سوچ بچار کر سہج سہج کرتا ھَے * کھانے لگتا ھَے تو کیڑوں کو چونچ سے کچل کر گونڈا [5] سا کر لیتا ھَے * یِہ ایک عجیب بات ھَے کہ اِس کے بچّوں کي چونچ ٹیڑھي نہیں ھوتي - نہ اُنھیں اِس کي ضرُورت ھَے * ماں باپ چوگا [6] لاتے ھیں - اُنھیں کھلا جاتے ھیں * جوں جوں بڑے ھوتے ھیں اَور آپ کھانے لگتے ھیں چونچ بھي مُڑتي جاتي ھَے *

یِہ کھوکھلے درختوں اَور دِیواروں کے چھیدوں میں گھونسلا بناتا ھَے - گھاس پتّوں کي ڈنڈیوں [7] اَور پروں سے اپنا گھر سجاتا ھَے * اِس

---

1 "In answer to them" = "to match them." *Sab sawāl o jawāb hain* to match, of place or position; of doors, or pictures in a room.

2 *Ganḍā*, stripe.

3 *To*, but.

4 Very many.

5 *Gonḍā*, soft dough (made of the meal of parched grain, etc.) for feeding birds.

6 *Chūgā*. bird's-food; from *chugnā*, "to pick up."

7 *Ḍanḍī*, a thin twig.

کي مادہ چار سے سات تک انڈے دیتي ھے - اُن کا رنگ نِلاھٹ لِیئے سفید ھوتا ھے *

لوگوں نے اِس کے تاج کي بہُت سي عجِیب عجِیب کہانیاں بنا رکھي [1] ھیں * مِصْر کے لوگ اِسے حضْرت [2] سُلَیمان کا بیٹا کہتے ھَیں - اُنْھي کِي ایک رواِیت ھَے کہ پہْلے اِس کا تاج سچ مُچ سونے کا تھا - لالچ سے لوگ اِسے مار ڈالا کرتے تھے * اِس نے حضْرت [2] سُلَیمان سے فرْیاد کي - اَور مُقدّمہ پیش کِیا * وُہ سمجھے کہ سونے کا تاج اِس کي جان کا جنْجال ھَے - جب تک یہ سِر پر ھَے لالچي لوگ اِسے مارتے رھینگے - حُکْم دیا کہ پروں کا تاج ھوجائے - جب [3] سے سونا اُڑگیا - پر ھوگئے *

تاج کے باب میں اگلي رِوایت کي طرح اَور بہُت سي رِوایتیں لوگوں نے بنائي ھیں * سچ پُوچھو تو خِیال کرنے کے قابِل اِس کي چونچ ھَے - جِس کا ذکْر پہْلے آچُکا ھَے *

## ۴۳ — سانْپ

خبردار! اِس لَمبي لَمبي [4] گھاس میں ننگے پاؤں نہ جانا - اَیسا نہ ھو کِسي سانْپ پر پاؤں پڑجائے * یہ سچ ھَے کہ سارے

---

1 *Banā-rakhnā* = *gaṛh-rakhnā*: the force of *rakhnā* is "before hand," *i.e.*, from olden times.

2 *Ḥazrat* is used before the names of Prophets and great Saints; but *Ān Ḥazrat* is Muhammad only.

3 *Jab* for *tab*.

4 Long everywhere.

سانپ زهریلے نہیں - مگر ہندوستان میں زہریلے بہت ہوتے ہیں - ہر طرح ہوشیار رهنا چاهئیے * اِن کے چھوٹے قدوں پر نہ جاؤ [1] - یہ بڑے مُوذي هیں * کالے ناگ کا کاٹا اکثر آدهه گهنٹے کے اندر هي [2] مر جاتا هے *

اِس مُلک میں ایک آیسي قوم [3] هے جو کہتي هے کہ " هم سانپ کے منتري هیں " * وہ دعوی کرتے هیں کہ " منتروں کے زور سے هم زهریلے سانپوں کو بانبیوں سے نکالتے هیں" * اُنہیں چھیڑتے هیں - اُن سے کهیلتے هیں - وہ ذرا نہیں کاٹتے * سچ تو یہ هے کہ جن سانپوں سے یہ کهیلتے هیں وہ هلے هوئے هوتے [4] هیں *

## ۴۴ — شیر [5] یعني باگهہ

یہ بڑا خوبصورت - بانکا [6] اور شهہ زور جانور هے * اس کي بعض باتیں بلّي - چیتے - تیندوے سے ملتي هیں - یعني اس کے ناخن بهي اِن جانوروں کي طرح پنجے کے اندر چھپے رهتے هیں - جب چاهتا هے نکل آتے هیں * زبان بهي کهردري هے - کہ

---

1 "Don't be deceived by—." Note idiom.

2 *Hi* = less than.

3 *Qaum* can be a caste or class of either Hindus or Muslims: but *ẕāt* is for Hindus only.

4 *Hilā hū,ā*, adj., "tame" vide *Stumbling-Blocks*, Supplement IX, 2.

5 In Persia *sher* (pron. *shīr*) is a lion.

6 *Bāṅkā*, a dandy (in a good sense) but *raṅgīlā*, or *bāṅkā tirchhā*, a fop (in a bad sense). The term *bāṅkā* is applied to horses and tigers in the sense of "proud, holding itself well."

جو گوشت ھڈّیوں میں چمٹا ھو اُس سے کُھرچ لیتا ھَے * انھی کي طرح اُنگلیوں کے بل چلتا ھَے * اُنگلیوں کے نیچے کي طرف نرم نرم [1] گوشت ھَے - جب چلتا ھَے تو پاؤں کي آھٹ [2] نہیں ھوتي * اُنھي کي سي آنکھیں ھَیں کہ دِن رات برابر دیکھتي ھَیں [3] - ویسے ھي کان ھَیں کہ ذرا سي آھٹ ھو تو جھٹ سُن لیتے ھَیں [3] * شیر اگرچہ بِلّي کي طرح درخت پر نہیں چڑھہ سکتا لیکن نِہایت چُست و چالاک ھَے - لمبي لمبي چھلانگیں [4] مار سکتا ھَے * اِس کي ھر ادا میں خُوشنُمائي اَور بانکپن پایا جاتا ھَے * رنگ گہرا زرد ھوتا ھَے مگر چمکیلا - اُس پر سیاھي مائل دھاریاں * پیٹ - چھاتي اَور گردن کي پشم سفیدي لیئے * پُورے قدّ کا شیر سِر سے دُم کے سِرے تک اکثر تو نَو یا ساڑھے نَو فُٹ ھوتا ھَے - بعض دس فُٹ بھي - کبھي کبھي گیارہ بارہ فُٹ تک بھي دیکھنے میں آیا ھَے *

شیر ھِندوستان کے جنگلوں - بنوں اَور چھوٹے چھوٹے [5] پہاڑوں میں ھوتے ھَیں - اَور اکثر گھني جھاڑیوں میں رھا کرتے ھَیں یا لمبي لمبي [6] گھاس میں * بعض دفعہ پُرانے منڈروں پر یا پُرانے

---

1 *Narm narm*, very soft.

2 *Āhaṭ*, f., sound of a footfall, or any other unknown sound, especially in the dark.

3 The subjects are *āṅkh* and *kān*.

4 *Chhalāṅg mārnā*, to stride; also to make a long jump.
*Lambī lambī*, for plurality.

5 For plural idea.

6 *Lambī, lambī*, "long everywhere."

کھنڈروں کي دیواروں پر تین چار اکتّھے پڑے ھُوئے دکھائي دیتے ھَیں * یُوں تو ایشیا کے اَور مُلکوں میں بھي شیر ھوتے ھَیں مگر ھندوستان میں سب جگہہ سے زیادہ ھَیں *

شیرني ایک جھول [1] میں دو سے چار تک بچّے دیتي ھَے - اَور جنگل میں اکثر اَیسي جگہہ جنتي ھَے جہاں گھني جھاڑیاں وغیرہ ھوں * بچّے جب تک آپ شِکار نہیں کرسکتے ماں کے ساتھہ رھتے ھَیں * اِسے بچّوں سے بڑي محبّت ھوتي ھَے - اِس کا بچّہ کوئي اُٹھالے جائے تو تین چار رات برابر وھیں آس پاس پڑي رھتي ھَے - اور غُصّے کے مارے ڈَکرایا [2] کرتي ھَے *

ایک صاحب کے نوکروں کو جنگل میں شیر کے چار بچّے مِل گئے - وہ اُن میں سے دو اُٹھا لائے - اَور اپنے آقا کي نذر کِیئے [3] * آقا نے طویلے میں بھیج دِیئے - بچّے وھاں کئي رات چیختے رھے * آخِر ماں کو پتا لگ گیا - وہ اَیسي غُصّے میں بھري ھُوئي پہنچي کہ گویا سارے طویلے کو فنا کر دیگي * مالک کا بھي جي نہ چاھا کہ بچّوں والي کو گولي سے مار ڈالے - مگر اُس کے مارے بغَیر بچّوں کو رکھہ بھي نہ سکتا تھا * ناچار بچّوں کو چھوڑ دیا *

---

1 *Jhol*, m., a litter; also a clutch (of eggs); a brood (of chickens).

2 *Ḍakrānā* or *ḍakārnā*, to roar (of a tiger): bellow (of an ox); to bawl out (of people); *garajnā* has the same meanings, besides "to thunder."

3 Note verb in plural. Why not نذر کیا ?

شیر مویشی کے شکار کا عاشق ہوتا ہے - مگر جنگلی سوٗر- سابر [1] - چیتل اور اور جنگلی جانوروں کو بھی مار لیتا ہے * جوان شیر بڑا ظالم ہوتا ہے اور بعض وقت چار چار پانچ پانچ گایوں کو ایک ہی دفعہ مار ڈالتا ہے مگر بوڑھا شیر اکثر اپنی بھوک کے موافق شکار کر لیتا ہے * حقیقت میں شیر ڈرپوک جانور ہے - جب کوئی اس کا مقابلہ کرتا ہے تو ٹل جاتا [2] ہے - ہاں جب زخمی یا جھلایا [3] ہوا ہوتا ہے تو ہٹتا نہیں * اکثر دن بھر تو چھپا رہتا ہے - رات کو شکار کی گھات میں بیٹھتا ہے اور جب کوئی جانور کسی ندی یا تالاب پر پانی پینے جاتا ہے تو ایک چھلانگ مارتا ہے - اور بے خبر آن • دباتا ہے * کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ شیر نے جنگلی سوٗر پر حملہ کیا - اور اس نے اپنے لمبے لمبے تیز دانتوں سے جو باہر نکلے ہوتے ہیں اسے پھاڑ ڈالا * شیر جب مویشی کے ریوڑ پر حملہ کرتا ہے تو بعض وقت وہ اس کے بس میں نہیں آتیں - بلکہ سامنا کر کے مار ہٹاتی ہیں * ایک کتاب میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ بھینسوں کا ریوڑ چر رہا تھا - اور ایک گڈریے کا لڑکا ان کے ساتھ تھا - ایک شیر نے لڑکے کو آپکڑا - ساری بھینسیں شیر پر پل پڑیں [4] - اور لڑکے کو چھڑا لیا * ایک دفعہ کوئی شیر بہت دن

---

[1] Or *sāṅbhar*.

[2] *Ṭalnā*, avoid, i.e. move off.

[3] *Jhallānā*, infuriated.

[4] *Relnā*, gen., to rush; *pilnā*, to rush *on*, to attack: *rel pel karnā*, rushing and pushing; jostling.

تک کُچھہ نہ کھاسکا - بہُت دُبلا ہوگیا * ایک شکاري نے اُس کا شکار
کیا - دیکھے [1] تو "ایک ساھي کا کانٹا حلق میں اٹکا ھوُا ھے" * کہیں
سیہ کو پکڑا ہوگا - کانٹا حلق میں اٹک گیا جبھي [2] اُس سے کُچھہ
نگلا نہ جاتا تھا * شیر کو اکثر اپنے شکار کا گوشت بہُت بھاتا ھے -
مگر بعض دفعہ مُردار بھي کھا لیتا ھے * ایک دفعہ کا ذکر ھے کہ
کسي صاحب نے ایک شیرني کے [3] گولي ماري - اور جانا "کہ وہ
مرگئي" * آپ خیمے میں چلے آئے - اور اُس کي لاش لانے کے لیئے
ایک ھاتھي بھیجا * آدمي پھر کر گئے اور کہا کہ "وہ تو ابھي زندہ
ھے" * دُوسرے دن صاحب خُود گئے - دیکھا کہ ایک شیر اُسے
گھسیٹ کر لے گیا اور آدھا ایک [4] کھا گیا - صاحب نے اِس شیر
کو بھي مار ڈالا *

شیر اکثر آدمي پر حملہ نہیں کرتا * دکن میں بعض جگہہ ایسا
بھي ھوُا ھے کہ گاؤں کے لوگ سائبانوں میں پڑے سوتے تھے -
شیر آیا اور ایک آدھ کو [5] اُٹھالے گیا * یہ بھي ھوتا ھے کہ شیر

---

[1] Aorist as Hist. Pres., *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XXXVI, 7 (*a*).

[2] ***Jabhī*** for ***tabhī***: the modern tendency is ***always*** to use *jab* for ***tab***. ***Vide*** "Hind. Man.," pp. 45, note 2, and 202 (*e*), for forcible use of *jab* for ***tab***. *Jabhī* means here "for that very reason, it was for that reason that—."

[3] ***Badan par***, understood; ***vide*** "Hind. Man.," pp. 68, note 1, and 7 (*e*) (4).

[4] About half; but ***ek ādhā***, one half (of the two halves).

[5] ***Ek ād*** (or *ādh*), "one or two."

بُڈّھا ھو جاتا ھَے - دانْت کُنْد ھو جاتے ھَیں - طاقت جاتي رھتي ھَے - تو آدْمي ھي کا شِکار کرْنا ھَے - کیونْکه جانوروں کي نِسْبت آدْمي آساني سے قابُو میں آجاتا ھَے *

تُم یه جانْتے ھي [1] ھو کِه جن مَوت کے ماروں کو شیر پکڑ کر لے جاتے ھیں اُن میں سے شاید ھي [2] کوئي جیتا بچْتا ھَے - مگر اَیسا بھي ھُوا ھَے کِه بعْض قِسْمت والے اِس ظالِم کے پنْجے سے بچ نِکلے ھَیں * ایک لڑائي کے مَوقع پر چھه سَو سِپاھي کُوچ کیئے [3] جاتے تھے - رات کو ذرا دیر سے منْزِل پر پہُنْچے * خَیموں کے پاس ھي ایک بڑا گھنا بن تھا * کمانیرَ تھکا ماندہ تھا - چاھْتا تھا کِه دو چار گھنْٹے نینْد لے لے - مگر لیٹا ھي تھا [4] کِه بنْدُوق کي آواز آئي * چَونْک پڑا اَور دَوڑ کر ڈیرے کے دروازے پر آیا - سِنْتري سے پُوچھه رھا تھا کِه " یه آواز کِدھر سے آئي ؟ " - اِتْنے میں ایک بڑا سا شیر ایک سِپاھي کو مُنْھه میں لیئے چھلانْگیں مارْتا سامْنے سے نِکل گیا * سِنْتري نے جھٹ گولي ماري - شیر نے ایک لمْبي سي جسْت کي اَور جھپٹ کر نِکل گیا * کمانیرَ - سِنْتري - کُچھه اَور سِپاھي جو آن پہُنْچے تھے سب اُس کے پیچھے دَوڑے - اَور جہاں جہاں زمین پر خُون

1 *Hī*, certainly.
2 *Shāyad hī* = possibly but I don't think so.
3 i e., *Kiye hū,e*, past partic.
4 *Leṭā hī thā ki*, "he had just lain down when —."

ٹپکا تھا اُس کے نِشان پر کئي سَو قدم تک گئے - مگر کِسي کو
سپاهي بِچارے کي اُمید نہ رهي * اِتنے میں اس زور سے شیر ڈکارا
کہ آس پاس کے پہاڑ گُونج اُٹّھے - تب اُنهي جھاڑِیوں میں کوئي
پچاس قدم کے فاصلے پر ایک للکار کي آواز آئي * بڑھہ کر دیکھیں
تو "میاں سِپاهي [1] لنگڑاتے چلے آتے هَیں [2] " * حال دریافت کِیا -
مَعلُوم هُوا کِہ وُہ غرِیب "بِکت" کے سِپاهیوں کے لیئے کھانا لے گیا
تھا - پھرا هُوا آتا تھا کِہ جھاڑِیوں میں کُچھہ سرسراهٹ [3] معلُوم
هُوئي - ابهي پِھر کر دیکھنے نہ پایا تھا کِہ شیر نے اِس زور سے آن
دبایا کِہ بیهوش هوگیا * کئي لمحے تک اپنے حال کي کُچھہ خبر
نہ رهي - جب هوش میں آیا گولي کي آواز کان میں پهُنچي اَور
ران میں دَرد مَعلوم هُوا - دیکھتا هے کہ شیر کے مُنهہ میں هَے [4] *
کِسي نے شیر کے [5] گولي ماري تهي - وُہ اِس کے [5] لگي هَے - مگر
خَیر یِہ تهي کِہ اب تک شیر نے کوئي زخم اُس پر نہ لگایا تھا -
فقط کپڑے اَور توشدان هي اُس کے مُنهہ میں آیا تھا * غرض سِپاهي
نے جُوں تُوں کرکے اپني سنگین نِکالي - اَور شیر کے بدن میں گھونپ [6]

---

1 ***Miyāṅ***, here is a term of pity = *be-chāra*. The word shows, too, that the sepoy was a Muslim.

2 Plural after *Miyāṅ*. Semi-respectful = Master Sepoy.

3 Rustling of paper, leaves, snakes in grass.

4 *Hūṅ*, direct narration would be more idiomatic after *dekhtā hai*.

5 *Badan*, understood, '*vide*' "Hind. Man.," pp. 68, note 7, and 75 (*e*) (4).

6 *Ghoṅpnā*, vulg. for *bhonknā*.

دی * شیر نے ایک طرف کو چھلانگ ماری - سپاہی اُس کے مُنْھ سے چھوٹ گیا - لیکن ظالم نے فوراً آکر پھر پکڑلیا * بچارے سپاہی کا یہ عالم ہُوا کہ سانْس لینا دُشوار ہوگیا - لیکن اب مَوقع ایسا تھا کہ چاہے تو ایسا وار کرے جس سے شیر کا کام ہی تمام ہو جائے * اُس نے مونْدھے کے پیچھے کئی کھونچے [1] خُوب زور سے مارے - شیر لڑکھڑا کر گرا اَور زمین پر تڑپنے لگا * زخمی سپاہی سمْجھا کہ " اب مَیں ظالم کے پنْجے سے چھوٹا " - زمین سے اُٹھتا ہی تھا کہ شیر ایک خَوفناک دھاڑ [2] مار کر اُٹّھا - اور جھپٹ کر اپنے شکار کو پکڑنا چاہا - مگر آپ ہی کروٹ [3] کے بل گر پڑا - اَور پلٹا کھاکر سپاہی کے پاؤں کے سامْنے آرہا - اُس نے جھٹ سنْگین اُس کے جگر میں گھونْپ دی *

ہندوستان اَور ایشیا کے اَور مُلْکوں میں بھی شیر کے پکڑنے کی کئی ترکیبیں ہَیں * بعْض دفْعہ ایک بڑا گہرا گڑھا کھودْتے ہَیں - اَور اِس طرح اُوپر سے ڈھانْک دیتے ہَیں کہ خاصی [4] زمین معْلُوم ہوتی ہَے * بعْض وقْت جنْگل میں اِس کے رسْتے پر کمان اور زہر

[1] *Khoṅchā mārnā*, a thrust, poke, not necessarily **with a sharp** instrument: *bhoṅknā*, to puncture, stab with a *sharp* instrument.

[2] *Dhāṛ* (*f.*) *mārkar ronā*, weeping and lamenting in a loud tone. Here *dhāṛ* means a loud noise, a roar.

[3] *Karwaṭ*, f., does not mean *pahlū*, a side, but "lying on one side, the *position* of—."

[4] *Khāṣī* (prop. *khāṣṣī*) *zamin* "ordinary, natural, ground."

هیں بُجھے هُوئے تیر اِس طرح لگا دیتے هیں که جب شیر اُن پر سے گذرتا هَے تو وہ آلگتے هَیں * بعض دفعه بھاري شهتیر اِس طرح دهر دیتے هَیں که ذرا شیر کے پاؤں سے رسّی دبي اَور[1] شهتیر اُس پر آن گِرا * مدراس احاطے کے ایک مقام میں یه ترکیب کرتے هَیں که بُہت سے آدمي جمع هوکر شیر کو گھیر لاتے هَیں اَور هانکتے هانکتے[2] ایک جال میں لا پھنساتے هَیں - پھر برچھیوں سے اُس کا کام تمام کر دیتے هیں * بعض جگهه اَیسا بھي کرتے هَیں که جِس جانور کو شیر مار کر کھاتا هَے اَور باقي پھر کھانے کے لیئے چھوڑ جاتا هَے - اُس میں زهر ملا جاتے هَیں * جب شیر پھر آن کر کھاتا هَے تو زهر چڑهه[3] کر مر جاتا هَے * کبھي آیسا کرتے هیں که جهاں شیر کِسي گاے بَیل کو تازہ تازہ[4] مار کر ڈال[5] جاتا هَے - شِکاري وهاں کِسي درخت یا مچان پر بیٹھه جاتے هَیں - کبھي آپ هي جیتا بَیل لا کر باندهه دیتے هَیں * جب شیر آتا هَے تو گولي سے مار لیتے هَیں *

چینی ایک عجیب کَل سے شیر کو پکڑتے هَیں * جهاں شیر کي آمد و رفت دیکھتے هَیں وهاں ایک صندوق میں بڑا سا آئینه

[1] Note this *aur*.
[2] By continued driving.
[3] = Mounts throughout the body. 'Misrelated participle.'
[4] Quite fresh.
[5] *Ḍāl-kar jātā hai*.

اُس کي ديوار سے لگا کر رکھہ ديتے هَيں - شير اُس ميں اپنْي شکْل ديکھہ کر صنْدُوق کے پاس آتا هَے - اَور انْدر جاکر جهٹ پهنْس جاتا هَے *

مَلاکا ايک مُلک هَے - وهاں کے لوگ اَور هي ترْکيب کرْتے هَيں * لاسے [1] کي طرح ايک چپکْني هُوئي چيز ليکر اُس ميں زهْر مِلاتے هَيں - اُسے چَوڑے چَوڑے پتّوں ميں مَلْتے هَيں - اَور شير کے رسْتے ميں بِچها ديتے هَيں * جب وه اُدهر جاتا هَے اَور پتّوں پر پاؤں رکْهتا هَے تو ايک آد پتّا اُسکے ايک پنْجے ميں چپک جاتا هَے * وه اُسے دُوسْرے پنْجے سے چهڑانا چاهْتا هَے تو پتّے پنْجوں ميں اور بهي چِمٹ جاتے هَيں * شير دِق [2] هوکر پنْجے مُنْهه سے ملْتا هَے - اُس سے چِهرْے پر بهي پتّے لگ جاتے هَيں * وُه جهلّا کر زمِين پر لوٹنْے لگْتا هَے - پهر تو سارے جِسْم پر پتّے چمٹ جاتے هَيں - اَور جب بدن کو کهجاتا اور رگْڑتا هَے تو وُه زهْر مِلا هُوا لاسا کُچهه آنْکهوں ميں بهي گُهس جاتا هَے - شير انْدها هوجاتا هَے * آخِر درْد سے تنْگ آکر ڈکْراتا هَے * شِکاري آس پاس گهات ميں لگے رهْتے هَيں - آواز سُنْتے هي پُهنْچْتے هَيں - اَور بِچارے کا کام تمام کر ديتے هَيں *

---

[1] *Lāsā*, bird-lime. [2] Getting 'bothered.'

ہِنْدوسْتان کے شِمالی علاقوں میں سردار اور انگْریزي اَفسر اکْثر ہاتھِیوں پر چڑھ کر شیر کا شِکار کِیا کرْتے ہیں - اَور جنُوبي اضْلاع اور وسْط ہِنْد میں اکْثر پا پِیادہ گولي سے مارا کرْتے ہَیں - مگر یہ بڑي جان جوکھوں کا کام ہَے * ہاتھِیوں پر شِکار کرْنے کا یہ طرِیقہ ہے کہ اُن کي صفّ باْندھہ کر جنْگل میں بڑھے [1] چلے جاتے ہَیں - جہاں شیر نظر آتا ہَے جھٹ گولي مارْتے ہیں * شیر جب زخْمي ہوجاتا ہَے تو اکْثر جھلّا کر جھپٹْتا ہَے * بعض دفْعہ ایسا بھبک [2] کر آتا ہَے کہ ہاتھي نوک دُم [3] بھاگ جاتا ہَے - مگر جو ہاتھي شِکار پر لگے ہوتے ہَیں وُہ ڈٹے [4] رہْتے ہَیں * بعْض ہاتھي آپ شیر پر جھپٹْتے ہَیں اَور چاہْتے ہیں کہ گھُٹْنے سے دبا کر مَسل [5] ڈالیں - مگر اِس میں ہَودے کے سوار بڑے دِق ہوتے ہَیں - کبھي اُن کي جان کے لالے بھي پڑ جاتے [6] ہَیں * ایک دفْعہ ہاتھي نے ایسي ہي ہِمّت کي - صاحِب جو ہَودے میں سوار تھے سامْنے آپڑے اَور اِتّفاق سے اُن کا پاؤں سِیدھا شیر کے مُنْہہ میں گیا * صاحب نے چالاکي خُوب کي کہ گُرگابي [7] تو شیر کے

1 *Baṛhe hū,e.*

2 *Bhabaknā*, to speak to in a bullying manner, to bluster.

3 *Nok-dum bhāgnā*, to show a clean pair of heels.

4 *Ḍaṭnā*, remain firm and steadfast.

5 *Malnā*, to rub; *masalnā*, crush by rubbing; *pīsnā*, grind (by rubbing

6 Note idiom.

7 *Gurgābī*, Indian *shoes*, not boots.

مُنْہہ ھي میں چھوڑي مگر کھینْچ گھسیٹ کر پاؤں نِکال لیا - پھر بھي عُمْر بھر کے لیئے لنْگڑے ھوگئے *

شیر کو بچپن ھِي سے پکڑ کر پالیں تو ھِل جاتا ھَے - مگر پھر بھي ڈر ھي رہْتا ھَے * اِس قِسْم کا ایک شیر لاھَور کے چِڑیا گھر میں تھا - بِلّي کے بچّے کي طرح کھیلا کرْتا تھا - اَیسا ھِلا ھُوا تھا کِہ لوگ اُس کے سِر پر ھاتھہ پھیرْتے تھے - اَور وُہ کُچھہ نہیں کہْتا تھا * [1] ایک دفعہ پِنْجرے سے چھوٹ گیا - جمْعدار جو مُحافظ تھا پیچھا کرکے پاس آ یا - اَور ھاتھہ جوڑ کر کہا کہ " بابا ! تیري بدَولت ٹُکڑا کھاتے تھے - تو نہ آیا تو روٹي گئي - تِسے کو نُقْصان پُہنْچایا تو میري جان پر بھي آفت آئي - آجا آجا " * یِہ کہہ کر پگْڑي اُس کے گلے میں ڈالي - اَور چِڑیا گھر میں لے گیا * اگرْچہ شیر اِن باتوں کو نہیں سمْجھا - مگر اِتْنا ضُرور جانا ھوگا کِہ " یِہ وُھي شخْص ھَے جو مُجھے روز محبّت سے راتِب کھلاتا ھَے - اَور پیار کیا کرْتا ھَے " * ایک دِن ایک لڑْکا اُسي شیر کے پِنْجرے میں ھاتھہ ڈالے کھڑا تھا - شیر نے ایک مُنْہہ مارا اَور ھاتھہ اُکھیڑ کر کھا گیا * غنیمت یہ ھَے کِہ لڑْکا جان سے بچ گیا * اِس کے بعد بھي لڑکا آیا کرْتا تھا کِہ " جِس دوسْت نے نشاني [2] دي ھَے اُس سے مُلاقات کر آؤں " *

---

[1] Note this meaning of *kahnā*.
[2] ***Nishānī***, keepsake; also anything by which one is remembered, as a son after one's death.

شیر کي بعض چیزوں کے باب میں یہاں کے لوگوں کو کئي وہم ہیں - مثلاً سمجھتے ہیں کہ شیر کي مونچھہ کا بال آدمي کو کھلا دیں تو وہ پیٹ میں جاکر آیسا چبھہ جاتا ہے کہ آدمي مر جاتا ہے * ہندوستان کے بعض مقاموں میں لوگوں کا یہ بھي خیال ہے کہ جو شخص شیر کي مونچھیں اپنے پاس رکھتا ہو اُس میں عجیب طاقت پیدا ہو جاتي ہے * بعض لوگوں کو یہ یقین ہے کہ اگر شیر کے ناخن بچّوں کے گلے میں باندھہ دیں تو نظر [1] یا آسیب [2] کا خلل نہیں ہوتا * شیر کا ناخن چاندي سونے میں منڈھہ [3] کر تعویذ سمجھتے ہیں - اور زیور کے طور پر پہنتے ہیں *

## ۴۵ — لکڑ بگڑ یا چرخ [4]

یہ جانور بھي پنجوں کے بل چلتا ہے - اور اِس بات میں بلّي - شیر - تینڈوے - کتّے - گیدڑ اور بھیڑیے سے ملتا ہے * بلّي - کتّے وغیرہ کے اگلے پنجوں میں پانچ اُنگلیاں ہوتي ہیں - پچھلے پنجوں میں چار - اِس کے چاروں پنجوں میں چار چار اُنگلیاں

---

1 *Nazar*, f., "sight; eye; a good eye for; the evil-eye (the meaning here)."

2 *Āseb*, m., calamity, and especially such as is caused by the shadow of a *Jinn*.

3 *Mandhnā*, to overlay, cover (with metal or canvas).

4 *Charkh*, m., this word has many meanings, as, "the sky, anything that rotates as a circular swing; also the Saker Falcon." A commoner form is *lakar bagghā*. *Lakar*, wood (or stiff) has reference to the hyena's neck.

هَیں - اَور بِلّي - شیر وغَیرہ کي طرح ناخُنوں کو پنْجے کے انْدر سُکیڑ[1]
نہیں سکْتا * اگرْچہ قدْ میں بڑے کُتّے سے کُچھہ اَیسا اُونْچا نہیں ھوتا -
مگر چھاتي اَور گرْدن کے پٹّھے اُس سے نہایت مضْبُوط ھوتے ھَیں *
سخْت ھڈّیاں اِس طرح چباتا ھَے کہ دیکھہ کر تعجُّب آتا ھَے -
بَیل کي ران کي ھڈّي کو بھي اِس آساني سے چبا جاتا ھَے
کہ دیکھنے سے تعلّق رکھتا ھَے * گرْدن کي ھڈّیوں پر بڑا زور پڑْتا ھَے -
اُن کے جوڑ اِس طرح وصْل ھوتے ھَیں کہ گرْدن ھمیشہ اکڑي
رھتي ھَے - اِسي سبب سے لوگ جانتے ھَیں کہ اُس میں
ایک ھي ھڈّي ھَے * پِچھْلي ٹانگیں ٹیڑھي ھوتي ھَیں * سر
اَور کنْدھوں کي نِسْبت پِچھلا دھڑ اِتْنا چھوٹا ھَے کہ بے ڈھنْگاپن
دیکھہ کر تعجُّب آتا ھَے * اِسي سبب سے چلْنے میں بھي لُڑکتا
پُڑکْتا[2] چلْتا ھَے * آواز کڑي اَور ناگُوار - کبھي کبھي تو اِس طرح
بولتا ھَے جَیسے کوئي ٹھٹّھا مار کر ھنْستا[3] ھَے *

یہ جانْور نالوں اَور چھوٹي چھوٹي پہاڑیوں کے غاروں یا سُوراخوں
میں رھْتا ھَے * اگرْچہ بدن کا مضْبُوط ھوتا ھَے - مگر بُز دِل ھَے *
دِن کو غار میں سویا کرْتا ھَے - رات کو شکار کي تلاش میں نِکلْتا ھَے *

---

1 *Sukaṛnā*, int., to shrink (as cloth in the wash); to become contracted; to wrinkle up.

2 *Luṛaknā* or *luṛhaknā*, to roll. *Puṛaknā* is the meaningless appositive, and gives the idea of continuativeness "all the way as it goes."

3 Laughing loudly.

سڑي هُوئي لاشيں کها کر اپني جان پالتا هَے - زمين کُريد کر کچّي قبروں ميں سے مُردے بهي نِکال ليتا هَے * يه جانور اگرچه غليظ اَور گِهناؤنا هَے مگر اِس سے بڑے بڑے فائدے نِکلتے هيں - کيونکه مُرداروں کو نه کهاتا تو اُن کي بو سے هوا خراب هوجاتي *

جب کوئي بِيمار يا زخمي جانور جنگل ميں پاتا هَے تو کوسوں تک اُس کے پِيچهے لگا پِهرتا هَے اَور بڑے صبر سے تاکتا رهتا هَے کِه "وُه کب ڈهير [1] هو اَور مَيں چَٹ [2] کرُوں ؟ " * جب کِسي قِسم کا گوشت هاتهه نہيں آتا تو پَودوں کي جڑوں اَور تاڑ کي کونپلوں [3] هي سے گُزارا کر ليتا هَے * جب کُچهه بهي نہيں پاتا تو جهلّا هوکر بڑا خطرناک هو جاتا هَے - آبادِيوں کے اِدهر اُدهر بهولي بَهٹکي بهيڑيں ڈهونڈتا پِهرتا هَے - کُتّا مِلتا هَے تو اُسي کو پهاڑ کهاتا هَے - عَورتوں اَور بچّوں پر بهي حمله کر بَيٹهتا [4] هَے * اِس کا بچّه هاتهه آجاتا هَے تو آساني سے هِل جاتا هَے - اَور پالنے والے سے بهت محبّت کيا کرتا هَے *

---

1 *Ki*, saying that. *Ḍher*, m., *lit.* "heap."

2 *Chāṭnā*, tr., "to lick"; *chaṭ karnā*, to gobble up and even lick the platter."

3 *Koṅpal*, f., young leaves or shoots: here means of *young* palms.

4 *Baiṭhnā* in compounds gives the idea of suddenness or impropriety.

# ۴۶ — رِیچھ

یہ بڑا بھدّا جانور ہے - لمبے لمبے بال سر سے پاؤں تک چھائے ہُوئے - ننّھے ننّھے کان - لمبوتری[1] تھوتھنی - لمبے اور مضبوط ناخن کھودنے کے ڈھب کے * اِسے اونچی چیزوں پر چڑھنے میں کمال ہے * اکثر قسمیں ایسی ہیں کہ اُن کے تلووں پر بال نہیں ہوتے * ریچھ آدمیوں کی طرح زمین پر پاؤں رکھ کر چلتے ہیں - قدم کا نشان بھی ویسا ہی ہوتا ہے * ان میں اور اُنگلیوں کے بل چلنے والے - بلّی - کتّے - لکڑ بگڑ وغیرہ میں بڑا فرق ہے * ریچھ کا تلوا چوڑا اور چپٹا ہے - اِس لیئے پچھلی ٹانگوں پر خاصی طرح[2] کھڑا ہوجاتا ہے * جب کوئی دُشمن حملہ کرتا ہے تو سیدھا ہوکر ڈٹ[3] جاتا ہے اور خُوب لڑتا ہے - دُشمن کو ہاتھوں سے پکڑتا ہے - اور چوڑی چھاتی سے لگا کر ایسا دبوچتا[4] ہے کہ وہ بیچارا گُھٹ کر مر جاتا ہے * اگرچہ ریچھوں کو گوشت کھانے والے جانوروں میں شامل کرتے ہیں - مگر اِن کی اکثر قسمیں یہ چیزیں زیادہ کھاتی ہیں - جڑیں - دانے - میوے - کیڑے - شہد * ریچھ دن کو پہاڑوں کی کھو - درختوں کے کھوکھہ اور جھاڑیوں میں چُھپے رہتے ہیں -

---

[1] *Lambotarā*, adj., of concrete things only; "very long, too long." *Lambā*, long, is used of abstract things as well as concrete.
[2] *Khāṣī ṭaraḥ*, without much difficulty, fairly easily.
[3] *Daṭnā*, to remain firm; and to confront.
[4] *Dabochnā*, to hug.

رات کو خوراک کي تلاش میں نکلتے ھیں * إن میں یہ عجیب عادت ھے کہ جب خالي بیٹھتے ھیں - خاص کر کھانے کے بعد - تو اپنے پنجے چوستے رھتے ھیں - اِس وقت غرغر غرغر کرتے ھیں - یہ آواز پہاڑوں کے غاروں اور شگافوں سے نکلتي ھوئي دور تک سنائي دیتي ھے *

ریچھ کئي قسم کے ھیں - مگر ھندوستان میں تین طرح کے مشہور ھیں - کوہ ھمالیہ کا بھورا اور کالا ریچھ - ایک اور قسم کا کالا ریچھ جو اور مقاموں میں ملتا ھے * إن میں سے کوئي ھو - بچہ سا [1] پکڑلیں تو آساني سے ھل جاتا ھے * لوگ اِنھیں اکثر سدھاتے ھیں - نچاتے ھیں - بہت سے کرتب [2] سکھاتے ھیں - اور بازاروں میں لیئے روٹي کماتے پھرتے ھیں *

ھمالیہ [3] کا بھورا ریچھ إن تینوں میں بڑا ھوتا ھے - اونچے اونچے پہاڑوں میں برف کے آس پاس رھتا ھے * گھاس اور پودوں کي جڑیں اس کا عام کھاجا ھے * جب میوے کا موسم آجاتا ھے تو پھل کھانے کو جنگلوں میں اُتر آتا ھے - سیب - اخروٹ - اور اکثر میوے آبادي کے آس پاس بھي آکر چکھہ [4] جاتا ھے - کیڑے بھي

---

1 Very young. "Hind. Man.," p. 99 (c).

2 *Kartab*, "tricks; performances; deeds"; *sipāhiyāna kartab*, "military or soldierly exercises."

3 In Urdu *Himāliya*, but in Hindi *Himālaya*.

4 *Chakhnā*, "to taste, eat a little"; but *chakh-jānā*, "to eat up."

اِسے بھاتے ھیں - اَور اُنھي کي تلاش میں پتھروں کو اُلٹتا پلٹتا
کرتا ھَے * جاڑے کي آمد تک خُوب موٹا تازہ ھوکر کسي کھو میں
جَا بیٹھتا ھَے - جاڑے بھر وھیں پڑا اُونگھا [1] کرتا ھَے - کھانے پینے کي
بھي کُچھہ پروا نہیں کرتا * نِکلتے جاڑے [2] یہ بھي نِکل آتا ھَے - اَور
پھر کھانے پینے لگتا ھَے *

ھِمالیَہ کا کالا رِیچھہ بُھورے رِیچھہ کي نِسبت بہُت چھوٹا
ھوتا ھَے * گرمي میں پہاڑوں پر اُونچي اُونچي جگھہ [3] رھتا ھَے -
اَور اکثر برف کے آس پاس پھرتا نظر آتا ھَے - مگر جاڑوں میں جُوں
جُوں برف نِیچے پڑتي جاتي ھَے یہ بھي نِیچے کي گھاٹیوں میں
اُترتا آتا ھَے * مُختلف قِسم کي جڑیں - اناج اَور میوے کھاکر رھتا
ھَے * میوہ توڑنے کو درختوں پر بھي چڑھہ جاتا ھَے * اِسے شہد
بہُت بھاتا ھَے - پہاڑي لوگ جو شہد کي مکھیاں پالتے ھیں - اَور
حفاظت کے لیئے اپني جھونپڑیوں کي دیواروں میں مُہالیں [4] بنادیتے
ھیں - یہ کبھي اُن میں سے شہد نِکال لیتا ھَے * بعض دفعہ بھیڑ -
بکري کو بھي مار ڈالتا ھَے - مگر اکثر گوشت نہیں کھاتا - اِس کي

---

1 *Ūṅghnā*, to doze ; also to nod.

2 *Nikalte hū,e jāṛe meṅ*, in the winter that is just going out.

3 Colloquial for *ūṅchī ūṅchī jaghoṅ meṅ*.

4 *Muhāl*, f., "hive." In the hills the hive is a barrel-shaped hole in the mud wall, closed on the outside except for a small bee-hole. Inside the house the hole is closed by a circular board.

آنکھوں میں بِینائی کم ھے - ھاں [1] سُونگھنے کي قُوّت بہُت تیز ھوتي ھَے - ھوا کے رُخ سے کوئي اِس کي طرف جاتا ھو تو چَوکنّا ھو جاتا ھَے * اِس پر حملہ کرو تو اکثر بھاگ ھي [2] نکلتا ھَے - مگر رستہ نہ پائے تو بڑي سخْتي سے مُقابلہ کرتا ھَے * اَکثر آدمي کے سِر پر پنْجہ مارتا ھَے - اَور کھوپڑي کي کھال بالوں سَمیت اُڑا لے جاتا ھَے - چِہرے کو اَیسا بگاڑ دیتا ھَے کہ دیکھے سے ڈر لگتا ھَے *

دُوسْري قِسْم کے کالے رِیچھہ اَیسے مقاموں میں کثْرت سے پائے جاتے ھَیں جہاں پہاڑیاں - چٹانیں اَور غار بہُت ھوتے ھَیں - ایسے ریچھوں سے نُقْصان بہُت ھوتا ھَے * یہ وِنّدھیاچل [3] پہاڑ میں بہُت ھوتے ھیَں * اکثر لکڑھاروں پر آپڑتے ھَیں - اَور جب کوئي ریچھني کا پیچھا کرتا ھَے تو وہ اپنے بچّے کو پیٹھہ پر ڈالتي ھَے - اَور بچا لے جاتي ھَے *

اِس قسم کا ریچھہ چیونٹیاں - دیمک - چھوٹے چھوٹے کیڑے - شہد - کھجُور اَور اَور میوے کھاکر رھتے ھیَں - کبھي پرندوں کے گھونسلے اُجاڑتے ھَیں - اور اُن کے انڈے کھا جاتے ھَیں * اِن میں سانس

---

[1] *Hāṅ*=but of course.
[2] *Hī* means "nothing but."
[3] In the Central Provinces.

کھینچنے کي بڑي قوّت هوتي هَے - جہاں دِیمک کے گھر هوتے هَیں یہ پنجوں سے مِٹّي کُریدتے هَیں - پھونک سے اُڑا دیتے هَیں - اَور تھوتھني کو سوراخ پر رکھہ کر اَیسا سانس کھینچتے هَیں کہ دِیمکوں کو بچّوں سمیت دُور سے چڑھا جاتے[1] هَیں *

سفید رِیچھہ سب رِیچھوں سے بڑا هوتا هَے * بحرِ شِمالي جو یہاں سے بہت دُور هَے - اُس کے کناروں پر برف چھائي رهتي هَے - اَور سمندر میں بھي پہاڑ کے پہاڑ یخ کے پڑے رهتے هَیں - کوسوں تک پاني جما رهتا هَے - وهاں اَیسے رِیچھہ رهتے هَیں * اِن کے تلووں پر موٹے موٹے بال هوتے هَیں - اِس سبب سے پھسلني برف پر خُوب دَوڑ سکتے هَیں * پاني میں تَیرتے بھي هَیں - اَور غوطہ بھي لگاتے[2] هَیں * کبھي کبھي خرگوش کو پکڑ لیتے هَیں - اَور پرِندوں کے ننّھے بچّے گھونسلوں سے نِکال کر کھاجاتے هَیں - مگر اِن کي خُوراک اکثر مچھلي یا دریائي بچھڑا هَے * یہ بھي ایک عجیب جانور هَے - اِس کا حال بھي آگے آئیگا *

---

1 *Charhā jānā*, "to make to mount for one's use": *āj wuh bahut (sharāb) charhā-gayā*, "he has put away a lot to-day"; this compound is always used in an uncomplimentary sense and only of eating or drinking.

2 *Ghota lagānā*, to dive (voluntarily): *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XLIX, 17, Supplement.

# ۴۷ — گلہري

یہ عجب چُلبُلاي [1] اور چنچل [2] ھَے * اس کي تُرت پھرت دیکھہ کر دِل خُوش ھوتا ھَے * وُہ بڑي شوخ اور چالاک [3] ھَے - نہایت نِڈر اور شریر * دیکھتي ھَے کہ کُتّا گھات لگائے آتا ھَے مگر انجان بن جاتي ھَے - جب سر ھي پر آپہنچتا ھَے تو چِلچِلاتي بھاگتي ھَے - کسي درخت پر لپک کر چڑھہ جاتي ھَے - اور بے بس دُشمن کي طرف مُنھ مُڑ کر دیکھتي جاتي ھَے - گویا کِھجانے کو مُنھہ چِڑاتي ھَے [4] *

جب کِسي درخت کي ٹہني پر اُکڑوں [5] بیٹھتي ھَے - اور ننھے ننھے پنجوں میں کوئي سخت میوہ لِیئے ھوتي [6] ھَے تو لمبے لمبے تیز دانتوں سے اُس کے سخت چِھلکے کو اِس طرح کُترتي [7] ھَے کہ دیکھکر تعجّب ھوتا ھَے * اِس کے کُترے ھُوئے پھل یا کِسي دانے کو اُٹھاؤ - دیکھو جِن دانتوں سے کُترا ھَے کَیسے اُن کے نِشان

---

[1] *Chulbulā*, restless and playful, sportive.
[2] *Chanchal*, restless by nature.
[3] *Chālāk*, "artful": not here "active."
[4] To jeer at; *lit.*, "making faces to mortify." Note idioms.
[5] *Ukṛūṅ* (adv.) *baiṭhnā* is to sit on the heels, native fashion.
[6] *Liye hū,e hotī* (or *rahtī*) *hai.*
[7] *Katarnā*, cut with scissors, and *kutarnā*, gnaw with sharp teeth (no of dogs).

معلُوم هوتے هَیں * تُمہیں خرگوش کا بیان یاد هے ؟ یہ بھي خرگوش - چُوهے اور چُهیا کي طرح کُترنے والے جانوروں میں سے هَے * اَیسي هي سخت چیزیں هوں - مگر اَیسي بہُت هي کم هونگي جِن میں اِس کے چھیني [1] سے تیز دانت پَیٹھہ [2] نہ جائیں *

تُم ضرور کہوگے کہ " جب گلہري اور اَور کُترنے والے جانور همیشہ دانت چلائے جاتے هَیں - اور سب طرح کي سخت چیزوں کو کُترتے رهتے هَیں - تو وُہ گِھس کر کُند کیوں نہیں هو جاتے ؟ بڑهئي اَپني چھیني کو - موچي اَپني سُتالي کو تیز کرتا هَے - اَور جو تیز دهار والا اَوزار هَے گِھستے گِھستے کُند هو جاتا هَے - گلہري تو اپنے دانتوں کو کبھي تیز بھي نہیں کرتي " * هاں وُہ نہیں کرتي - مگر خُدا نے اُس کے دانت عجب حکمت سے بنائے هَیں - اُن کے باهر کا رُخ بہُت سخت هَے - اِس لیئے کم گھستا هَے - اندر کي طرف نرم هَے - وُہ جُوں جُوں گِھستي هَے دانت سلامي هوتے جاتے هَیں - اور سامنے کي طرف دهار تیز رهتي هَے * جب تُم هِندوستاني قلم بناتے هو تو دیکھو ایک پہلُو سے چھیلتے جاتے هو - دُوسري طرف تیز اور پتلي هوتي جاتي هَے * پھر تُم

---

[1] *Chhenī* or *chhe,onī*, chisel.

[2] *Paiṭhnā*, to penetrate or force an entry into and *remain*.

کہوگے کہ "جب دانت گھستے ہیں تو رفتہ رفتہ چھوٹے ہو جائینگے" * بے شک یہي ہوتا - مگر کُتّرنے والے جانور جب تک جیتے ہیں دانت بڑھتے رہتے ہیں - حالانکہ اَور جانوروں کے دانت جو نکلنے ہوتے ہیں - ایک ہي دفعہ نکل چکتے ہیں *

گلہري زیادہ تر[1] درختوں میں رہتي ہے * گھاس - اُون - رُوئي - گُودڑ[2] وغیرہ سے گھونسلا بنا لیتي ہے * اکثر درخت کے کھوکھہ میں - کبھي چھجّوں میں - یا چھپّر میں - یا چھت کي کڑیوں میں گھر بناتي ہے * کلیاں - گریاں - میوہ کھاکر رہتي ہے - اکثر روٹي کے ٹکڑے - اناج کے دانے لینے کو گھروں میں بھي آجاتي ہے * خوراک کي تلاش میں زمین پر اُتر آتي ہے - اِس وقت کبھي کبھي شکاري پرندے اِسے جھپٹ کر لے جاتے ہیں - اِس کے بچّے چھوٹے لڑکے پکڑ کر خوب ہلالیتے ہیں - دُودھ پلاتے ہیں *

## ۴۸ — چھچھوندر

ذرا سننا ! یہ چِل چِل - چِل چِل[3] کیسي آواز آئي؟ الماري کے پیچھے ضرور کوئي جانور ہوگا * ذرا چھڑي سے کھٹکھٹا دو کہ بھاگ

---

[1] *Ziyāda-tar*, Persian comparative.
[2] *Gūdaṛ* or *chīthṛā*, m., rags.
[3] *Chil chil karnā*, to squeak (of small animals).

جائے * دیکھو ! دیکھو ! وہ بھاگا جاتا ھے - اَے ھے[1] ! کیا سڑی بدبو آئی ھے * یہ چھچھوندر ھے * بلّی کو نہ بلاؤ - وہ اِس کا شکار نہیں کریگی * چھیوں آ رہ چوھوں کو بلّی مار لیتی ھے - مگر اِس کی بدبو سے اُسے گھن آتی ھے * اِسی بدبو کی بدولت یہ بچارا ڈرپوک جانور بچا رہتا ھے * کبھی تم نے اِسے غور سے دیکھا ھوگا[2] تو معلوم ھوا ھوگا کہ اِس کی تھوتھنی کیا[3] گاؤ دم[4] لمبوتری ھے - یہی تھوتھنی جھٹ کہہ دیتی ھے کہ وہ چوھا نہیں * اِس کے سامنے کے دانت بھی کترنے والے جانوروں جیسے نہیں ھوتے * اِس کی ڈاڑھوں پر چھوٹے چھوٹے تیز خار اُبھرے ھوئے ھیں * یہ جانور جو کچھہ کھاتے ھیں پیس کر چباتے ھیں اِس لیئے ان کو خدا نے چپٹی اَور صاف ڈاڑھیں دی ھیں * تمہیں یاد ھے - تیسری کتاب میں پڑھا تھا - کہ چھچھوندر جنگلی چوھے کی طرح کِرم خور جانور ھے - اِس کے تیز اَور نکیلے دانت کیڑوں کے شکار میں خوب کام آتے ھیں *

چھچھوندر کے پاؤں چھوٹے چھوٹے پتلے پتلے ھیں - یہ بھی سب کِرم خور جانوروں کی طرح جیسے ریچھہ چلتا ھے *

---

[1] *Ay hay* denotes anxiety, and also disgust.
[2] If you (will) have ever inspected.
[3] Or *kaisī*.
[4] *Gā,o dum*=conical.

کُتّے - بِلّي لکڑ بگڑ کي طرح پنجے ٹیک کر نہیں چلتي * اِس کے دونو پہلُوؤں میں کھال کے نیچے غُدُود ہوتے ہَیں - اُنہي میں سے یہ بدبُو نِکلتي ہَے * اِس کي بُو میں مُشک کي سي بُو آتي ہَے - مگر سڑي ہُوئي اَور ناگُوار ہوتي ہَے * اِس کي بُو میں عجیب تاثِیر ہَے - جِس چِیز پر ایک دفعہ چھچھُوندر پھِر جائے جھٹ اُس میں بس[1] جاتي ہَے * اگر کِسي پاني کے پاس ہو کر گُذرے تو پاني آیسا بُودار ہو جاتا ہَے کہ پِیا نہِیں جاتا - اَور لطِیف مِزاج لوگ تو دور ہي سے اُسکي بُو سے گھبرا اُٹھتے[2] ہَیں * بلکہ عام طور پر لوگ یہ بھي کہتے ہَیں کہ بوتل کا مُنہ کاک سے بند ہو اَور چھچھُوندر اُس کے اُوپر پھِر جائے تو جو چِیز بوتل کے اندر ہَے وہ بھي بُودار ہو جاتي ہَے * آٹا یا کوئي اَور کھانے کي چِیز اِس سے چھُوئي جائے تو مُدّت تک اُس میں بدبُو[3] رہتي ہَے *

اِس کا رنگ متیالا سا ہوتا ہَے - مگر بالوں کي نوکیں ذرا سُرخي لِئے - اَور اُن کي رنگت تیز روشني میں اچھي طرح معلُوم ہوتي ہَے * چھچھُوندر گرم مُلکوں میں ہوتي ہَے - سردي اِسے بہت ستاتي ہَے * تُم نے خیال کِیا ہوگا کہ سردي میں اِس کي آواز کم سُننے میں آتي ہَے - جُوں جُوں گرمي آتي ہَے یہ بھي گھروں میں زِیادہ ہوتي جاتي ہَے * دِن کو موریوں میں - بِلوں

---

[1] *Basnā*, to settle in a country, in the mind; to be populated. *Basnā*, to be scented, perfumed.

[2] *Uṭhnā* for suddenness; = as soon as they smell it: *vide* "Hind. Man."

[3] What is the plural of *bū*?

میں - اندھیري کوٹھڑیوں میں - یا صندوقوں اَور بوریوں کے نیچے، اَور جہاں پناہ پاتي ہَے، چھپ رہتي ہَے - رات کو شِکار کے لِیئے باہر نِکلتي ہَے * یِہ ایک طرح سے مُفید بھي ہَے - کیونکہ جھینگر - گُبریلے [1] - مچّھڑ اَور اَور کیڑوں کو شِکار کرتي ہَے *

1 *Gubrelā*, the dung-rolling beetle.

# دوسرا حصہ

# THE WAZIR OF LANKARAN:

## A PLAY IN FOUR ACTS, TRANSLATED FROM PERSIAN INTO URDU AND EDITED WITH COPIOUS NOTES.


BY

SHAMS-UL-'ULAMĀ MAWLAVĪ MUḤAMMAD YŪSUF JA'FARI, KHĀN BAHĀDUR,

*Head Mawlavī, Board of Examiners,*

AND

LIEUT.-COLONEL D. C. PHILLOTT, PH.D., F.A.S.B.,

*Hindustani Lecturer, Cambridge; Late Secretary and Member, Board of Examiners, Calcutta: Some time Fellow of the Calcutta University.*



SECOND EDITION.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1914.



*All rights reserved.*

# وزیرِ لنکران کی سرگذشت

ایک ناٹک چار ' ایکٹوں ' میں

جسکو

شمس العلماء مولوی محمد یوسف صاحب جعفری خان بہادر

ہِڈ مولوی بورڈ آف اگزامنرس

اور

لفٹننٹ کرنیل ڈی - سی فلاٹ صاحب بہادر - پی ایچ - ڈی

ایف - اے - اِس - بی •

ہندوستانی لکچرار کیمبرج - سابق سکرٹری و ممبر بورڈ آف اگزامنرس

نے

فارسی سے اُردو میں ترجمہ

اور

مفید حواشی سے آراستہ کیا

بار دوم

سنہ ۱۹۱۴ع میں

بیپٹسٹ مشن پرس واقع کلکتہ میں چھاپی گئی

( سب حقوق محفوظ ہیں )

# INTRODUCTORY NOTE.

This delightful little play, the "Wazīr of Lankarān," is already well known to students of modern Persian, thanks to the labours of Messieurs Haggard and Le Strange, who, by introducing the play as a text-book of colloquial Persian, have laid a whole generation of students under a deep debt of gratitude. There can be little doubt that, in its new setting, the play will prove equally useful and interesting to students of colloquial Urdu; and the translators may rest assured that their labours will be fully appreciated.

A word as to the history of the play. The author, who wrote in Azerbaijan-Turkish, was Mīrzā Fatḥ 'Alī Āk͟hund-Zāda. He was induced to write this play and some five others, on the opening of a theatre in Tiflis in 1850, built, we are told, by "His Excellency Waransoff, Governor of the Caucasus • Province." These plays, of which the *Wazīr-i K͟hān-i Lankarān* is perhaps the most interesting, were done into idiomatic Persian by Mīrzā Ja'far, a native of Karaja Dāg͟h, whose ambition was to supply the want of such plays in the Persian language with a view to their presentation on the stage, as also to produce a suitable book for the use of children in the schools. It does not appear that his plays fulfilled either object, or that his labours were rated at their proper value. But if he died "Unwept, unhonoured, and unsung" in his own country, we, who owe him so much, can at least sympathize with his natural desire that his name should go down to posterity. Haggard and Le Strange's excellent edition with translation appeared in 1882.

R. F. AZOO,
*Arabic Instructor, Board of Examiners.*

CALCUTTA,
1910.

# وزیرِ لنکران کي سرگذشت ایک ناٹک چار ' ایکٹوں ' میں

## ناٹک کے ' ایکٹر '

**مرزا حبیب** —— خانِ لنکران کا وزیر *

**حیدر** —— وزیر کا فرّاش *

**کریم** —— وزیر کا سائیس *

**آغا بشیر** —— وزیر کا ناظر *

**وزیر کے فرّاش** —— چند نفر *

**زیبا خانم** —— وزیر کي بڑي بي بي *

**شعلہ خانم** —— وزیر کي چھوٹي اور چاھیتي بي بي، جو نسا خانم کي بڑي بہن ھے *

**نسا خانم** —— وزیر کي سالي اور تیمور آغا کي معشوقہ *

پري خانم — وزير کي ساس جو اپني چھوٹي بيٹي
نسا خانم کے ساتھہ وزير کے گھر ميں رھتي ھے *

آغا مسعودِ حبشي — وزير کا خوجه *

خان — لنکران کا حاکم *

عزيز آغا — وزير کا پيش خدمت *

سليم بيگ — نقيب *

قدير بيگ — نائب نقيب *

صمد بيگ — فرّاشوں کا سردار *

دربار کے چند فريادي — يعني مدعي اور
مدعي عليه - چار نفر *

خان کے دربار کے فرّاش — چند نفر *

۸ — صوبے کے حکّام اور رؤسا — چند
اشخاص *

' اردلي ' — پچاس نفر *

تيمور آغا — خانِ لنکران کا بھتيجا اور نسا خانم کا
عاشق *

رضا — تيمور آغا کا دُودھه بھائي *

حاجي صالح — سوداگر *

ايک حکيم — لنکران کا رھنے والا *

# پہلا ' ایکٹ '

یہہ واقعہ شہرِ لنکران میں بحر اخضر کے کنارے،[1] مرزا حبیب وزیر کے مکان میں، اب سے پچاس سال پہلے، گذرتا ہے * وزیر ایک کمرے میں جو حرم سرا کی ڈیوڑھی کے مُتّصل ہے بیٹھا ہوا ہے - اور حاجی صالح اُسکے سامنے کھڑا ہے *

وزیر — حاجی صالح ! سُنا ہے کہ تم رَشت جاتے ہو * کیا یہہ سچ ہے ؟

حاجی صالح — جی ہاں؛ جاتا تو[2] ہوں *

وزیر — حاجی صالح ! میں ایک کام تمہارے سُپرد کرنا چاہتا ہوں - تمہیں بجا لانا چاہئیے * اِسی لیئے میں نے تمہیں بُلایا تھا *

حاجی صالح — جو حکم * میں بسر و چشم بجا لانیکو تیار ہوں *

وزیر — اچّھا * حاجی ! ایک زر بفت کی نیلی ریشمی کُرتی رَشت میں بنوا لینا[3] - مگر ہاں یہہ خیال رہے - وہ

---

[1] *Par*, understood.
[2] *To* emphatic; "I *am* going."
[3] Infinitive as Imperative Future.

کُرتي ایسي تحفه هو کہ لنکران والونکے خواب و خیال میں بھي کبھي نہ گذري هو * جب کُرتي سِل سلا کر[1] تیار هو جاۓ تو اُسکے لیئے دو ' درجن ' سونے کے 'بوتام' کسي سُنار سے بنوا لینا - وہ بوتام مُرغي کے انڈے سے تو چھوٹے هوں لیکن کبوتر کے انڈے سے بڑے هوں - اُن بوتاموں کو کُرتي کے گریبان کے گِردا گِرد سِلوانا * جب تم رَشت سے واپس آنے لگو[2] تو اُس کرتي کو لیتے[3] آنا * لو * یہ پچاس اشرفیاں لیتے جاؤ - ( اشرفیاں جو ایک کاغذ میں لپٹي هوئي هیں حاجي صالح کے سامنے رکھدیتا هے ) - جو کچھہ لاگت لگے وہ لگانا * تمهارے یہاں واپس آنے پر حساب بیباق کر دیا جائیگا * جلد آؤ گے نا[4] ؟ '

**حاجي صالح** — اگلے مهینے تک آجاؤنگا * وهاں مجھے کوئي ایسا[5] کام نهیں هے - میں ریشم خریدنے کے لیئے روپے لیئے جا رها هوں - خریداري سے فراغت کر کے چلا آؤنگا * لیکن جناب کُرتي کا ناپ مجھے دیدیں تو بهتر هو * مُمکن هے کہ

[1] *Sil-silākar*, going through all the processes of sewing; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XLVI, 6 (*b*), Supplement.

[2] *Āne lago*, "begin to start." *Wāpas ā,o* would mean "when you return here."

[3] *Lete hū,e ānā.* Properly *lete* signifies "keeping with you"; thus *lete* would be used for bringing a dog, but *lekar* for bringing a man.

[4] *Nā* = "won't you?" Note the spelling.

[5] *Aisā* = "important." *Aisā waisā*, "so so, not up to much," but in the Panjab colloquially often *aisā*, alone.

رَشت کا درزي کُرتي بهت تنگ یا ڈهیلي کردے - یا لمبي یا چهوٹي کردے * اُس وقت مجهے حضور کے رو برو شرمندہ هونا پڑیگا *

وزیر — کچهه مضائقه نهیں * تنگ یا ڈهیلي هو بلا سے [1] - یهاں ٹهیک کرلي جائیگي *

حاجي صالح — کیا ایسا نکروں که کپڑا خرید کر اور بوتام بنوا کر یهاں لے آؤں ؟ پهر وہ کُرتي یهاں خانم صاحبه کے بدن پر قطع کرکے بنوالي جائیگي *

وزیر — توبه ! تم لوگونکو تو بکواس کي عادت هوتي هے * هر هر بات میں اپني اُستادي جتانا چاهتے هو * تمهارا مطلب تو یه معلوم هوتا هے کــه میں اپنے نیچ کے معاملات تم پر ظاهر کردوں * کیا تم نهیں جانتے که اگر میں کُرتي یهاں بنواؤنگا تو اُسکا کس قدر یهاں چرچا پهیلیگا اور لوگونکي پوچهه پاچهه سے کس مصیبت میں میري جان پڑیگي ؟

حاجي صالح — جي نهیں حضور ! مجهے اِس کي کیا خبر ؟

---

[1] *Balā se*, "I don't care; hang it." For this idiom *vide* "Hindustani Manual," pages 50 (*b*), and 54, note 2.

**وزیر** — خیر * مجھے تمکو سارا حال مجبوراً بتانا هي پڑا - مگر ایسا نہو کہ تم بازار میں جاکر کسي دوست سے کہدو کہ " وزیر صاحب نے فلاں کام میرے سپرد کیا ہے " - اور یہ خبر تمام بازار میں مشہور هو جائے - اُسوقت مجھے چَین سے بیٹھنا مشکل هو جائیگا اور میري جان عذاب میں پڑ جائیگي * میرے اچّھے دوست ! وہ بات یہ ہے کہ دو مہینے میں نوروز آئیگا - اُس تقریب [1] میں مجھے شعلہ خانم کو کوئي تحفہ دینا چاهئیے * اگر وہ کُرتي یہیں تیار کرالي جائے تو زیبا خانم بهي خواہ مخواہ [2] ضِد [3] کریگي کہ " مجھے بهي ایسي هي کوئي چیز دیجئیے " * اگر قبول کروں تو روپیہ مُفت خرچ هو جائیگا - اُس جیسي عورت کو ایسي کُرتي کیا خاک زیب دیگي ؟ - اور اگر قبول نہ کروں تو پھر مجھے اُسکي بک بک اور چَخ چَخ [4] سے چھٹکارا کہاں ؟ روز کي پریشاني - روز کا جھگڑا * کون مول لے [5] ؟

**حاجي صالح** — لیکن حضور جب آپ وہ کُرتي

---

1 *Taqrīb*, f., any joyous occasion, or celebration.

2 *Khwāh ma-khwāh* = "for nothing, uselessly," and here "naturally." If it meant "of course," it would precede the words *Zebā Khānum*.

3 *Ẕidd karegī ki*—"will persist, be obstinate and say—." *Ẕidd* also means "cussedness, contrariness, a spirit of opposition."

4 *Bak bak*, f., "chattering" : *chakh chakh* "wrangling."

5 "Who would buy such a thing ? " *i.e.*, who would not try and avoid such a thing ?

شعلہ خانم کو دینگے تو کیا زیبا خانم اُسکو نہیں دیکھ گیي اور اُسکو دیکھکر ویسي هي کُرتي وہ اپنے لیئے نہ مانگے گيي ؟

**وزیر**— یا اللہ ! کس مُصیبت میں میري جان پڑي ! مردِ خدا ! تمہیں اِن باتوں سے کیا کام ؟ جو کچھہ حکم هوتا ہے وہ بجا لاؤ * سُنو ! جب میں وہ کُرتي شعلہ خانم کو دونگا [1] تو میں یہ ظاهر کرونگا کہ " میري بہن نے ( جو هدایت خانِ رشتي کي بیوي ہے ) شعلہ خانم کو تحفہ کے طور پر بهیجي ہے [2] " * اُسوقت زیبا خانم اپني طرف سے غفلت [3] یا بے پروائي کا اِلزام مجهہ پر نہ لگا سکیگي * مگر خبردار ! جو کچھہ میں نے تم سے کہا ہے اُسکا ایک لفظ بهي یہاں کسي پر هرگز ظاهر نہ کرنا *

**حاجي صالح**— اُستغفر اللہ ! مجھے آپکا راز فاش کردینے سے کیا فائدہ ؟ کیا ایسي بات میري اِس داڑهي کے لیئے زیبا ہے ؟

**وزیر**— خیر- خدا حافظ [4] * جاؤ - چلتے پهرتے نظر آؤ [5] *

---

[1] Note the Future. *Vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," under Future Tense.

[2] Direct narration.

[3] My indifference towards her.

[4] For *Khudā ḥāfiẓ-e shumā bāshad*, "May God be your Guardian"; hence "good-bye."

[5] *Lit.*, "let me see you moving"; used jokingly or in anger, = "let me see your back."

( حاجي صالح آداب [1] بجالاكر باهر جاتا هے * اُسكے پيٹهه پهيرتے هي زيبا خانم دوسري طرف کے دروازہ کو دو هتّڑ [2] مار كو كهولتي اور واويلا مچاتي جهپٹ كر آپڑتي هے * وزير اِس آواز سے چونک پڑتا هے اور گهبرا كر پيچهه پهر كر ديكهتا هے *)

زيبا خانم — كيوں جي ! تم اپني چاهيتي بيوي کے ليئے سونے کے بوتام والي زربفت كي كُرتي كي فرمايش دے رهے تهے ؟ آپكي اِس سخاوت کے قربان جائيے [3] ! جي هاں ! اور آپ مجهپر يه بهي ظاهر كرينگے كه " ميري بهن نے جو هدايت خانِ رشتي كي [4] بيوي هے شمله خانم کے ليئے تحفه کے طور پر بهيجي هے ؟ " خداكي شان ! اپني بهن كو آپ مجهے پهچنوانے چلے [4] هيں ! تمهاري بهن تو ايسي مكهي چُوس هے كه اصفهاني تاجرونكي طرح پنير كو شيشه ميں بند كر کے روٹي اُسي شيشه سے چهوا كر كهاتي هے * كيا اب وہ ايسي دريا دل هوگئي هے كه پچاس ساٹهه تومان كي كُرتي سِلواكر تمهاري چاهيتي بيوي كو

---

[1] *Ādāb*, respects.

[2] *Du-hattar*, subs., a slap or blow with both hands.

[3] *Jā,iye* is impersonal, as *chāhiye*.

[4] *Lit.*, "are you starting to make me know?" For use of *chalnā*, in compounds for "to begin, etc." *vide* "Hind. Man.," page 139 (*b*) (2), and "Hindustani Stumbling-Blocks," X (5), Supplement.

تحفه بھیجے گي ؟ کیا میں سِرے [1] سے ایسي احمق ھو گئي تھي که تمھارے کھنے کو باور کرلیتي ؟

**وزیر** — بڑھیا ! تو نے تو مجھے ڈرا ھي دیا تھا * کھتي کیا ھے ؟ کُرتي کیسي ؟ کھیں تیرا مغز تو نھیں چلگیا ؟

**زیبا خانم** — اب باتیں واتیں [2] بفاني چھوڑو * کچھ و پیچ کي باتیں جانے دو * جو کچھه تم حاجي صالح سے بولتے تھے میں شروع سے آخر تک اُسکا لفظ لفظ حرف حرف سُن چکي ھوں - جب تم نے پھلے حاجي صالح کو بلوا بھیجا تھا اُسي وقت میں تمھارا مطلب سمجھه گئي تھي - اور میرے دل میں شک پیدا ھوگیا تھا * میں دبے پاؤں [3] آکر اُسي دروازے کے پیچھے کھڑي ھوگئي * میں نے تمام باتیں سنیں * جو جو خطرے [4] میرے دل میں گذرے تھے اُنکو لفظ لفظ صحیح پایا * وہ زربفت کي سونے کے بوتام والي کُرتي تمھاري چاھیئي لاڈو [5] کو خدا مُبارک کرے ! کیا اُس سے تیمور آغا کي آنکھیں ٹھنڈي [6] نھونگي ؟

---

1 *Sire se*, lit., from the beginning; here = *ek dam se*, "altogther."

2 Meaningless appositive, "many words": *vide* "Hind. Man.," p. 170 (c).

3 *Se* understood.

4 *Khaṭra*, "danger," and also as here "doubt, fear."

5 *Lāḍo*, subs., "darling" is applied to the beloved only; but *lāḍlā*, *āḍlī*, subs. and adj., is general.

6 *Āṅkh ṭhanḍī honā* = "to gratify the eyes."

یہ کہئیے [1] ، اُسکي معشوقہ کي کُرتي کے لیئے فرمایش دیگئي ہے * وہ اُسکو پہنکر اُسکے سامنے مور [2] کي طرح ناچتي تھرکتي [3] پھرے گي *

**وزیر** — کیا خُرافات [4] بکتي ہے بُڑھیا ؟ خبط بے ربط بکنے سے تو باز نہیں آتي ؟ کیا تجھے شرم نہیں آتي ؟ میري بیگم پر اِتنا بڑا بُہتان [5] اور میرے رو برو ؟ میري عِزّت تونے خاک میں ملادي - دنیا میں غیرت [6] بھي کوئي چیز ہے - افسوس کہ تجھے چُھو نہیں گئي *

**زیبا خانم** — خوب ! اگر میں تمہاري عِزّت کو خاک میں ملانا چاھتي تو میں کسي نُکیلے سجیلے [7] جوان سے دل نہ لگا [8] بیٹھتي ؟ تمہاري لاڈلي بیوي تمہاري ناموس کو برباد کر رھي ہے * آٹھوں پہر تیمور آغا کو بغل سے لگائے [9] رھتي ہے - میري کنیز نے کتنے ھي بار اُسکو اِس حالت میں اپني آنکھوں سے دیکھا ہے [10] *

---

1 "Shall we say that—?" *Kahiye* is impersonal.
2 It is only the male peacock that 'dances' and displays its plumage.
3 *Thiraknā*, swaying the body in dancing, posturing.
4 *Khurāfāt*, f., "nonsense."
5 *Buhtān*, "defamation, calumny."
6 *Ghairat* f., a nice sense of honour; also modesty and emulation.
7 *Nukīlā*, "pointed; fascinating": *sajīlā*, "smart-looking."
8 *Baiṭhnā*, here signifies impropriety, *vide* "Hind. Man.," page 83 (*a*).
9 *Lagā,e hū,e*, i.e., she always keeps him by her side.
10 *Na-dekhā* could also be said.

وزیر — ( چہرہ کا رنگ فق [1] ہوگیا ) مجھے نہ تو تمہاری باتونکا یقین ہو سکتا اور نہ تمہاری‌اکنیز کی باتونکا *

زیبا خانم — کچھہ ہمیں [2] یہ بات نہیں کہتے [3] * لنکران میں کون ایسا شخص ہے جس سے یہ بات پوشیدہ ہے ؟ سبکی زبان پر یہی ہے کہ تم نے اپنی آنکھیں چکور [4] کی طرح بند کرلی ہیں اور سمجھتے ہوکہ کوئی نہیں دیکھتا * اندھا ، تمام جہان کو اندھا سمجھتا ہے * اپنا بھلا [5] بُرا تمہیں نہیں سوجھتا [6] اور سمجھتے ہو کہ دنیا کو بھی نہیں سوجھتا *

وزیر — یہ کیا باتیں کر رہی ہو؟ شعلہ کو تیمور آغا کی کیا خبر؟ اُس نے اُسکو دیکھا کب ؟

زیبا خانم — تم نے اُسکو خود اُنگلی سے بتایا ہے * تمنے اُسے خود دکھلایا ہے *

وزیر — ( بُلند آوازسے ) میں نے اُسے دکھلایا ہے ؟ میں نے اُسے اُنگلی سے اشارہ کرکے بتلایا ہے ؟

---

1 *Faqq honā* is only used of the colour of the face: a corruption of the Ar. *faqd*, "losing."

2 For *ham hī*.

3 Note that *ham* is always masculine, except in the Panjab.

4 This is a Persian idiom. Indirect narration.

5 *Bhalā* and *burā* are here substantives for *bhalā,ī* and *burā,ī*.

6 *Sūjhnā* = *dikhā,ī denā*.

زیبا خانم — ہاں - ہاں - تمہیں نے اُسکو بتایا ہے - اور تم نے نہیں بتایا تو کیا میں نے بتایا ہے ؟ کیا عید کے دن تم نہ آئے تھے اور اپنی لاڈلي سے نہ کہا تھا " کہ قلعہ کے باہر خان کے حکم سے امیر زادوں کے آپس میں کُشتي ہونے والي ہے ؟ تم اور نسا خانم کنیزوں اور خوجہ کو ساتھہ لیکر آنا - قلعہ کي دیوار کے نیچے شطرنجي بچھا کر بیٹھنا اور تماشا دیکھنا ؟ " غرض وہ سب کے سب وہاں گئے - اُنکے سامنے تیمور آغا نے (جو نکیلا سجیلا شکیل جوان ہے) تمام امیر زادوں کو نیچا دکھلایا [1] * شعلہ دیکھتے ہي ہزار جان سے اُس پر فدا ہوگئي * کسي کو کیا خبر کہ اُسنے اُسکو کس حیلے اور کس تدبیر سے اپنے دام میں پھنسایا ؟ اب تو یہ حالت ہے کہ اگر شعلہ اُسکو ایک دن نہیں دیکھتي ہے تو مُرغِ بسمل کي طرح تڑپنے لگتي ہے * کیا میں نے تمہیں پہلے ہي نہ کہا تھا کہ تمسے بوڑھے شخص کو اس سِنّ و سال میں ایسي ناکند بچھیڑي [2] سے نکاح کرنا کسیطرح زیبا نہیں ؟ مگر تم میري کب سننے والے تھے ؟ اب اُسکي سزا بھُگتو [3] *

---

[1] *Nīchā dikhlānā*, lit. (in wrestling), "to down," *i.e.*, to throw anyhow; but fig. "to overcome."

[2] *Bachheṛī*, filly: *nā·kand*, a two-year-old.

[3] *Bhugatnā*, "to enjoy." Here = "it serves you right."

وزیر — اچّھا اچّھا - بہت ہوا - اب ٹائیں ٹائیں موقوف کر - میرا پیچھا چھوڑ - دور دفع ہو - جہنّم واصل ہو مجھے اِسوقت کام ہے *

زیبا خانم — ( اِس طرح بُڑ بُڑاتي باہر جاتي ہے ) " میں کیوں جہنّم واصل ہونے لگي ؟ جہنّم واصل ہو تیري لاڈو اور اُسکا دھگڑا [2] - تجھہ جیسے آدمي کا ایسوں ہي سے پالا [3] پڑنا اچّھا ہے " *

وزیر — ( اپنے دل میں ) میرا دل تو کسیطرح گواهي نہیں دیتا کہ شعلہ خانم سے ایسي حرکت سرزد ہوئي ہو [4] * ہاں [5] یہ مُمکن ہے کہ وہ تیمور آغا کي قُوّت اور بہادري کو دیکھکر خوش ہوئي ہو - اور اُس نادان لڑکي نے اِنکے اُنکے [6] آگے اُسکي تعریف کي ہو اور یہ بُڑھیا حسد کي راہ سے اُس پر یہ بُہتان باندھتي ہو اور اُسکي راہ میں کوا کھودنا چاھتي ہو * خیر کچھہ بھي ہو - مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ خیال شعلہ کے دماغ سے نکال دیا

---

1 *Ṭā,eṅ ṭā,eṅ*, f., used of certain unpleasant sounds. *Ṭā,eṅ ṭā,eṅ fish*, (slang) = it's all talk, all rot.

2 *Dhagṛā*, paramour, leman (always in a bad sense).

3 *Pāle paṛnā*, "to fall into the clutches of," and *—kā—se pālā paṛnā*, "to have to do with" = *— kā—se sābiqa paṛnā*.

4 *Hū,ī ho* (and not *hū,ī hai*) to express doubt.

5 *Hāṅ*, "but of course."

6 *In ke un ke āge*, "before various people."

جائے * میں کسی نہ کسی طرح یہ بات اُسکے ذہن نشیں کر دونگا
کہ تیمور آغا کو جیسا قوی وہ سمجھی ہے حقیقت میں وہ ویسا
نہیں ہے - [1] "جنھیں اُسنے پٹخا [2] ہے بارے وہ ہیں ہی کیا ؟
محض بچے ہیں " * اِس تدبیر سے تیمور آغا کی وقعت میں ضرور
اُسکے دل سے نکال دونگا - پھر وہ اُسکا [3] نام تک اپنی زبان پر نہ
لائیگی * اب اُٹھوں - خان کے پاس چلوں * اُس کے بعد واپس
آؤنگا اور شعلہ خانم کے مکان میں جاکر دیکھونگا کہ مجھے کیا کرنا
چاہئیے * ( وہ جانے کے لیئے اٹھتا ہے )

**زیبا خانم** — ( اندر آکر ) آج اِسوقت اور شام کے لیئے
جس قسم کے کھانوں سے ذوق ہو فرمائیے پکایا جائے *

**وزیر** — بس بس ! تمھاری گالیوں اور ملامتوں [4] سے
میں سیر ہوگیا - اب تو شاید مہینہ بھر تک مجھے بھوک نہ لگے گی *
( اب وہ جانے لگتا ہے - کمرے کے بیچ میں ایک چھلنی پڑی
ہوئی ہے - اپنے خیالوں میں غرق وہ سیدھا دروازے کو دیکھتا ہوا
چلا جاتا ہے * اُسکا ایک پاؤں چھلنی کے کنارے پر پڑتا ہے اور

---

[1] *Aur yih kahūṅgā* is understood.

[2] *Paṭakhnā*, modern form of *paṭaknā*. Note the direct narration.

[3] Not *us ke nām tak*: *tak* is not here a post-position; *vide* "Hind. Man.," page 209 (*b*).

[4] *Malāmat*, f., reproach, rebuke (to inferior or intimate friends); *shikāyat*, f., is used for a reproach to superiors, or equals not intimate.

چھلني کا دوسرا کنارہ اُچھٹ کر اُسکے گُھٹنے سے چَٹ[1] سے آ لگتا ھے * وہ گُھٹنا تھام کر مُنہہ بناکر بیٹھہ جاتا ھے - اور اپني بیوي سے چلاّ کر کہتا ھے ) — ھاے ! میں مرگیا - یہ چھلني یہاں کیوں پڑي ھے ؟ کیسے پاجي لوگ ھیں - اُنکي ایسي تیسي *

**زیبا خانم** — ( مُتعجّب ھوکر ) مجھے اِسکي کیا خبر - میں کیا بتاؤں کہ یہ چھلني یہاں کیوں پڑي ھے ؟ جب کبھي آپ تشریف لاتے ھیں تو میرے لیئے صلوات کا[2] ٹوکرا بھي ساتھہ لاتے ھیں * کُرتي تو پہنے کوئي اور - گالي سنوں میں !

**وزیر** — فرّاش ! ( حیدر فراش اندر آتا ھے - دست بستہ سر تسلیم خم کرتا ھے * زیبا خانم اپنا مُنہہ چھپا کر کمرے کے ایک گوشہ میں جاتي ھے ) *

**وزیر** — ( طیش[3] میں آکر ) حیدر ! یہ چھلني یہاں بیچ کمرے میں[4] کیوں پڑي ھے ؟

**حیدر فرّاش** — حضور ! میں صبح سویرے جھاڑو دیتا تھا کہ کریم سائیس اندر آیا اور اُسکے ھاتھہ میں چھلني تھي -

---

[1] *Chaṭ se*, "with a *chaṭ*" ; *chaṭ*, f., is the sound of the snapping of a stick, the flopping of slippers, of throwing pebbles against glass, the thud of a bullet, the whack of a cane, etc.

[2] *Ṣalawāt*, f., sing. (in Ar., pl.), prayers for prophets, specially for Muḥammad, and ironically = "abuse."

[3] *Ṭaish*, m., "rage." *Jhallānā*, "to fall into a passion."

[4] *Bīch kamre meṅ*, colloquial for *kamre ke bīch meṅ*.

وہ مجھسے کچھہ باتیں کرکے باھر چلاگیا - معلوم ھوتا ھے کہ اُسنے جاتے وقت چھلني یہاں چھوڑدي ھے *

**وزیر** — اُس حرامزادے سائیس کو یہاں بلاؤ - میں اُسکي خبر لونگا * ( فرّاش سائیس کو بلانے جاتا ھے ) * سبحان اللہ ! میرے کمرے میں سائیس کا کیا کام اور چھلني کو میرے کمرے سے کیا واسطہ ؟ نہ معلوم آج میں کسکا مُنہہ دیکھکر اُٹھا ھوں کہ ھر طرف مصیبت ھي کا سامنا ھے - جب کبھي اِس منحوس کمرے میں قدم رکھتا ھوں کچھہ نہ کچھہ زک [1] اُٹھاني پڑتي ھے *

**زیبا خانم** — کیوں نہیں ! بیشک ! اِسلیئے کہ شعلہ خانم یہاں نہیں ھے * [2] ایسي بات ھے تو بارے آپکو یہاں آنیکي ضرورت ھِي [3] کیا پڑي ھے ؟ آپ اُسي کے کمرے میں تشریف لیجایا کیجئیے * ( فرّاش اور سائیس اندر آتے ھیں ) *

**وزیر** — ( غصّہ میں آپے سے باھر ھوکر ) - کریم لونڈے ! تُو میرے کمرے میں کیوں آیا ؟ تیرے رھنے کي جگہہ اصطبل ھے *

---

[1] *Zak*, f., "check, reverse" : *zak uṭhānā*, "to suffer loss."
[2] *Jab* or *agar* understood.
[3] *Hi*, at all. *Bāre* has the same force.

تجھے میرے کمرے کے اندر قدم رکھنیکي جرأت کیونکر ھوئي ؟ حرامزادہ کہیں کا !

**سائیس** — غریب پرور - میں ایک لمحہ کے لیئے حیدر سے یہ پوچھنے کو یہاں آگیا تھا کہ "[1] آیا حضور آج سواري کرینگے یا نہیں ؟ " میں نے پوچھا اور پوچھتے ھي اُلٹے پاؤں واپس گیا *

**وزیر** — تو تو یہاں چھلني چھوڑ کو کیوں چلاگیا ؟

**سائیس** — میں گھوڑے کي جو صاف کرنے کے لیئے چھلني ھاتھہ میں لیئے ھوئے تھا - بھول کر یہاں چھوڑ گیا *

**وزیر** — تو پھر آکر اُسکو یہاں سے کیوں نہیں لے گیا *

**سائیس** — مجھے خیال ھي نہ رھا کہ چھلني یہاں چھوڑدي ھے * اُسوقت سے ابتک اُسکو ھر جگہہ تلاش کرتا پھرتا تھا *

**وزیر** — ( پہلے سائیس کي طرف مُخاطب ھوکر اور پھر غرّاش کي طرف ) - تیرا خیال تھا کس طرف ؟ پاجي کہیں کا ! - حیدر ! آغا بشیر ناظر کو بلاؤ - جاد بلاؤ - چوب و فلک بھي ساتھہ

---

[1] Direct narration.

لے نے آؤ * باهر سے تین اور فرّاشونکو بلاتے[1] لانا * فرّاش باهر جاتا هے ) *

**سائیس** — ( تهرتهر[2] کانپنے لگتا اور رو رو کر[3] کہتا هے ) - خدا اور اُسکے رسول کا واسطہ[4] ! میرا قصور معاف کیجئیے *

**وزیر** — ( غصّہ کو دبا کر دهیمي آواز سے ) - زبان بند کر سوٗر کے بچّے[5] !

**سائیس** — ( هُوں هُوں[6] کر کے روتي آواز میں ) میں آپکے صدقے گیا ! مجھسے خطا هوئي - میں نے گوہ[7] دهایا - اپنے ابّا جان کي قبر کے صدقے میں مجھے بخش دیجئیے - مجھسے قصور هوگیا - میرا بال بال آپکا گنہگار هے - اب کبھي اس کمرے میں قدم نہ رکھونگا *

**وزیر** — غارت هو نطفۂ حرام کہیں کا ! ( اب ناظر آغا بشیر اور حیدر فرّاش بیدونکا ایک گٹھا بغل میں دبائے اور تین اور فرّاش اندر آتے اور آداب بجا لانے کے لیئے جُھکتے هیں ) *

---

1 Or *bulā-kar lānā*, but former is more idiomatic here.

2 *Thar thar*, f., is the sound of vibration : *thar thar kāṅpnā*, to tremble violently. From the noun, too, comes *tharrānā*, to start in fright, tremble for a second; and *thartharānā*, to shiver from cold or tremble from fear.

3 *Ro ro-kar* = weeping as he says.

4 *Detā hūṅ* is understood.

5 Note the inflected form of the vocative.

6 *Hūṅ hūṅ*, the *low* sound of blubbering or fretfulness.

7 *Gūh* is excrement.

**وزیر**— ( فرّاشوں کي طرف مخاطب هوکر ) ناظر کو زمین پر پٹخو اور اسکے پاؤنکو فلکے پر رکھکر باندھو - ( فرّاش ناظر کو زمیں پر پٹخنے هیں اور اُسکے پاؤنکو پائي میں ڈالکر کستے هیں - ایک آدمي اِدھر اور ایک آدمي اُدھر فلکہ کو تھامتا هے اور دو فرّاش بیدونکو زمیں پہ سے اُٹھاتے هیں ) *

**وزیر**— مارو - ( فرّاش مارنے لگتے هیں ) *

**ناظر**— باپ رے باپ ! میري جان گئي ! آپکے قربان جاؤں - میري خطا کیا هے ؟ یہ مجھے مار کیوں رهے هیں ؟

**وزیر**— ( غصّہ میں اشارہ کرکے ) یہ چھلنئ یہاں میرے کمرے میں کیوں پڑي هے ؟

**ناظر**— حضور ! چھلني کیسي ؟

**وزیر**— بید کھالوگے تو سمجھوگے کہ چھلني کیسي - ( فرّاش اُسکو دوبارہ مارنے لگتے هیں ) *

**ناظر**— رحم ! رحم ! انصاف ! انصاف ! صدقے گیا - یہ تو بتائیے کہ میري تقصیر کیا هے ؟ آپکے قربان جاؤں - خدا کے لیئے میرا قصور بتائیے - پھر چاهئیے [1] مجھے جان سے مار ڈالئیے - حضور کو اختیار هے *

---

[1] *i.e.*, *agar āp chāhiye* (or *chāheṅ*).

وزیر — ( فراشونکي طرف مخاطب هوکر) ذرة دم لو * آغا بشیر تمهارا قصور یه هے که تمنے باهر کے نوکرونکو اُنکے کام سمجهائے نهیں هیں * باهر کے نوکروں سے کام لینا [1] تمهارا فرض هے * تمهیں چاهئیے که هر ایک شخص کو سمجهادو که " تمهارا یه کام هے اور یهاں کام هے " * سائیس کا یه کام نهیں که وہ اصطبل سے باهر کسي جگهه قدم رکهے * اِسکا خیال رکهنا چاهئیے که میرے کمرے میں چهلنیاں هرگز نه رهنے پائیں * آج کریم میرے کمرے میں آیا اور چهلني یهاں چهوڑ کر چلا گیا - اچانک میرا پاؤں اُس کے ایک کنارے پر پڑگیا - اُسکا دوسرا کنارہ اُچهٹ کر میرے گهٹنے پر آنا رها - اُسکي ایسي سخت چوٹ لگي که اِس وقت تک مارے درد کے اپنے پاؤں کو هلا تک [2] نهیں سکتا * هم تو ایک صوبے کے صوبے کا اِنتظام کرلیتے هیں اور تو احمق گدها ! ایک گهر کو اور اُسکے خدمت گاروں کو بهي سنبهال نهیں سکتا ؟

ناظر — حضورِ عالي ! کهاں جناب کهاں میں ؟ [3] حضور تو اِس زمانے کے افلاطون هیں - بهلا [4] - میں حضور کي برابري کرسکتا هوں ؟

---

[1] *Kām lenā* = *kām karwānā*.

[2] *Tak* not a post-position here; *vide* "Hind. Man.," page 209 (*b*).

[3] Note this meaning of *kahāṅ* to express great contrast: *vide* "Hind. Man.," page 133 (*d*).

[4] *Bhalā* ! = "how on earth, how in the devil ?"

**وزیر** ــــ ( فرّاش سے مخاطب هوکر ) مارو - مارو *

**ناظر** ــــ میں حضور کے قربان جاؤں - اِس دفعه تو میري جان بخشي کیجئیے - اب ایسا قصور بندے سے هرگز نهوگا *

**وزیر** ــــ اچّھا * بس * اب یه وعده کرتا هے تو خیر اِس کو چھوڑ دو * اِتني سزا کافي هے * آغا بشیر! اِس دفعه میں تمهارا قصور مُعاف کرتا هوں - اگر پهر چهلني میرے کمرے میں دیکهي جائیگي تو سمجهلو که تمهاري جان کي خیر نهیں * هاں[1] !

**ناظر** ــــ ( کهڑا هوکر ) - خاطر جمع رهئیے [2] *

**وزیر** ــــ جاؤ - جاؤ - چلے جاؤ *

**سائیس** ــــ ( آهسته [3] ) خدا ! تیرا شُکر !

---

1 *Hāṅ* is here a snort of anger. 2 This speech is half impertinent.
3 *Āhista*, in a low voice, aside.

# دوسرا ایکٹ

( شعلہ خانم کے کمرے میں )

**تیمور آغا** ــــ ( نسا خانم کي طرف رُخ کر کے کھڑا ھے ) * کہو - اب ھمیں کیا کرنا چاھئیے ؟ یہ کیا خبط وزیر کے دماغ میں سما گیا ھے ؟ کیا میں مر گیا کہ وہ تمھاري شادي ایک دوسرے شخص سے کرنا چاھتے ھیں ؟ خان کے ساتھہ رشتہ‌داري پیدا کرنے سے اُنھیں کیا فائدہ ھوگا ؟

**نسا خانم** ــــ کیا آپکو معلوم نہیں کہ اُن کا مطلب کیا ھے ؟ اُن کا مطلب ھے اِختیار - عِزّت - حُرمت *

**تیمور آغا** ــــ جو اختیار اور عِزّت اور حرمت اُنھیں اِسوقت خان کي طرف سے حاصل ھے کیا وہ اُن کے لیئے بس نہیں ھے ؟

**نسا خانم** ــــ وہ تو اُن کے لیئے بس ھے لیکن اُسکا بھروسا ھِي کیا ؟ وہ یہ تعلّق اِس غرض سے پیدا کرنا چاھتے ھیں کہ اُن کا اختیار اور عِزّت وغیرہ بر قرار رھے *

**تیمور آغا** — وہ تو عجب احمق آدمي هيں * اس سے تو يہ ظاهر [1] هوتا هے کہ خود اُنهوں نے اپني آنکھوں سے نہيں ديکھا کہ خان نے اپنے رشتہ داروں کے ساتھہ کيا کيا سلوک کيئے هيں * خير کچھہ هي هو همیں اس بات کي کوشش کرني چاهئيے کہ همارے [2] معاملات هماري مرضي کے موافق طَی [3] پا جائيں * کتنے [4] دنوں تک تم نے مُفت مجھے اس مُعاملے کي نسبت اُن سے ذکر کرنے سے روکا * کل ميں يہ سب باتيں ايک شخص کي زباني اُنهيں کہلا بھيجوں گا کہ وہ اپنے بيهودہ خيالات سے باز آجائيں * اگر وہ باز نہ آئے تو پھر اُن کے حقّ ميں اچّھا نہ هوگا *

**نسا خانم** — خدا کے ليئے، آغا صاحب، اپنے اس ارادہ سے باز آئيے - کسي طرح سے هو هي نہيں سکتا کہ يہ بات وزير صاحب سے کہي جائے - وہ کب [5] سے يہ کہہ رها هے " کہ خان هميشہ تيمور آغا کے مار ڈالنے کے ليئے بہانہ ڈھونڈھتا رهتا هے " - مجھے خود يہ بات معلوم هے کہ وہ اس بارے ميں وزير سے اکثر مشورہ ليا کيا هے [6] - اگر وزير کو همارے عِشق و مُحبّت کا حال معلوم

---

[1] *Ẓāhir honā*, "to see" but *ṣāf ẓāhir honā* or *ẓāhir ẓāhir honā*, "to be evident."

[2] *Hamāre*, "our."

[3] *Ṭay* (or *ṭai*) *karnā*, "to roll up; to traverse; to settle."

[4] *Kitne dinoṅ tak*, "for many days": not here interrogative.

[5] *Kab se*, for *a* long time; not interrogative.

[6] Or *letā rahā hai*.

هوجائے تو وہ اپنے فائدہ کو مدِّ نظر [1] رکھکر اُسي دم خاںؔ سے جاکر کھیگا کہ " تیمور آغا نے آپ کي منسوبہ سے لگّا لگایا ھے [2] " - وہ خاص کر یہ بات ضرور کہے گا اس لیئے کہ وہ آپ سے ناراض ھے *

**تیمور آغا** — خاںؔ نے میرا حقّ مار لیا - میرے باپ کي گدّي مجھسے چھین لي - کیا خاںؔ کے لیئے اتنا کافي نہیں ھے کہ وہ اب میري جان کا بھي خواھاں ھے ؟ یہ اُس کا خیالِ خام ھے [3] *

**نسا خانم** — بیشک وہ تمھیں اپني راہ میں کانٹا خیال کرتا ھے * میں نے اکثر سُنا ھے کہ اُسے اِس بات کا خوف ھے کہ تم اپنے والد کي حکومت کا دعوی کروگے * مجبوراً لوگوں کے سامنے تمھارے ساتھہ خاطر مُدارات سے پیش آتا ھے - لیکن اگر، خدا نخواستہ، ایسا موقع ملجائے تو ایک دن کے لیئے بھي تو تمھیں زندہ چھوڑنے ھي کا نہیں [4] *

**تیمور آغا** — اِس جیسے خاںؔ تو ھرگز میري جان نہیں لے سکتے * اکثر [5] رعایا اور تمام عمایِد [6] والدِ مرحوم کي خوبیوں کے

---

1 *Madd-i naẓar*, "within view," *madd*, f., is "extension"; here used adverbially.

2 *Laggā lagānā*, to have an intrigue with: *lagā,o*, m. (general) attachment, but *laggā*, m., 'liaison.'

3 *Khayāl-i khām*, vain thought, ridiculous idea.

4 *Vide* "Hind. Man.," page 112 (*e.*)

5 *Akṣar* most (before a noun); as adv. "often" and also "generally."

6 Nobles; plural of *'umda*.

باعث مجھسے دلي محبّت اور خُلوص رکھتے هيں * ميں کچھه چُوها نهيں که اُن کے ميوں سے ڈر جاؤنگا [1] - ليکن يه تو بتاؤ ميں نے وزير کا کيا قصور کيا هے که وه مجھسے خفا [2] هوگئے ؟

**نسا خانم** — تم نے وزيرِ سابق کے لڑکے مرزا سليم کو اپنا ' سکرٹري ' بنايا هے * وزير کا خيال هے که اگر تمهيں اختيار ملجائيگا تو تم مرزا سليم کو اُس کے باپ کي جگهه پر مقرّر کروگے * اب وه چاهتا هے که خان کو کهه سُن کر [3] مرزا سليم کو مُلک سے نکلوادے *

**تيمور آغا** — وزير کے کهنے سے تو ميرے ' سکرٹري' کو کبهي جلا وطن نهيں کريگا - ميرے حق ميں اور ايسے خيالات ؟ خدا چاهيگا تو ميرے باپ کا نمک اُس کے بدن سے پهوٹ کر نکليگا * انشاء الله اُسکي ساري تدبيريں خاک ميں ملجائينگي اور ميں اپني مُراد کو پهنچکر رهونگا [4] هاں تمهارا يه کهنا ضرور صحيح هے که وزير کو هماري باهمي محبّت کا حال معلوم نه هونا چاهئيے * شعله خانم کهاں هيں ؟ مجهه اُن سے کچهه کهنا هے *

**نسا خانم** — وه ميري امّا جان [5] کے کمرے ميں هيں *

---

[1] Colloquial; better *ḍar-jā,ūṅ*.

[2] *Khafā*, annoyed (not angry) with.

[3] *Kahnā sunnā*, prevail upon, persuade.

[4] For the exact meaning of this compound *vide* "Hind. Man.," pages 6 and 87 (*b*) and (*e*).

[5] *Ammā jān* = dear mother; *ammā* = mamma and *jān* = life.

**تیمور آغا** — کیا تم اُنہیں جاکر یہاں بلا نہیں لا سکتیں [1] ؟

**نسا خانم** — امّا جان اِس منزل میں تشریف نہیں رکھتیں [1] - ہملوگ خود وہاں اُنکے پاس چلیں *

**تیمور آغا** — اچّھا چلو - ہم دونوں آدمي [2] چلیں *

( دونوں چلے جاتے ھیں * اُسکے بعد :— )

**زیبا خانم** — ( جلدي سے کمرے میں داخل ھوکر ) بیسوا [3] کہیں کي ! تُو اِس قدر بے باک ھوگئي کہ میري لونڈي کو گالي دے اور وہ داد فریاد کرکے میري جان کھاتي ھے ؟ کیا وزیر نے تیرا سر ایسا پھرا دیا ھے ؟ ( اب دیکھتي ھے کہ کمرے میں کوئي شخص نہیں - وہ اِدھر اُدھر نظر دوڑاتي ھے ) - آہ یہ قحبہ [4] چلي کہاں گئي ؟ خدا وزیر کے گھر کو ملیامیٹ [5] کرے کہ اُس نے مجھے یہ روزِ بد [6] دکھایا * ( وہ باھر جانے ھي کو ھے [7] کہ کسي آدمي کي آواز سن کر کانپنے لگتي اور بیٹھ

[1] Pres. Tense: note that as *haiṅ* is omitted, the plural *ṅ* has to be added; *vide* "Hind. Man.," p. 67 (*e*), and "Stumbling Blocks," p. 112 (*o*).

[2] Note this use of *ādmī*, masc. and fem.; *vide* also "Hind Man.," L. 1.

[3] *Beswā*, prostitute. Note this common use of *kahīṅ* in abuse; meaning fellow; creature'!

[4] *Qaḥba*, "prostitute," from a root signifying "to cough."

[5] *Malyāmeṭ karnā*, "to destroy," generally used figuratively.

[6] For *iẓāfat vide* "Hind. Man.," p. 214 (*g*). *Ki* "because." *Roz-i bad*, "evil day."

[7] "Just about to go out; is on the point of going out."

جاتي هے ) هے ! هے ! يه تو کسي بيگانه مرد کي آواز هے * هے ! هے ! يه تو اب دروازے کے اندر گھسا آتا هے * يا الله ! اب کيا کروں ؟ باهر تو جا نهيں سکتي * هے ! هے ! اپنے کو کہاں کھپا [1] دوں ؟

( وه اِدھر اُدھر پھرنے لگتي هے اور آخر پردے کے پيچھے جاکر چھپ جاتي هے - تيمور آغا اور شعله خانم داخل هوتے هيں ) *

**تيمور آغا** — کتنا جلد تمهاري امّاں [2] حمّام سے واپس آگئيں ! اُنکے کمرے ميں هم لوگوں کو بات چيت کرنے کي فرصت نه ملي - مجھے آپ سے بہت باتيں کرني هيں * کہيں وزير تو يہاں نه آجائينگے ؟

**شعله خانم** — خاطر جمع رهئيے - وزير آج تو ان کمروں ميں نهيں آسکتے *

**تيمور آغا** — کيوں نهيں آسکتے ؟

**شعله خانم** — اس ليئے که آج زيبا خانم کے کمرے کي باري هے - زيبا خانم کے غُل غپاڑے [3] اور آسکي صلواتيں سُننے کے ڈر سے اُنکي همّت کہاں پڑيگي که وه آج اس کمرے ميں پاؤں رکھيں ؟

---

[1] *Khapnā*, to be used up, consumed (of an article of consumption); *khapānā*, to use oneself up, hence to annihilate.

[2] *Ammāṅ*=*ammā*.

[3] *Ghul ghapāṛā*=*ghul shor*.

**تیمور آغا** — یہ سب ٹھیک ہے لیکن اس پر بھروسا کیونکر کرسکتا ھوں ؟ اِحتیاط کو کبھي ھاتھہ سے نہ دینا چاھئیے - شاید وہ دفعةً آپڑیں *

**شعلہ خانم** — ڈرئیے مت - میں نے نسا خانم کو کہدیا ہے کہ وہ دالان میں بیٹھي رھیں - اور اگر وزیر کو آتے دیکھیں تو فوراً آکر ھمیں خبر کریں * کیا آپ ڈرتے ھیں ؟

**تیمور آغا** — نہیں - میں کیوں ڈرنے لگا [1] - کس سے ڈرونگا ؟ میں ڈرنیوالے لوگوں میں نہیں * کئي وجہوں سے میں یہ نہیں چاھتا کہ وزیر مجھے یہاں دیکھلیں اور جاکر خان کو اِسکي خبر کردیں * قبل اِسکے کہ اُسکو اِس بات کا موقع ملے کئي تدبیریں ایسي ھیں جنکو مجھے عمل میں لانا ضرور ہے *

**شعلہ خانم** — بیشکّ - یہ بات وزیر کو معلوم نہوني چاھئیے نہیں تو وہ خان کو اِس کي خبر کر دینگے - پھر تو یہ سارا راز طشت از بام ھوجائیگا [2] *

**نسا خانم** — ( اِسوقت نسا خانم کمرے کے دروازے کے اندر سر ڈالتي اور پکار کر کہتي ہے خدا کي پناہ وزیر آگئے ) *

---

1 Why *should* I fear (—*ḍarne lagā*): *vide* "Hind. Man.," p. 66 (c).

2 (1) *Ṭasht*, (2) *az*, (3) *bām ho-jānā* : (1) plate, (2) from, (3) roof. A plate thrown off a roof or from an upper window would make a great clatter !

**شعلہ خانم** — ( گھبرا کر دروازے کے پاس جاتي اور باھر نظر کرکے کہتي ھے ) یا اللہ تیري پناہ ! وزیر تو سیدھے میري ھی دروازے کي طرف آرھے ھیں * اے ھے ! تیمور آغا اب تو[1] نہ تمھیں رھتے ھي[2] بن پڑتي ھے نہ جاتے *

**تیمور آغا** — تو اب کیا کرنا چاھئیے؟ شاید کسي نے میرے یہاں آنے کي اُنھیں خبر کردي - اگر کسي نے میرے آنے کي اُنھیں خبر کي ھوگي تو خدا کي قسم میں نے اپنے اِسي چُھرے سے اُس کي بوٹیاں کاٹکر چیل کوّوں کو نہ کھلوائي[3] ھوں تو سہي -

( ھاتھہ چُھرے پر رکھتا ھے ) •

**شعلہ خانم** — اِس وقت تو باتیں کرنے کا موقع نہیں - جاؤ اُس پردے کے پیچھے چھپ جاؤ * میں کسي نہ کسي بہانے سے اِسے یہاں سے رخصت کردونگي *

( تیمور آغا جلدي سے پردے کے پیچھے چلا جاتا ھے )

**وزیر** — ( لنگڑاتا ھوا کمرے میں داخل ھوتا ھے )

شعلہ خانم کیا ڈرتي ھو؟ مزاج تو اچّھا ھے نا؟

---

1 *To.*

2 You can't manage to stay nor to go. *Hū,e* understood after *rahte* and *jāte*. *Hī* is merely emphatic and can be omitted.

3 "If I have not given"; dubious perfect for a positive future. Note *chīl kawwoṅ*; the plural termination is added to the second noun only.

**شعله خانم** — الحمد لله - آپکي دعا سے ميرا مزاج تو هميشه هي اچّها رهتا هے * آپ اپنا مزاجِ شريف فرمائيے * نهايت تعجّب کي بات هے که "آج آپ يهاں کيونکر تشريف لائے [1] ؟" اور آپ لنگ کيوں مارتے هيں ؟ آپکي پيشاني پر بل [2] کيوں هے ؟ خيريت تو هے نا [3] ؟

**وزير** — اُفّ [4] ! مجهپر ايک ايسي مصيبت آ ٹوٹي هے که کچهه نه پوچهو - اُس کا مجهے وهم وگمان تک نه تها - خدا دُشمن کو بهي يه دن نه دکهائے * آغا مسعود ! جاؤ ايک پيالي [5] قهوه لاؤ *

( آغا مسعود آداب بجا لاکر باهر جاتا هے )

**شعله خانم** — تشريف رکهئيے * يه تو فرمائيے که "واقعه کيا هے ؟" نهيں نهيں - اُس کے بيان کرنے ميں دير لگيگي اور آپ کو مُفت زحمت بهي هوگي *

**وزير** — نهيں کچهه دير نهيں لگيگي * بات يه هے که ميں اور [6] عمائد کے ساتهه خان کے روبرو بيٹها تها که آغا تيمور کي

---

[1] Direct narration. The whole is a colloquialism. A direct question with *kyūnkar* should not follow "it is very strange that—."

[2] *Bal*, m., any fold or wrinkle; a kink in wire, etc.: *jhol*, m., is a bagging or big pucker: *silvaṭ*, f., is a wrinkle in cloth only, or in a carpet.

[3] —*nā*=isn't it?

[4] *Uff*! indicates disgust.

[5] *Piyālī*, small cup; *piyālā* is properly a very big cup. Note apposition.

[6] *Aur*, "other."

زور آوري کا چرچا ہونے لگا * سب کے سب کہنے لگے کہ " تمام لشکروان میں زور آوري میں کوئي اُسکا جواب [1] نہیں " * خان نے بھي اِس بات پر صاد [2] کیا - لیکن میں نے اِنکار کیا * میں نے کہا " گو تیمور آغا نے عِید کے دن کئي کُشتي جیتي لیکن میں اُسکے زور کا قائل نہیں اِس لیئے کہ اُسکے حریف محض بچّے تھے " - تیمور آغا بھي وہاں حاضر تھا * خان نے میري بات قبول نہ کي - پوچھا کہ " اِس کے ثبوت میں تم کیا دلیل رکھتے ہو " ؟ میں نے جواب دیا کہ " یہ بات میري شان کے لائق نہیں ورنہ [3] پنجاہ سالہ ہونے پر بھي میں آس سے کشتي لڑتا اور آپ دیکھتے کہ میں کس طرح اُسے پٹخنیاں دیتا " * خان کو تو پہلواني کے کرتبوں کے دیکھنے کا شوق ہے - فرمانے لگے " میں حکم دیتا ہوں کہ تم ابھي تیمور آغا سے کشتي لڑو " * میں مجبور ہوکر اُٹھہ کھڑا ہوا * تیمور آغا بھي خم ٹھونک [4] کر سامنے آیا * پھر کیا تھا [5] ؟ ہم دونوں نے ایک دوسرے سے ہاتھہ ملایا [6] - اور پھر گُتھہ ہي [7] تو گئے - مجھے غیرت [8] آئي *

---

1 *Jawāb*, match.

2 *Ṣād karnā*, to approve. The letter ص *ṣād* (written ﺻ ) stands for *ṣaḥīḥ* "correct," which, written on a document, stands for "I agree."

3 *Warna* = "had it been so."

4 *Kham ṭhonknā*, to slap the biceps as Indian wrestlers do to show they are ready; *hence* to challenge.

5 Then what was there to wait for?

6 Wrestlers shake hands before beginning.

7 *Phir guth hī to ga,e*, "and then actually got entangled."

8 *Ghairat* here means emulation.

ایک مِنت نہولے پایا تھا کہ میں نے اُسے ایک ایسي لنگي [1] ماري کہ وہ چاروں شانے چِت [2] زمین پر گرا * مجھے تو اُس وقت اِس کي خبر بھي نہ رھي کہ میں نے اُس کو کیونکر گرایا لیکن دیکھا تو یہ دیکھا کہ وہ غریب زمین پر چِت بیہوش پڑا ھے - کوئي آدھہ گھنٹے سے کم میں اُس کو ھوش نہ آیا * اُس کو پٹخنے کے لیئے جو میں نے زور کیا اُس سے میري کمر میں موچ آگئي * اِس وقت اُس میں شدّت سے درد ھے - اِسي وجہ سے سیدھا [3] نہیں چل سکتا *

**شعلہ خانم** — ( قہقہہ [4] مار کر ) میرے سر تاج [5] ! آپ نے یہ کیا کیا ؟ شاید وہ غریب مر جاتا تو اُسکي ماں بیچاري کا کیا حال ھوتا ؟

**وزیر** — ھاں - ھاں * بعد کو میں خود بھي پچتایا * لیکن اب کیا فائدہ ؟ جو ھونا تھا وہ تو ھو چکا *

**شعلہ خانم** — اچّھا * وہ بیچارہ تو اُسي جگہہ پڑا رھا - اور آپ اُٹھہ کھڑے ھوئے اور اپني اُستادي کا اظہار کرنے کے لیئے یہاں تشریف لائے ؟

---

1 *Laṅgī*, a trip in wrestling.

2 *Chāroṅ shāne* = on the four corners of the back; *chit*, flat on the back; *chāroṅ shāne chit*, "completely flat on his back."

3 *Sīdhā* means erect.

4 *Qahqaha mārnā*, to laugh aloud.

5 *Sar-tāj* for *tāj-i sar*; "head-crown" for "crown of the head."

**وزیر** — نہیں * فرّاش ٹانگ ٹونگ[1] کر اُسے اُسکی ماں کے گھر پہنچا آئے[2] *

( یہ سُن کر تیمور آغا بے اختیار کھِل کھلا[3] کر ہنس پڑتا ہے - وزیر فوراً اپنی جگہہ سے اُٹھتا اور پردہ کو اُٹھاتا ہے اور تیمور آغا اور زیبا خانم کو وہاں دیکھتا ہے اور ھکّا بکّا ھوکر کھڑ رہ جاتا ہے * شعلہ خانم بھی زیبا خانم کو وہاں دیکھکر حیرت میں آجاتی ہے ) *

**وزیر** — خدایا ! یہ کیا ماجرا ہے ؟ تیمور آغا کی طرف متوجّہ ھوکر چیخکر کہتا ہے ) آغا ! آپ یہاں کیا کر رہے ہیں ؟

( تیمور آغا اپنا سر جُھکا لیتا ہے * وزیر دوبارہ ) آخر کچھہ تو مُنہہ سے بولئیے - سر سے[4] کھیلئیے - زبان کھولئیے - آپ یہاں کہاں ؟ یہاں آپکا کیا کام ؟

( تیمور آغا جواب نہیں دیتا ہے - پردے کے پیچھے سے باھر آتا اور سر جُھکا کر چلتا دھندھا[5] کرنا چاھتا ہے ) *

---

[1] *Ṭāṅg ṭūṅgkar*. *Ṭāṅgnā* is to suspend, hang up on a nail, etc. Here the repetition gives the idea of catching hold of him anyhow and bearing him off.

[2] i.e., *pahuṅchākar ā,e.*

[3] *Khilkhilānā*, to giggle, or make a noise in restrained laughter.

[4] *Sir se khelnā* is said of those who pretend they are possessed by a *jinn*, and indicate the fact by rolling the head.

[5] *Chaltā dhandhā karnā*, slang; *lit.* to make a prosperous business; apparently the idea is *chalne kā dhandhā karnā.*

**وزیر** —— (اُسکا بازو پکڑ کر) جب تک تم یہ نہ کہوگے کہ یہاں کیا کر رہے تھے میں تمہیں کب جانے دینے والا ہوں ؟ بولو - مُنہہ کھولو - اب ہلاؤ *

**تیمور آغا** —— (بازو کو جھٹکا دیکر) چھوڑو - چھوڑو *

**وزیر** —— (اور زور سے پکڑ کر) جب تک تُو جواب نہیں دیگا میں تجھے ہرگز نہ چھوڑونگا *

(تیمور آغا ناچار ہوکر ایک ہاتھہ سے اُسکا گریبان اور دوسرے ہاتھہ سے ٹانگیں پکڑ کر اُسکو اُٹھاتا اور ایک گٹھری کی طرح کمرے کے بیچ میں پھینک دیتا ہے - اور پھر جلد دروازے سے باہر کُود کر بھاگتا ہے ) *

**وزیر** —— (ایک لحظہ کے بعد ہوش درست کرکے اُٹھہ بیٹھتا ہے - اور زیبا خانم کو اِسطرح مخاطب کرتا ہے ) ای چِھنال [1] ! تو نے میرے سر پر کیا آفت توڑ ماری [2] ؟

**زیبا خانم** —— میں نے تمہارے سر پر آفت توڑی ؟ مجھسے کیا واسطہ ؟ او احمق ! تجھسے یہ کس نے کہا ؟

**وزیر** —— (طیش میں آکر) - زبان بند کر قحبہ کہیں کی - بک بک نہ کر - میں نے تجھے پہچان لیا * یہ ساری

---

1 *Chhināl*, immoral woman (in any station of life); a contemptuous word.

2 *Ṭoṛ-mārnā*, tr., "to dash at."

تُہمتیں تو تیري هي کرتوت تهیں [1] * دیکهه اب تیري خبر لیتا هوں *

**زیبا خانم** ـــــ بڑے بیچارے ! آخر یه تو کہو که کس لیئے تم میري خبر لینے لگے [2] ؟ کیا کوئي خلاف شرع کام مجهسے هوا ؟ میں نے کسي کو دهگڑا بنا لیا ؟ نکل کر کسي کے گهر چلي گئي ؟ چوري کي ؟ اپني آبرو میں بٹّا لگایا ؟ کیا کیا ؟

**وزیر** ـــــ کُتیا ! مُردار ! اِس سے بڑهکر اور کیا کرتي که ایک مُستنڈے [3] جوان کو لیئے پردے کے پیچهے کهڑي تهي ؟

**زیبا خانم** ـــــ آلّو کے پٹّهے [4] ؟ اپني لاڈلي شعله خانم سے پوچهه که " ایک بیگانه مرد کا اِس کمرے میں کیا کام تها ؟ "

**وزیر** ـــــ او رنڈي [5] پہلے تو تُو جواب دے که پردے کے پیچهے ایک نامحرم آدمي کے ساتهه کیا کر رهي تهي ؟

**زیبا خانم** ـــــ بہت اچّها * پہلے میں کہتي هوں اور پهر وه کہیگي - دیکهوں تو وه کیا کہتي هے ؟ تمهاري لاڈو شعله نے

---

[1] For the number of predicating nouns *vide* Hind. Man., L. 56 (*g*).

[2] *Lage* — "should"; *vide* "Hindustani Manual," L. 18 (*c*).

[3] *Musṭanḍā*, adj., lusty, sturdy; generally applied to beggars. Also a paramour. The word is always contemptuous or reproachful.

[4] *Paṭṭhā* is any young bird; nearly fledged; a poulet, etc.; also a young wrestler.

[5] *Ranḍī*, prostitute. In some parts of India *ranḍī* means simply woman and is sometimes even used for *rānḍ* or *ranḍiyā*, "widow."

میري کنیز کو فُحش گالي دي تهي * میں پوچهنے آئي تهي که " چادر سے باهر کیوں پاؤں پهیلاني هے ؟ میري لونڈي کچهه تیرا نمک نهیں کهاتي * تجهے اُسکو فُحش گالي دینے کا کیا حق ؟ " آکر دیکهتي هوں تو اُسکا یهاں پتا نهیں - چاهتي هي[1] تهي که لوٹ جاؤں - کیا دیکهتي هوں که " شعله خانم ایک مرد سے هنسي مذاق کرتي سامنے کي طرف سے آتي هے " * میں گهبرا اُٹهي - باهر جا نهیں سکتي تهي * پردے کے پیچهے جا چهپي که دیکهوں " آخر یه کرتے کیا هیں ؟ " اور پهر یه ماجرا آپ سے بیان کروں * چونکه میرے منهه پر نقاب نه تها اِس لیئے ایک نا محرم کے سامنے منهه کهولے کهڑي بهي نه ره سکتي تهي * اِتّفاق سے آپ پهنچ گئے * جب آپ نزدیک آئے اُس کو بهي سوائے اس کے اور کوئي چاره نه رها که اُس وقت تک کے لیئے که آپ یهاں سے جائیں پردے کے پیچهے آچهپے *

**وزیر** — اگر تُو سچ کهتي هے تو اُسي وقت مجهے خبر کرنے پردے کے باهر کیوں نه چلي آئي ؟

**زیبا خانم** — کیا میں باهر آ سکتي تهي ؟ اُس نے دهمکایا که " تُو ایک حرف بولي[2] اور میں نے اس خنجر سے تیرا کام تمام کیا " *

---

[1] I was *just* going to leave when—.
[2] *Aur* = as soon as; Hind. Man., L. 51 (*a*).

**وزیر** — ( کچھہ تأمل کرکے شعلہ خانم کي طرف متوجہہ ہوتا ھے ) شعلہ خانم ! سچ سچ حال بیان کرو * یہ آدمي تمہارے پاس آیا تھا ؟

**شعلہ خانم** — تمہاري یہ بیوي تو بلبلِ ہزار داستان[1] ھے * قصّے گھڑنے[2] اور جھوٹ کے پُل باندھنے[3] میں اِس کو کمال ھے * میں اُس مردوئے[4] کو نہ جانتي ھوں اور نہ پہچانتي ھوں *

**وزیر** — کیا تم تیمور آغا کو نہیں جانتیں - نہیں پہچانتیں[5] ؟ تم اُسکو اچھي طرح پہچانتي ھو *

**شعلہ خانم** — لیکن تیمور آغا کیونکر آسکتا تھا ؟ کیا تم نے اُس کو پٹنخکر اُس کے ماں کے گھر نہیں بھیجوا دیا تھا ؟

**وزیر** — توبہ ![6] کیا فضول بکتي ھو ؟ میرا جواب دو * تمہارے کہنے سے تو صاف ظاھر ھے کہ تیمور آغا تمہارے پاس آیا تھا *

---

[1] *Bulbul-i hazār dāstān*, "the bulbul of a thousand notes (stories)" is the Persian nightingale, not to be confounded with the bulbuls of India.

[2] *Gharnā*, tr., to fabricate stories, rumours, etc.

[3] *Jhūṭh ke pul bāndhnā* = to weave a tissue of falsehood.

[4] *Mardū.ā*, a contemptuous word used by women; properly a diminutive of *mard*. It has a parallel in the contemptuous word 'female' in English.

[5] Note that this is the Present Tense, and note the way the plural is formed when the substantive verb is omitted. *Vide* note 1, p. 124.

[6] *Tauba* is here an exclamation of disgust.

**شعلہ خانم** — نہیں گستاخي معاف - اگر تیمور آغا میرے پاس آیا ہوتا تو آپ اُسکو میرے ساتھہ دیکھتے * زیبا خانم جانتي تھي کہ میں آج حمّام جاؤنگي * میرے کمرے کو خالي جان کر اُس کے دل میں یہ آیا کہ یہاں اپنے عاشق کو لاکر اُسکے ساتھہ رنگ رلیاں [1] منائے * اُسکو معلوم تھا کہ آج آپکي باري اُس کے ھاں [2] کي تھي - اُسکو اپنے کمرے میں نہ بُلا سکي * اِتّفاق سے آج حمّام میں پاني نہ تھا اِسلیئے لوٹ آئي - چونکہ میں یکایک آگئي اُنہیں باھر جانے کا موقع نہ ملا - پردے کے پیچھے جا چھپے * وھاں دونوں ایک دوسرے کے ساتھہ مزے لوٹ رہے [3] ھونگے اور اِس موقع کے بھي منتظر ھونگے [4] کہ میں باھر جاؤں * سچ پوچھئیے تو یہ بات تھي * اپنے حواس درست کیجئیے - اِس بے حیا کي باتوں میں نہ آئیے * مجھسے خواہ مخواہ [5] بدگمان نہ ھُوجئیے *

**زیبا خانم** — ( شعلہ خانم کي طرف مخاطب ھوکر اور چیخ کر) بد ذات! کیا باتیں بنا رھي ھے! اپني بلا میرے

---

1 *Rang raliyāṅ*, sing., "merry making." *Manā,e*, 3rd pers., sing., Aorist.

2 = *us ke yahāṅ kī*. *Hai* (instead of *thī*) would turn the clause into direct narration.

3 *i.e.*, 'Must have been enjoying themselves kissing and cuddling.'

4 *Hoṅge*; for this use of the Future *vide* under Future Tense. "Hindu stani Stumbling Blocks." Indirect narration.

5 *Khwāh makhwāh*, without any reason.

سر ڈالتي هے * یا الله ! میں کیا کروں ؟ میں اپني جان دیدونگي *

**شعله خانم** — بد ذات تو تُو خود هے - قحبه تُو هے * جان دیگي تو دیدے - مجھے کیا پروا ؟ تجھه سی چال باز [1] رنڈي تو لنگران بھر میں نه هوگي * داد فریاد کرنے سے تو اپنے کو با عِصمت اور شریف خاتُون نہیں ثابت کرسکتي هے * تیرے شوهر کے مُنهه پر بھي آنکھیں هیں - وه خوب دیکھه سکتے هیں که یه کام تیرا کام هے یا میرا *

**زیبا خانم** — رحم ! رحم ! اِنصاف ! اِنصاف ! یا الله تیرے هاتھه انصاف هے ! میں تو اپني جان دے دونگي * اجي صاحب ! اِس رنڈي کے مُنهه پر طمانچه کیوں نہیں کھینچ مارتے [2] که مجھپر ایسے بُہتان جوڑ رهي [3] هے ؟ تم بھي کھڑے کھڑے [4] تماشا دیکھتے هو *

**شعله خانم** — او کُٹنچني ! وه مجھے طمانچه کیوں مارنے لگے ؟ اگر مرد هیں تو اُنہیں چاهئیے که تیري بوٹي بوٹي اُڑادیں * بیگانه مرد کے ساتھه تُو پکڑي گئي یا میں ؟

---

[1] *Chāl-bāz*, tricky.

[2] *Khaiṅch mārnā* gives an idea of force. *Khaiṅchnā* implies drawing the hand far back over the shoulder so as to give a good long slap.

[3] *Buhtān joṛnā* or *bāndhnā*: note idiom.

[4] *Khaṛe khaṛe*, standing all the while, without moving.

**وزیر** — (زیبا خانم کي طرف مخاطب هوکر) بیشک تیري بوٹیاں اُڑاني چاهئیں[1] - هاں اِتني مُهلت مجھے دے که میں خاں کے رُوبرُو جاکر پہلے تیرے آشنا کا کام تمام کروں - پھر تیري خبر لوں گا * تو نے تو اپني تمام عمر جُھوٹ بولنے کاٹي هے - میں تجھے خوب پہچانتا هوں *

**زیبا خانم** — (طَیش میں آکر) کیا شکّ هے - میں هِي جُھوٹي هوں اور تم سب تو سچائي کا جامه پہن کر خدا کے هاں سے آئے هو * سچائي تو ابھي بھي تیرے کلام سے ظاهر هوئي *

**وزیر** — میرے سامنے سے دور هوجا * کُتیا !

(زیبا خانم کمرے سے باهر جاتي هے) — شعله ! سچ سچ بیان کرو * میں بھي جانوں تمهیں ساري حقیقت معلوم هے یا نهیں *

**شعله خانم** — آپ کے سر کي قسم اِس مُعاملے میں هرگز میري کوئي تقصیر نهیں * (اِتنے میں خواجه مسعود آتا اور وزیر کے پیچھے قهوہ پیالي میں ڈهال[2] کر کهتا هے) :—

**مسعود** — آغا صاحب ! قهوہ نوش فرمائیے *

---

[1] *Chāhiye* means "must" as well as "ought"; here it means "must" and stands for *lāzim hai*, not for *munāsib hai*.

[2] *Ḍhālnā*, to pour (of liquids only). *Wuh khūb ḍhāltā hai* = 'he lifts his little finger.' *Ḍālnā*, to put, cast or pour (of anything).

**وزیر** — (جلدي سے مُڑ کر دیکھتا ھے هاتهه سے ایسي ٹھوکر دیتا ھے کہ قہوے کي پیالي خواجہ مسعود کے کپڑوں پر اُلٹ جاتي ھے ) * دور ھو جا - احمق گدھے ! میرا دل تو ٹھکانے نہیں * قہوہ کیا خاک پیونگا ؟ اچّھا * اب خان کے پاس چلا - وہ اِس مشکل کو حلّ کردیگا *(آغا مسعود پیچھے ھٹ کر قہوے کو اپنے کپڑے سے پونچھنے لگتا ھے ) *

**وزیر** — ( نہایت پریشاني سے ) جلد جا - حُکم دے کہ میرا قرمزي گھوڑا لائیں اور سُرنگ لُبادے پر زین کَس کر سائیس وراً لائے - جلد ! جلد !

**آغا مسعود** — بہت خوب ! بسر و چشم ! جیسا حضور نے فرمایا ھے ٹھیک آسي طور پر تعمیل کرتا ھوں * ( باھر دوڑ کر جاتا ھے ) *

( اِس کے بعد وزیر بھي چلا جاتا ھے )

**شعلہ خانم** — اللهُ اکبر ! میري تو عجیب آفت میں جان پڑي تھي - بارے مُخلصي پائي * یا الله ! تیرا شکر ! ( وہ بولتي ھي ھے[1] کہ نسا خانم آ پہنچتي ھے * نسا خانم کي طرف متوجّہ ھوکر ) — نسا ! ابھي ایک عجیب ماجرا گذرا - تمھیں بھي

[1] *Boltī hī hai* is, in the very act of speaking.

اِس کي کچھه خبر هے ؟ وزير نے زيبا خانم اور تيمور آغا کو اِس پردے کے پيچھے پايا *

**نسا خانم** — سچ ؟ يه آپ کہتے کيا هيں ؟ زيبا خانم پردے کے پيچھے کرتي کيا تھي ؟

**شعله خانم** — مجھے خبر نہيں وہ قحبه کب آئي اور کب اُس پردے کے پيچھے گئي - اُس نے تو ميري جان بچالي * ليکن اب اِس ميں کوئي شک نہيں که خان تيمور آغا کو مار ڈالے گا * کچھه سمجھه ميں نہيں آتا که اُسکي مُخلصي کے ليئے کونسي [1] تدبير کي جائے *

**نسا خانم** — ڈرئيے مت * خان کي کيا مجال که وہ تيمور آغا کو مار ڈالے گا [2] ؟ ليکن کاش ايسا واقعه نہوا هوتا ! اب يه معامله ضرور طُول کھينچيگا * اَمّا جان نے آپ کو ياد کيا هے - اُن کے کمرے ميں تشريف لے چلئيے * آغا مسعود کو خان کے دربار ميں بھيجتي هوں که وہ ساري خبر لائے *

( دونوں چلي جاتي هيں * پردہ گرتا هے )

---

[1] *Vide* "Hind. Man.," L. 28 (*d*).

[2] Or *mār-ḍāle*.

# تیسرا ایکٹ

( یہ واقعہ سمندر کے کنارے [1] خانِ لنکران کے دیوان خانے میں گذرتا ہے * خان دیوان خانے کے تالار میں تخت پر بیٹھا ہے • سلیم بیگ نقیب عصا لیئے خان کے رو برو کھڑا ہے - اور دونوں طرف لنکراں کے روٴسا اور عمائد صف باندھے کھڑے ہیں * صمد بیگ فرّاشونکا سردار اور عزیز بیگ پیش خدمت باشي دو تین پیش خدمتوں کے ساتھہ دروازے پر بیٹھے ہیں - اور تالار کے نیچے فریادي ، نائب نقیب قدیر بیگ کے پاس ، طلب کے منتظر کھڑے ہیں * فرّاش تالار کي ایک طرف جمع ہیں ) *

**خان** —— آج آسمان صاف ہے - دربار کے بعد جي چاھتا ہے کہ کچھہ سمندر کي سیر کروں - کچھہ تفریح ھوجائیگي * عزیز آغا ! ملّاحوں کو حکم کرو کہ مور پنکھي [2] کنارے پر لگائیں *

**عزیز آغا** —— بسر و چشم ! ( چلا جاتا ہے ) *

**خان** —— سلیم بیگ ! کہو کہ فریادیوں کو پیش کریں *

---

[1] *Par* understood after *kināre*. For *iẓāfat vide* "Hind. Man.," p. 214 (*g*).

[2] *Mor*, m., "peacock," and *pankh*, m., "feather" or "wing"; *morpankhī* is an old-fashioned pleasure-boat supposed to be like a peacock.

**نقیب** — ( تالار کے اندر سے بآوازِ بلند ) قدیر بیگ ! فریادیونکو باري باري پیش کرو * قدیر بیگ ایک مُدّعي اور ایک مدعیٰ علیہ کو پیش کرتا ہے * آداب بجالاتے ہیں *

**مُدّعي** — میں خان کے قُربان ! مجھے کچھہ عرض کرنا ہے *

**خان** — جو کچھہ عرض کرنا ہے کر * دیکھوں تو مَردک تُو کیا خبر لایا ہے ؟

**مُدّعي** — میں خان کے قُربان ! آج میں اپنے گھوڑے کو دریا [1] کنارے پاني پلانے کولے گیا - گھوڑا ہاتھہ سے چھُوٹ کر بھاگ گیا * یہ آدمي سامنے سے آتا تہا - میں نے آواز دي کہ "بھائي صاحب [2] ! خدا کے لیئے اِس گھوڑے کو روکنا" * اُس نے جُھک کر زمین سے پتّھر اُٹھایا اور گھوڑے کي طرف پھینکا - وہ پتّھر گھوڑے کي آنکھہ سے جا لگا اور وہ کانا ہوگیا * اب گھوڑا کسي کام کا نہ رہا - بے مَصرف ہوگیا * میں گھوڑے کا تاوان [3] چاہتا ہوں * وہ نہیں دیتا - مجھہ سے جھگڑا کرتا ہے *

---

[1] *Ke* understood after *daryā*.

[2] *Bhā,ī* is not necessarily an intimate term. *Bhā,ī ṣāḥib* or *bhā,ī ji*, "sir" (to equals).

[3] *Tāwān*, n., is compensation in kind, as opposed to *qiṣāṣ*, n., retaliation; an eye for an eye, etc. *Tāwān* also means "a fine."

**خان** — ( مُدّعیٰ علیہ کي طرف رُخ کرکے ) مردک ! یہ بات ٹھیک ھے ؟

**مدعیٰ علیہ** — قُربان جاؤں - ٹھیک ھے - لیکن کچھہ بندے نے جان بُوجھکر پتّھر نہیں پھینکا *

**خان** — کیا واھیات بَکتا ھے ؟ اگر تُو قَصْد نہ کرتا تو کیونکر پتّھر کو اُٹھاتا اور پھینکتا ؟ تیرے پاس بھي گھوڑا ھے یا نہیں ؟

**مدعیٰ علیہ** — ھے * قربان جاؤں !

**خان** — ( مُدّعي کي طرف مُخاطب ھوکر ) مردک ! جا - تو بھي پتّھر پھینک کر اس کے گھوڑے کي ایک آنکھہ خراب کر - اَلسِّنُّ بِالسِّنِّ وَالعَیْنُ بِالعَیْنِ وَالاُذُنُ بِالاُذُنِ وَالجُرُوحُ قِصَاصٌ [1] * یہ تو کوئي پیچیدہ مُقدّمہ نہیں - صمد بیگ ! ایک فرّاش کو [2] کہو کہ وھاں جاکر ٹھہرے جب تک کہ یہ شخص اپنے گھوڑے کا قصاص نہ لے لے [3] *

( صمد بیگ تعظیم بجا لاکر دونوں کو ایک طرف لیجاتا اور فرّاش کے سپُرد کرکے واپس آتا ھے )

---

1 A misquotation from the Quran, *Sūrah* V, *āyah* 49.
2 *Ko*; a command: *vide* "Hind. Man.," L. 26 (*c*).
3 "Hind. Man.," L. 38 (*b*).

**خان** — سلیم بیگ ! کہو۔ کوئي دوسرا فریادي بھي ھے ؟ اگر ھے پیش کرو۔ جلدي کرو * آج این جانب [1] سمندر میں ھوا کھانے جائینگے *

**سلیم بیگ** — قدیر بیگ ! اگر کوئي دوسرا مُدّعي ھو تو آسکو پیش کرو۔ ( قدیر بیگ دوسرے اسامیونکو [2] پیش کرتا ھے ) *

**خان** — ای حُکُومت ! کیا تجھہ جیسي بلا کوئي اور [3] بھي دُنیا میں ھے ؟ اور لوگون کو تو اپني اپني فکّر اپنا اپنا خیال ھے اور ما بدولت [4] کو ھزاروں ھزار بندگانِ خدا [5] کي خبر لیني ھے اور آنکي داد رسي کرني ھے * ما بدولت و اقبال نے [6] اپني حُکُومت کے روزِ اوّل سے تا این [7] دَم کسي فریادي کو اپنے در سے محروم نہیں پھیرا ھے *

**سلیم بیگ** — تمام بندگانِ [5] خدا کي دعا حُضور کي زحمت کا مُعاوضہ ھے * حقیقت میں یہ تمام رِعایا حُضور کے

---

[1] *In jānib*, P., "we"; lit. "this side"; a pompous way of speaking.

[2] *Asāmī*, lit. "names"; pl. of *ism*; used in Urdu as a singular; it means muster-roll; appointment; party; cultivator-tenant; defendant in a suit; witness.

[3] *Aur*, other.

[4] *Mā ba-daulat*, an old-fashioned and pompous royal plural; lit. "we with the state."

[5] *Vide* "Hind. Man.," L. 61 (*g*).

[6] The full form of the Royal plural is *Mā ba-daulat o iqbāl*.

[7] *Tā in dam*, Pers., "till this moment"; pompous.

بال بچّے ھیں - آپ کي عدالت کي برکت سے لشکران کي آبادي ھے *

( فریادي حضور میں آکر تعظیم بجا لاتے ھیں )

**مدّعي** — میں خان کے کُربان [1] ! میرا بھائي بیمار تھا - بچہ جِي [2] حکیم ھیں * دو روپیّا [3] اُنکے بھینٹ چڑھایا * اُنکو اپنے بھائي کے بستر کے پاس لایا اِس آسرے سے کہ اُسکو چنگا کردینگے - اُنھوں نے پہنچتے ھِي اُسکا پھسد [4] کھول دیا - اور کھون [5] کا نالنا تھا کہ میرے بھائي کي جان جاتي رھي * اب جو میں اُسکو کہتا ھوں کہ " جالِم [6] اِتنا تو کر کہ میرا روپیّا پھیر دے " وہ دینے کا نام ھِي نہیں لیتا * کہتا کیا ھے کہ " اگر اُسکي پھسد نہ کھولتا تو اور بھي کھرابي [7] کي بات ھوتي * " روپیّا تو کہاں تک پھیریگا کہ مجھہ سے اُلٹا اور بھي مانگتا ھے * حجور [8] کي دُھائي ! آپکے کُربان [1] جاؤں *

---

1 Vulgar for قربان.

2 *Bacha jī*; ironically respectful; note that when so used there is no *tashdīd*.

3 Vulgar for روپیہ.

4 Vulgar for فصد.

5 Vulgar for خون.

6 Vulgar for ظالم.

7 Vulgar for خرابي.

8 Vulgar for حضور.

**خان** --- ( مدّعیٰ علیه سے مُخاطِب هوکر ) حکیم صاحب ! اگر آپ فصد نه کهولتے تو اِس سے بد تر اور کیا حالت هوتي ؟

**مدّعیٰ علیه** --- خان کے قربان جاؤں * اِس شخص کا بهائي اِستِسقا کي مُهلک بیماري میں مُبتلا تها * اگر میں فصد نه کهولتا تو چهه مهینے کے بعد ضرور مرجاتا * اُس کا خون لیکر میں نے اِس کو چهه مهینے کي مُفت کي زحمت اور خرچے سے بچا دیا *

**خان** --- حکیم صاحب ! آپ کے کهنے سے تو یه ظاهر هوتا هے که آپ اِس پر کچهه اور روپیه کا بهي دعویٰ رکهتے هیں *

**حکیم** --- جي هاں حضور - حضور کے قُربان جاؤں * اگر حُضور انصاف فرمائیں تو بیشک *

**خان** --- ( درباریوں کي طرف متوجّه هوکر ) یا الله ! یه بات تو میري سمجهه هي میں نهیں آتي که " اِس مقدّمه کا فیصله کیا کروں که دونوں فریق راضي هوجائیں ؟ " میں نے تو ایسا پیچیده مُقدّمه اپني عمر میں نه کبهي دیکها تها نه سُنا تها *

**ایک درباري** --- آپکے صدقے جاؤں ! حکیموں سے عزّت کے ساتهه پیش آنا ضرور هے - اُن کي ذات سے لوگوں کا بهلا[1] هوتا هے * اِس آدمي کو حکم دیجئیے که وه اُنهیں ایک خِلعت بهي

1 *Bhalā*, subs.

دے اور اُنھیں راضي کرے - فدوي اِن [1] حکیم صاحب کو اچھي طرح جانتا ھے - بڑے حاذق طبیب ھیں *

**خان** —— اگر حکیم صاحب تمھاري جان پہچان کے آدمي ھیں تو ایسا ھِي ھوگا * ( مریادي کي طرف مُخاطِب ھو کر ) چلا جا * ایک چُغه حکیم صاحب کو دیکر اُنھیں راضي کر * صمد بیگ ! ایک فرّاش کو اُن کے ساتھه کردو که وہ اِس شخص سے لیکر حکیم صاحب کے حوالے کرے *

( صمد بیگ ایک طرف کو ھو جاتا ھے * اِتنے میں وزیر ھاپنتا [2] کانپتا دربار میں داخل ھوتا ھے * قلمدان اپني جیب سے نکال کر خَان کے آگے زمین پر رکھه دیتا ھے ) *

**وزیر** —— قربان جاؤں ! میں وزارت کرچکا - بس - اِس قدر میرے لیئے کافي ھے - خدمت کا صِله میں نے پالیا * اب جس کو وزارت کے لائق آپ خیال فرمائیں اُسے وزارت عطا کریں * اب مجھے یه لازم ھے که اِس ملک کو خیر باد [3] کہکر در بدر مارا مارا [4] پھروں *

---

[1] *In*; note this form of the plural of respect; but *ḥakīm*, not *ḥakīmoṅ*.

[2] *Hāṅpnā*, to pant like a dog; *kāṅptā* here is the meaningless appositive; it does not mean "trembling."

[3] *Khair bād kahnā*, to bid farewell to; *lit.* to say "May it be well with thee."

[4] *Mārā phirnā*, to wander uselessly or helplessly. The repetition gives the idea of several places. The participles of several verbs are prefixed to *phirnā*, to form compounds similar to *mārā-phirnā*.

**خان** — ( مُتعجّب هوکر ) وزیر صاحب ! آخر یه تو کہئیے که ماجرا کیا ہے ؟ بات کیا ہے ؟ ایسا کیوں ؟

**وزیر** — میں قُربان جاؤں ! اِس وقّت تمام روے زمین[1] میں سرکار کي عدالت - داد رسي - اور مروّت کا ڈنکا[2] بج رہا ہے * حُضور کے خَوف سے رِعایا میں سے کسي کي مجال نہیں که کسي فقیر کا ایک بال بهي بیکا کرے[3] * لیکن ذرہ خیال تو فرمائیے که جناب کا برادر زادہ تیمور آغا جنابِ عالي کي طرف سے کس قدر بے خَوف ہے * وہ دن دہاڑے[4] مجهه جیسے شخص کے مکان میں آتا اور میري خاتُونوں کي آبرو پر دهبّا لگانا چاهتا ہے *

**خان** — ( جهلا کر ) وزیر صاحب ! آپ یه کیا کہتے هیں ؟ تیمور آغا نے ایسي جُرأت کي ؟ اِس کے کیا معني ؟

**وزیر** — اگر میں خلاف عرض کرتا هوں تو حضور کا نمک میرے بدن سے پهُوٹ پهُوٹ کر نکلے - میں نے خود اپني اِنہیں آنکهوں سے دیکها ہے * میں نے اُسے پکڑا تها که حضور کے روبرو لاکر پیش کروں مگر وہ جهٹکا دیکر نکل بهاگا *

---

[1] *Vide* "Hind. Man.," L. 61 (*g*), for this form of the *iẓāfat.*

[2] *Ḍankā* is a big drum beaten by a stick in the right hand and by the left hand without a stick; used in the *akhāṛā*, or wrestling arena. Note, the idea is that his justice, etc., is proclaimed by beat of drum.

[3] *Bīkā*, "crooked, awry"; *bāl bīkā na-honā*, "not a hair to be disordered." *Bekā*, H., appears to be used in Urdu in this idiom only.

[4] *Din dahāṛe*, adv., in open daylight.

**خان** — صمد بیگ ! جلد جاؤ - تیمور آغا کو یہاں بُلا لاؤ - لیکن اِس بارے میں اُس سے کچھه کہنا نہیں *

( صمد بیگ تعظیم بجا لاکر باهر جاتا هے ) وزیر صاحب ! آپ خاطر جمع رهئیے - میں ایسی داد رسی کرونگا که سب کو عِبرت حاصِل هوگی *

**وزیر** — قربان جاؤں ! اگلے بادشاهوں نے داد رسی کرتے وقت اپنی اولاد اور اقارِب تک پر رَحم کی نظر هرگز نہیں کی هے * نامور خُلَفا نے [1] اپنی اولاد تک کو کسی ایک نامَحرم عورت کی طرف نظرِ بد کرنے کے جُرم میں قرارِ واقعی سزا دی هے * سلطان محمودِ غزنوی نے ایک ایسے هی جُرم پر اپنے ایک مُقرّب شخص کی گردن اپنے هاتهه سے اُڑا دی تهی [2] - یہی سبب هے که اگرچه زمانه اِس قدر گذر گیا پهر بهی اُسکی عدالت اور انصاف کا شُہره تمام جہان میں باقی هے *

**خان** — ( وزیر سے مخاطب هوکر ) وزیر صاحب ! آپ ابهی ابهی دیکهینگے که آپ کا خان بهی انصاف اور داد رسی میں خُلَفای عُظّام اور سلطان محمودِ غزنوی سے هرگز کم نہیں هے خاص کرکے اِس مُعاملے میں * ( اتنے میں صمد بیگ اور تیمور آغا دربار میں آکر تعظیم بجا لاتے هیں ) *

---

[1] *Khulafā*, pl. of *khalīfa*, a Caliph or Ruler of Islam.

[2] *Gardan uṛānā* or *mārnā*, to behead; ironically *sir uṛānā*, which however is seldom used. The allusion is to a well-known story.

**خان** — ( تیمور آغا کي طرف متوجّہ هوکر ) کیا میں نے تمہیں نہیں کہدیا هے کہ خنجر لگا کر میرے رو برو نہ آیا کرو ؟

**تیمور آغا** — میں نے تو خنجر نہیں لگایا هے *

**خان** — میں نے سمجھا کہ تم نے لگایا هے * اچّھا وزیر کے گھر میں تمہارا کیا کام تھا ؟ ( تیمور آغا سر جُھکا لیتا هے ) * تُو چاهتا هے کہ میں تجھہ جیسے آوارہ بھتیجے کي بدولت تمام دُنیا میں رُسوا اور بدنام هوں ؟ اب مجھے تجھہ جیسے بھتیجے کی کوئي ضرورت نہیں * غُلامو! رسّي - ( کئي نفر فرّاش کشمیري شال لیکر حاضر هوتے هیں ) - شال کو اُس بدکار اور بے حیا کي گردن میں ڈالو - اِس کو زمین پر پٹخو * ( فرّاش اُسکي گردن میں شال ڈالنے کے لیئے آمادہ هوتے هیں [1] - تمام حاضرینِ دربار کي آنکھوں میں آنسو بھر آتے هیں ) *

**نقیب اور خان کے تمام پیش خدمت** — میں خان کے قربان ! ابھي جوان هیں - اِس دفعہ اُن کي تقصیر مُعاف فرمائیے *

**خان** — والدِ مرحوم کي رُوحِ پاک کي قَسم میں هرگز هرگز اِس کي جان بخشي نہ کرونگا ( فرّاشوں کي طرف مخاطب هو کر ) ڈالو شال کو * ( فرّاش ذرہ اور نزدیک آجاتے هیں - سب چھوٹے بڑے کا دل

1 Note the difference in meaning between *hain* and *hote hain* here.

ہاتھہ سے جاتا رہتا ہے [1] - پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے ہیں اور پھر خاک پر پیشانی رگڑ کر خان سے منّتیں کرتے ہیں ) خان کی دہائی ! تیمور آغا کی جان کی امان - حکم ہو کہ وہ حضور کے صدقے میں چھوڑ دیا جائے * ماں کا ایکلوتا بچّہ ہے - ( ہائے وائے کرکے رونے لگتے ہیں ) *

خان —— اِستغفر اللہ ! ایسا نہ ہوگا - ہرگز نہ ہوگا * ( طیش میں آپے سے باہر ہو کر اور فرّاشوں کی طرف مخاطب ہو کر ) سُوٴر کے بچّو ! کیا میں نے اُسکے پٹّخنے کا حکم نہیں دیا ؟ ( فرّاش شال کو ہاتھہ میں لیئے تیمور آغا کے ذرہ اور قریب آجاتے ہیں - تیمور آغا جھٹ ہاتھہ پیچھے سے ڈال کر ایک 'پستول' نکالتا اور فرّاشوں کی طرف نشانہ کرتا ہے * فرّاش گھبرا کر اُس کے پاس سے الگ ہو جاتے ہیں * تیمور آغا اس ہل چل [2] کے بیچ سے کودتا پھاندتا باہر چلا جاتا ہے ) *

خان —— ( اُسکو جاتا دیکھکر ) لینا ! پکڑنا ! جانے نہ دینا ! ( سب ہلبلا کر [3] اُس پر حملہ کرنا چاہتے ہیں مگر کوئی اُس کے پیچھے نہیں دوڑتا ہے ) *

خان —— ( تُرش روئی کے ساتھہ اُمرا کی طرف دیکھکر ) تم میں سے ایک شخص بھی ہما بدولت کی عِنایتوں کا سزاوار نہیں * اِس

---

[1] Lose their self-control. *Vide* "Hind. Man.," L. 23 (*b*) (4).

[2] *Hal chal*, confusion and hurry, etc., but *khalbalī*, excitement.

[3] *Halbalānā*, "to be in a hustle"; *halbalākar chalnā*, to hurry along, feeling hustled.

*Harbarī*, flurry, precipitation.

حرامزادے کو کیوں جانے دیا ؟ ( کوئي جواب نہیں دیتا ہے )

صمد بیگ ! ( صمد بیگ روبرو آتا ہے ) جلد پچاس نفر سوار ساتھہ لیکر تیمور آغا کي تلاش میں جاؤ * وہ دنیا کے جس گوشہ میں ہو اُسکا سُراغ لگا کر اور گرفتار کرکے ہاتھوں میں ہتھکڑي دیکر میرے حضور میں حاضر کرو * جب تک کہ میں اِسے مار نہ ڈالونگا یہ صوبہ بد امني سے پاک نہ ہوگا - میرے دل کو بھي چَین نہ ملیگا *

**صمد بیگ** — بہت خوب * ( باہر جاتا ہے )

**خان** — ( اُمرا کي طرف متوجّہہ ہوکر ) جاؤ رُخصت ہو *

( سب چلے جاتے ہیں ) *

**خان** — عزیز آغا ! ( عزیز آغا سامنے آتا ہے - ) مور پنکھي حاضر ہے ؟

**عزیز آغا** — جي ہاں حضور ! حاضر ہے *

**خان** — ( اُٹھکر ) وزیر ! اب تم جاؤ * اِطمینان سے رہو * کسي بات کا اندیشہ نہ کرو - تمہاري داد رسي ہوکر رہیگي [1] * یہ انگوٹھي لو اور نسا خانم کو دیدو * میں نے آج خاص کر سُنار کے

---

1 *Vide* "Hind. Man.," L. 23 (end of *b*). Here this compound gives the idea of certainty, as: *Maut ā-kar rahegī*, "death is certain to come to all."

پاس آدمي بهيجے تهے - وه اِس انگوٹهي کو پسند کرکے لے آئے هيں * شادي کے اِنتظام ميں مصروف هو جاؤ - ايک هفتے کے اندر اِس تقريب[1] کو انجام پانا چاهئيے *

**وزير** — بهت خوب ! حضور کے حکم کي تعميل کرونگا * ( وه آداب بجا لاکر باهر چلا جاتا هے * خان اور عزيز آغا دونون مور پنکهي پر سوار هو سمندر کی سير کو چلے جاتے هين * )

* ( پرده گرتا هے ) *

[1] *Taqrīb*, f., any joyous occasion or celebration.

# چوتھا ایکٹ

( یہ شعلہ خانم کے کمرے میں واقع ہوتا ہے * شعلہ خانم اور نسا خانم نہایت گھبراهٹ کي حالت میں مُنتظر بیٹھي هیں اور اِس طرح آپس میں گفتگو کر رهي هیں ) :—

**نسا خانم** — مجھے خبر نہیں کیا ماجرا گذرا - اُنکا کیا انجام هوا ؟ مسعود اب تک نہیں لَوٹا - اور نہ کوئي خبر آئي * میرا دل دَهَل[1] رها هے *

**شعلہ خانم** — تم کیوں هولیں کھاتي[2] هو؟ خان کي کیا مجال کہ تیمور آغا کا ایک بال تک بیکا[3] کر لے *

**نسا خانم** — یہ تو سچ هے کہ وہ اُس کا کچھہ بگاڑ نہیں سکتا - ڈر هے تو اِس بات کا هے کہ میرے اور تیمور آغا کے درمیان کہیں جُدائي نہ هوجائے - اِس سے تو میرا مر جانا اچّھا *

( اتنے میں آغا مسعود اندر آتا هے ) *

1 *Dil dahalnā*, to beat, of the heart from fear.

2 *Haul khānā*, coll., "to be restless and nervous": *dil meṅ haul samā-jānā*, "to be panic-stricken (of one person or many)."

3 *Bikā*, adj., "crooked, awry" seems, in Urdu, to be used in this idiom only. *Vide* p. 50, note 3.

**شعلہ خانم** —— آغا مسعود ! کچھہ کہو تو - کیا بات ہوئي ؟

**آغا مسعود** —— ہوتا ہي کیا [1] ؟ وزیر نے خان سے عرض کیا * خان نے تیمور آغا کو بلوایا * چاہتا تہا کہ اُس کا گلا گھونٹ دے - تیمور آغا نے طمنچہ سے نشانہ کر کے فرّاشوں کو تتّر بتّر کر دیا - اور وہاں سے نکل بہاگا * خان نے پچاس نفر سپاہیوں کو حکم دیا ہے کہ جہاں تیمور آغا کو پائیں ہتھکڑي ڈال کر حاضر لائیں کہ اُسکي گردن اُڑا دیجائے * ہر ایک گھر کي تلاشي کے لیئے لوگ جُوق جُوق اِدھر اُدھر شہر میں دوڑتے پہرتے ہیں * ( شعلہ خانم نہایت رنج کي حالت میں ایک سرد آہ بہرتي ہے * اتنے میں دروازہ کہول کر تیمور آغا داخل ہوتا ہے ) *

**شعلہ خانم** —— ہائے غضب ! یہ کیا ماجرا ہے ؟ آپ یہاں کہاں ؟ کسطرح آئے ؟ آپ تو شیر کا سا دل رکھتے ہیں - نہیں [2] - آپ کو اپني جان کا کچھہ بہي ڈر نہیں *

**تیمور آغا** —— ( مُسکراکر ) بات ہي کیا ہے [3] جو مجھے اپني جان کا ڈر ہو ؟

1 What else should have happened? Past Condit. Tense.
2 *Nahīṅ*, moreover.
3 *Bāt hī kyā hai jo* — "what is the matter, after all, that — ?"

**شعله خانم** — هونے کو آپ کہتے هیں ؟ کیا کچھه نہیں هوا هے ؟ خان نے آپ کا سُراغ لگانے کے لیئے هر طرف آدمي دوڑا دیئے هیں که آپ کو پکڑیں اور لیجاکر مار الیں * آپ اس قدر دل جمعي کے ساتھه یہاں کیونکر آئے ؟ آغا مسعود ! خدا کے لیئے تم ذرا [1] یہاں سے باهر جاؤ - خبردار ! یہاں کوئي آنے نه پائے *

( آغا مسعود باهر جاتا هے ) *

**تیمور آغا** — کیا تمہارا یه خیال تھا که میں مارے جانے کے ڈر سے آج نسا خانم سے آکر ملاقات نه کرونگا ؟ میں تو اُس کے واسطے اپني جان پر کھیل گیا هوں * اِس وقت مَیں کچھه بے وجه نہیں آیا هوں - میرا اراده هے که آج رات نسا خانم کو یہاں سے بھگا کر کسي اور جگهه لے جاؤں - اب میں اُسکو یہاں ایک لحظه کے لیئے چھوڑ نہیں سکتا - آپکے خاوند نے مجھسے نمک حرامي کي - اب میں اپني منگیتر [2] کو کسي طرح اُسکے گھر میں رهنے نہیں دے سکتا * آگے کي طرح اب یہاں میرا آنا جانا هو نہیں سکتا *

**شعله خانم** — بہت مُناسب - میں بهي اس بات پر راضي هوں * لیکن دن دهاڑے آپکا یہاں آنا اچّھا نه تھا * کیا

---

[1] *Zara*, "just"; *vide* "Hind. Man.," page 10.
[2] *Mangetar*, subs., m. and f., betrothed.

خود آپ کو اِس کي خبر نہیں کہ زیبا خانم نے ہر طرف سے آدمیوں کو ہماري گھات میں بٹھلا دیا ھے ؟ ذرہ سا بہانہ اُس کو ھاتھہ لگا کہ [1] اُس نے آپ کي جان لي اور ہماري رُسوائي اور فضیحتا [2] اُڑائي * آپ کے لیئے اِسي میں بہتري ھے کہ اِس وقت یہاں سے تشریف لیجائیں * آدھي رات کو جب سب لوگ بے خبر سوتے ھوں آپ گھوڑے اور آدمي لیکر یہاں دروازے پر موجود ھو جائیں * میں اُسي وقت نسا خانم کو لاکر آپ کے حوالے کر دونگي کہ " لیجئیے [3] - انہیں گھوڑے پر سوار کراکر لیجائیے " *

**تیمور آغا** — نسا خانم ! تم بھي راضي ھو ؟

**نسا خانم** — بیشک - میں دل و جان سے راضي ھوں - اس کے سوا اب چارہ ھي کیا ھے ؟

**مسعود آغا** — ( اتنے میں آغا مسعود دروازہ کے پاس سے پکار کر کہتا ھے ) خدا کي پناہ ! وزیر صاحب آگئے *

**شعلہ خانم اور نسا خانم** — (حواس باختہ ھو کر) غضب ھوا ! اے اللہ تیري پناہ ! آغا صاحب اِس پردے کے

---

[1] *Ki* = '*aur* of concomitance'; *vide* "Hind. Man.," Less. 43 (*b*) (2), and "Hindustani Stumbling-Blocks," VIII, 3.

[2] *Faẓīḥatā*, women's language; for *faẓīḥat*.

[3] Direct narration. *Kahūngī* is understood before *ki*.

پیچھے جا چھپئیے - دیکھئیے اس ظالم کو میں یہاں سے دفع کرنیکی تدبیر کرتی ہوں *

**تیمور آغا** — ( اپنے چہرے سے بے پروائی ظاہر کرکے دل جمعی کے ساتھہ کہتا ہے ) اب تو میں پردے کے پیچھے جاکر نہ [1] چھپونگا * آتا ہے تو آنے دو * مجھے یہاں دیکھیگا تو دیکھا کرے [2] *

**شعلہ خانم اور نسا خانم** — ( اس کے پاؤں پر گرکر نہایت گھبراہٹ کی حالت میں ) - خدا کے لیئے اپنی جان ہلاکت میں نہ ڈالئیے * آپ کو اپنے والد مرحوم کی روح پاک کی قسم ! اس پردے کے پیچھے چلے جائیے *

**تیمور آغا** — ایسا ہرگز نہ ہوگا *

**آغا مسعود** — ( آغا مسعود دروازہ کے اندر سر ڈال کر دوسری دفعہ ) ہائے ہائے ! وزیر آگئے *

**شعلہ خانم اور نسا خانم** — ہم آپ پر واری [3] - ہمارے حال پر رحم کیجئیے * اگر وزیر اس دفعہ تمہیں یہاں دیکھہ لینگے تو ہمیں ہرگز زندہ نہ چھوڑینگے *

---

1 *Jā-kar na-chhupūṅgā* = I won't go and I won't hide. "Stumbling-Blocks," page 64 (3).

2 Note this common idiom with Aorist of *karnā* after a Present, a Future or an Aorist; as: *Agar jātā hai to jāyā kare*, "if he is going, I don't care"; *agar mare to marā kare*, "if he dies, why let him."

3 *Wārī hū,ī hūṅ*. *Wārnā* is transitive.

**تیمور آغا** — خیر * تمهاري خاطر سے جاتا هوں * ( وہ پردے کے پیچھے چلا جاتا ھے * ایك لمحه کے بعد وزیر اندر آتا ھے )

**وزیر** — خوب هوا که تم دونوں یہاں موجود هو - مجھے تم سے کچھه ضروري باتیں کرني تھیں - کان لگاکر سنو * شعله خانم ! تم جانتي هو که جب میں تمهاري بہن کو خان کے نکاح میں دیدونگا میرا اور تمهارا رتبه کس قدر زیادہ هو جائیگا - تو[1] کیا تمهیں اِس بات کا خیال نه کرنا چاهئیے که تم اپني ناموس پر حرف آنے نه دو ؟ کیوں لوگونکو اِس بات کے زبان پر لانے کا موقع دیتي هو که " خان کي سالي بیگانه مردوں کے ساتھه راہ و رسم[2] رکھتي ھے " ؟

**شعله خانم** — ( آهسته نہایت دل جمعي کے ساتھه ) فرمائیے تو که میں کس نامحرم کے ساتھه راہ و رسم رکھتي هوں ؟

**وزیر** — فرض کرو تیمور آغا جس کو میں نے تمهارے کمرے میں دیکھا تھا *

**شعله خانم** — هاں هاں ! وہ تمهاري بیوي زیبا خانم کے ساتھه اس پردے کے پیچھے چھپا هوا تھا *

---

[1] *To*; note the position of *to* here at the beginning of the sentence *vide* "Hind. Man.," L. 57 (c).

[2] *Rāh o rasm*, "communications (oral or written)."

**وزیر**—سچ ہے * مجھے تمہاري طرف سے [1] کوئي بدگماني نہیں - یہ قصور زیدا خانم سے ہوا ہوگا * میں یہ بات تمہیں صرف اِس غرض سے کہتا ہوں کہ تم اپنے اطوار دُرست رکھو اور کسي شخص کو خان کے رو برو تمہارے نام پر حرف رکھنے کا موقع نہ ملے ایسا نہ ہو کہ اُس کا دل نسا خانم کي طرف سے پھر جائے * وہ تو اِس وقت نسا خانم پر لٹّو [2] ہو رہا ہے * مجھے حکم کیا ہے کہ " شادي کے انتظام میں مشغول ہو جاؤ [3] اور یہ تقریب آیندہ ہفتہ انجام پا جائے " * یہ انگوٹھي اُس نے تُحفہ بھیجي ہے - نسا خانم ! آؤ - لو - اُنگلي میں پہن لو * ( انگوٹھي کو نسا خانم کي ہتھیلي پر رکھدیتا ہے ) *

**نسا خانم**—وہ لڑکي - جس کي بہن کي بابت بدگماني کیجائے - خان کے لائق کیونکر ہو سکتي ہے ؟ اِس انگوٹھي کو واپس لیجئیے اور جب کوئي لڑکي خان کے جوڑ [4] کے لائق ملے اُس کي اُنگلي میں پہنا دیجئیے *

( وہ انگوٹھي کو وزیر کے آگے زمین پر ڈال دیتي اور باہر چلي جاتي ہے )

---

1 *Tumhārī ṭaraf se*, "as regards you."

2 *Laṭṭū*, m., is a spinning-top, and adj., enamoured. The idea seems to be "to go round and round" as a moth round a candle.

3 The indirect narration would be better here. "Hind. Man," L. 36 (*e*).

4 *Joṛ*, m., match, equal.

**وزیر** — ( اسکے پیچھے سے پکار کر ) سُن تو - او لڑکي ! مجھکو تیري بہن سے بد گُماني کیسي ؟ میں نے تو نصیحت کي غرض سے اُس کو ایک بات کہي تھي *

**شعله خانم** — کیا آپ یه نصیحت اپني بیوي زیبا خانم کو نہیں کرسکتے ؟

**وزیر** — هاں ! بیشک ! میں تو اُس کو اِس سے زیاده سختي کے ساتھ کَل کہونگا *

**شعله خانم** — کَل کیوں ؟ کیا آج اُس کے پاس نہیں جا سکتے ؟

**وزیر** — آج تو جانے کي چنداں ضرورت نہیں هے - اِس لیئے که اگر مان بھي لیا جائے که تیمور آغا اُس کا یار تھا تو وه تو اپني سزا کو پہنچ گیا * اب تو یا یہي هوگا که وه گرفتار هوکر خان کے سامنے قتل کیا جائیگا - یا اِس مُلک سے بھاگ جائیگا اور در بدر خاک چھانتا [1] پھریگا * اب آینده تمھیں لازم نہیں که اُس کا ذکر میرے سامنے چھیڑو [2] * اب نسا خانم کي شادي کي تیاري میں سرگرم هوجانا چاهیئے *

---

1 'Sifting dust' gives an idea of wandering distractedly or uselessly in the desert. *Khāk chhānnā* and *ṭhīkriyāṅ* or *tinke chunnā* are signs of madness.

2 *Zikr chheṛnā* = *zikr karnā.*

**شعله خانم** — تو آپ امّا جان کے کمرے میں تشریف لیجائیے اور اُنہیں سے باتیں کیجئیے - یہ تو میرا کام نہیں ھے *

**وزیر** — تم اپنی امّا جان کو یہیں کیوں نہ بلُا لاؤ ؟ یہیں اُن سے باتیں ھونگی *

( اتنے میں دروازہ کُھلتا ھے اور پری خانم اور نسا خانم داخل ھوتی ھیں - وزیر پری خانم سے مخاطب ھوتا ھے * )

**وزیر** — خوب ھوا کہ آپ خود تشریف لائیں - آئیے - تشریف رکھئیے *

**پری خانم** — بلا لوں ! یہ بیٹھنے کا وقت نہیں ھے - اگر تم چلے جاؤگے تو پھر تمہارے چہرے پر نظر نہیں پڑیگی - میری بات سنو - میں تم سے کچھہ کہنا چاھتی ھوں * خدا کے فضل سے تم ایسے کامی [1] آدمی ھو کہ میں تمہیں دیکھنے کو ترستی [2] ھوں *

**وزیر** — کیوں نہیں ؟ خاص کر اِن دنوں تو مجھے سر کُھجانے تک کی مہلت نہ تھی - یہ فرمائیے کہ آخر آپ کا مطلب کیا ھے ؟

---

[1] *Kāmī*, adj., vulg., "busy." Amongst Hindus *kāmī* also means "amorous, libidinous."

[2] *Tarasnā*, to long for a thing (not obtained).

**پري خانم** — میں واري گئي[1] * کوئي ایسي بات نه تهي * میں فال کهولنے والے قربان کے یہاں تعویذ لانے گئي تهي - خدا چاهے تو اُس کي برکت سے تمہارے گهر میں شعله خانم کو بیٹا پیدا هوگا * فال کهولنے والے نے تعویذ لکهکر مجهسے کہا که " وزیر کے سر کے تین برابر کهیر پکا کر فقیر فقرا کو تقسیم کر دو " * چاهئیے که اسي وقت اُتني کهیر پکا لوں کیونکه ساعت گذري جاتي[2] هے *

**وزیر** — آپ نے تو ایک عجیب زحمت اپنے سر لي * امّا جان جب تک میرا سر میرے بدن پر هے آپ اُسکا ناپ کیونکر معلوم کرسکتي هیں ؟

**پري خانم** — میں واري[3] ! یه تو کوئي مشکل بات نہیں - خود عامل[4] نے مجهے یه ترکیب بتائي * کہا هے که ایک گہري هانڈي تمہارے سر پر جماکر بیٹهاني چاهئیے * جس هانڈي میں تمہارا سر ٹهیک ٹهیک انٹ جائے[5] اُسي هانڈي کو

---

1 *Wārī ga,ī*; passive; = *wārī jā,ūṅ*.

2 For an uninflected (in masc.) past partic. of an intransitive verb prefixed to *jānā*, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XLIX, Supplement.

3 *Wārnā*, tr., to make to move round the head of = تصدّق کرنا. *Wārī* is here passive for *wārī-ga,ī*.

4 *'Āmil* is a Muslim exorcist, who is also a *fāl kholne-wālā* or diviner.

5 *Aṅṭnā*, intr., "to be contained," gives an idea of quantity. *Samānā*, intr., to fit in, to be able to get in, and sometimes = *aṅṭnā*.

تمہارے سرکا پیمانہ سمجھنا چاھئیے * نسا خانم ! جاؤ - ایک ھانڈي لے آؤ *

( نسا خانم جاکر ایک چھوٹي سي[1] ھانڈي لےآتي ھے جو آغا مسعود نے لا رکھي تھي * پري خانم آھستہ سے ھاتھہ بڑھاتي اور جھٹ وزیر کے سر سے ٹوپي اُتار لیتي ھے ) *

**وزیر** — اگرچہ یہ بکھیڑا[2] فضول[3] ھے لیکن مجھکو اس میں کوئي عُذر نہیں ھوسکتا * عاملوں کي بات پر عمل کرنا ضرور ھے * خدا کرے شعلہ خانم کي مُراد بر آئے *

**پري خانم** — یا الله آمیں ! نسا خانم - اُن کے سر پر ھانڈي اوندھاؤ * ( نسا خانم ھانڈي اوندھاتي ھے اور وہ صرف اُس کي بھووں تک آکر رہ جاتي ھے - نیچے نہیں اُترتي ھے * نسا خانم زور سے اُسے اوپر سے ٹھونکتي ھے کہ وہ نیچے آئے ) *

**وزیر** — ( اپنے دونوں ھاتھہ ٹھاتا ھے ) اُفّ ! توبہ ! یہ کیا کرتي ھو؟ میري ناک زخمي ھو گئي * آھستہ آھستہ !

( وہ اپنے سر سے ھانڈي اُتار لیتا ھے )

---

[1] Smallish, *vide* Supplement, "Stumbling-Blocks" V, 7.

[2] *Bakherā*, m., any vexatious business, imbroglio, brawl, impedimenta.

[3] *Fuẓūl*, excess, redundancy; folly.

**پري خانم** — ( جلدي سے ) بیٹا [1] ! ایک دوسري هانڈي لے آؤ * نسا خانم دوڑ کر جهٹ پٹ ایک دوسري هانڈي لے آتي هے ) *

**وزیر** — امّا جان ! اب اِس بکھیڑے کو کسي اور دن پر اُٹھا رکھئیے - اِس وقت مجھے آپ سے ایک ضروري بات کرني هے -

**پري خانم** — نہیں بیٹا ! یه نہیں هوسکتا - نیک ساعت هاتھ سے جاتي رهیگي - تمهاري بَلَیّا [2] لوں - رنج نه کرو - لحظے بھر کا کام هے * تمهارے هِي لیئے تو یه سب کوششیں کر رهي هوں * ( رونے لگتي هے ) کیا اِس آخري عمر میں مَیں شعله خانم کي گود خالي چهوڑ کر دنیا سے اُٹھونگي ؟ ( آنسوؤں سے - تر آنکھوں [3] کے ساتھ وہ نسا خانم کي طرف مڑ کر دیکھتي هے ) اے لڑکي ! اُن کے سر پر هانڈي اوندها دو * تمهیں لازم تها که یه هانڈي پہلے هِي لاتیں * ( نسا خانم اُس کے سر پر هانڈي اوندها دیتي هے اور وہ اُس کي گردن تک آجاتي هے * پري خانم فوراً شعله خانم کو پردے کي طرف اشاره کرکے بتاتي هے * شعله خانم آهسته سے پرده اُٹها دیتي اور تیمور آغا کو نکال کر دروازے کے باهر کردیتي هے * تب نسا خانم وزیر کے سر سے هانڈي اُٹها لیتي هے ) *

---

[1] *Beṭā*, son. To show great affection a daughter is sometimes ad dressed as "son."

[2] *Balayyā*, diminutive of *balā*; a woman's term.

[3] *Tar-āṅkhoṅ ke sāth* (one word), "with wet eyes"; note idiom.

**وزیر** — اچھا خیر * امّا جان ! اب بیٹھ جائیے تا کہ میں آپ سے کچھ باتیں کروں *

**پری خانم** — اچھا بیٹا ! ( وہ بیٹھنے کو چاھتی ھی[1] ھے کہ آنگن سے غل شور کی آواز آتی ھے - دم کے دم میں[2] تیمور آغا ھاتھ میں پستول لیئے کمرے میں داخل ھوتا ھے * وزیر تیمور آغا کو دیکھکر تھر تھر کانپنے لگتا ھے ) *

**تیمور آغا** — او نا شکر نمک حرام ! اب تو ناحق میری جان لینے پر تُلا ھوا ھے[3] * اب تو تجھے مارے بغیر میں ھرگز نہیں مرونگا * ( وہ پستول سے وزیر کو نشانہ کرتا ھے ) *

**شعلہ خانم** — ( تیمور آغا کے پاؤں پر گر کر گڑگڑانے[4] لگتی ھے ) تیمور آغا ! رحم ! رحم ! ھاتھ گرا لیجئیے - غصّے کو روکئیے ، ( تیمور آغا ھاتھ گرا لیتا ھے * اتنے میں صمد بیگ اور بہت سے سپاھی دروازہ پر آکر کھڑے ھو جاتے ھیں ) *

**تیمور آغا** — صمد بیگ ! کیا مطلب ھے ؟ کیا کرنا چاھتے ھو ؟

---

[1] She is just going to sit down.

[2] *Dam ke dam meṅ* = immediately afterwards: *is ke ba'd* is understood.

[3] *Kisī chīz par tul-jānā* is "to be quite determined on." Note *jānā* not used in the past participle, *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," IX, 2 (*b*), Supplement.

[4] *Girgirānā* (*kisi ke āge*), "to entreat humbly."

**صمد بیگ** —— جناب میں تو آپ کے والدِ بزرگوار کا بھي خادم ھوں اور جناب کا بھي * میري کیا مجال کہ آپ کے ساتھہ کسي قسم کي بے ادبي سے پیش آؤں ؟ لیکن حضور کو تو خوب معلوم ھے کہ خان کا حکم کیا ھے - میرا فرض ھے کہ حضور کو اُن کے پاس لیجاؤں *

**تیمور آغا** —— تم مجھے زندہ تو اُن کے پاس لیجا نہیں سکتے - البتّہ میرا سر لیجا سکتے ھو * میرا سر بھي کسي کے ھاتھہ آنا کوئي آسان بات نہیں - بسم اللہ ! تم لے سکتے ھو تو آگے آؤ *

**صمد بیگ** —— حضورِ عالي ! میں نے مانا کہ آپ مجھے پستول سے مار ڈالینگے [1] لیکن میرے پیچھے پچاس سپاھي ھیں - اُن سب کے سب کو آپ کیونکر مار ڈال سکتے ھیں ؟ لیکن اب اِن باتوں کي ضرورت ھِي کیا ھے ؟ خان کا غُصّہ ٹھنڈا ھو گیا - اُنھوں نے وعدہ کیا ھے کہ آپ کو کوئي اِیذا نہیں پہنچائینگے *

**تیمور آغا** —— مجھکو اُس کے کسي قَول اور فِعل کا اِعتبار نہیں * اُس نے کب اپني زبان کا پاس کیا ھے کہ آدمي اُس کے کسي قول پر بھروسا کرے ؟ جو بات تھي میں نے کہدي *

---

[1] Or *mār-ḍāl-sakte hain.*

( اتنے میں باھر آنگن سے شور و غوغا کی آواز آنے لگتی ھے * سلیم بیگ نقیب اور رضا علی تیمور آغا کا دودھ شریک بھائی[1] دونوں کمرے میں داخل ہوتے ھیں )

**سلیم بیگ** — صمد بیگ ! پیچھے ھٹو * تیمور آغا ! آپکی جان سلامت رھے ! آپکا چچا - خان - سمندر کی سیر کو گیا تھا - یکایک اُلٹی ھوا چلی اور مور پنکھی اُلٹ کر اُس کو لیئے دیئے[2] ڈوب گئی - اِس وقت تمام لوگ دیوان خانے کے گرد جمع ھیں اور آپکی آمد آمد[3] کا انتظار کر رھے ھیں * تشریف لیچلیں اور اپنے والدِ مرحوم کی گدّی پر چل کر بیٹھیں *

**تیمور آغا** — کیوں رضا ٹھیک ھے ؟

**رضا** — جی ھاں ! سچ ھے - قربان جاؤں * مرضی ھو تو ھم سب لوگ چلیں *

( وزیر اور صمد بیگ آگے آتے اور خاک پر سجدہ کرتے اور اِس طرح اِلتماس کرتے ھیں ) *

**وزیر اور صمد بیگ** — جناب کے قربان ! ھماری جان بخشی کیجئیے *

---

[1] Or *dūdh-bhā,ī.*
[2] *Liye diye* [*hū,e*]: *diye* is superfluous
[3] *Āmad āmad*, f., near approach.

تیمور آغا ــــ صمد بیگ اُٹھو - یہاں سے الگ ہوجاؤ *
( صمد بیگ اُٹھکر ایک طرف چلا جاتا ہے ) * وزیر ! ما بدولت [1]
کے تمہارے ہاں آنے کا یہ سبب تہا کہ تمہاری سالی نسا خانم
سے مجھے محبّت تھی اور ہے * ایں جانب کا یہ ارادہ تہا کہ خدا
اور رسول کے حکم اور شرعِ شریف اور خود اُس لڑکی کی خواہش
کے بموجب اُسے اپنے عقدِ نکاح میں لائیں - لیکن تم ایک موہوم
آرزو کے باعث چاہتے تھے کہ اُس لڑکی کا پلّا [2] اُس غیر مرحوم سے
باندھو * ما بدولت [1] اِس وجہہ سے اپنے دلی مطلب کا اِظہار
تمہارے سامنے نہ کر سکتے تھے * یہی سبب تہا کہ تم ہم سے بد گُمان
ہوکر ہماری جان لینے کی فکر میں پڑ گئے تھے * لیکن :ــ

* بیت *

لاکھہ تدبیــــر کرے کوئی - تو کیا ہوتا ہے ؟
وہی ہوتا ہے جو منظــورِ خدا ہوتا ہے *

اُس عادلِ حقیقی نے جو ہر شخص کو خواہ غریب ہو خواہ
امیر اُس کے عمل کا بدلہ دیتا ہے راست بازوں کو مُخلصی
دی اور تمہاری مُراد بر آنے نہ پائی * اب جب کہ ما بدولت [1]
دیکھتے ہیں کہ تمہاری وزارت کے زمانے میں رَعایا کے حق میں بد

[1] The full form of this old-fashioned and pompous Royal plural is *Mā-ba-daulat o iqbāl*, "We with the State and Fortune."

[2] *Pallā bāndhnā*, trans., "to marry." It is a (Hindu) custom to tie the *pallā* or edge of the bride's *sāṛī* to the *do-paṭṭā* of the bridegroom.

نظمیان تم سے سرزد ہوئي ہیں نہیں چاہتے کہ عُہدۂ وزارت پھر تمہارے سُپرد کریں - اور تمہیں اپنے کام پر بحال رکھیں - اِس لئے کہ جو عادت کسي شخص کي طبیعت میں جگہہ پکڑ لیتي ہے پھر وہ نسي طرح نکالے نہیں [1] نکلتي - اور اُس سے یہ نہیں اُمید کي جا سکتي کہ وہ لوگوں کي بہبودي میں دل و جان سے کوشش کریگا * لیکن چونکہ تم اِس خاندان کے نمک پروردہ ہو - اس جانب تمہاري کُل سابق خطاؤں سے چشم پوشي کرتے ہیں * پس اپني تمام بقیۂ زندگي میں اس جانب کے وظیفہ خوار رہکر چَین اور آرام سے اپنے اهل و عیال کے ساتھہ زندگي بسر کرنا * لیکن از بسکہ [2] رَعایا اور مُلک کي بہتري اور بہبودي اس جانب کے پیشِ نظر ہے اِس امر کي توقّع ہرگزنہ رکھنا نہ پھر تمہیں وزارت نصیب ہوگي - اِس لئے کہ تم جیسے شخصوں کے ہاتھہ میں مُلک کا اِنتظام دینا مُروّت اور اِنصاف سے بعید ہے * جو کوئي یہ چاہیگا کہ مُلکي معاملات کي اِصلاح اور دُرُستگي ہو اور رَعایا اور اُمراء اپني اپني جگہہ میں ترقّي کریں لا مُحالہ [3] اُسے ضرور ہوگا کہ بے خبر اور کم

[1] *Nikāle nahīṅ nikaltī,* "cannot be eradicated by eradicating," *i.e.*, 'however much you try': *nikāle* = *nikālne se.* *Vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XLVIII, Supplement.

[2] *Az bas ki,* "inasmuch as"; only used in pompous Urdu. Sometimes this conjunction means, "because a great deal," as: *Az bas ki wuh royā uskī āṅkheṅ sūj-ga,īṅ*; *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks, Supp. VIII 19 (*b*)."

[3] "Verily, undoubtedly."

لیاقت اور خود غرض اشخاص کو دور دفع کرے - اور مُلک اور قوم کي بہبودي کے کام تجربہ کار اور با لیاقت اور راست باز اشخاص کے سپرد کرے * اُسکو ھرگز یہ لازم نہیں کہ بندگانِ خدا کے امور کا اِنتظام ایسے شخص کے ھاتھوں میں دے جسکي طبیعت میں طمع اور رشوت خواري جگہہ پکڑ گئي ھو - اور وہ اپني غرض اور اپنے نفع کا خیال کر کے ایسے احکام جاري کرے جن سے لوگونکي حق تلفي ھوتي ھو * اگر وہ ایسا کرے تو رَعایا اور مُلک کا اِنتظام دُرُستگي کے ساتھہ ھوگا اور باشندگانِ مُلک عام اِس سے [1] کہ وہ سرکاري مُلازم ھوں یا نہ ھوں چَین اور آرام سے زندگي بسر کرینگے * خیر کچھہ ھِي ھو [2] اِس وقت تو اب اِس کا موقع نہیں کہ اِس خصوص میں تقریر کو طول دیا جائے * اب تمہیں لازم ھے کہ نسا خانم کے نکاح کے لوازمات کي تیاري میں مشغول ھوجاؤ * اِنشاء الله آیندہ ھفتہ رسومِ شادي کے ادا کرنے کي ھدایت کیجائیگي اور یہ تقریب جلد انجام کو پہنچے گي * اچّھا - امّاں جان ! اور باجي [3] شعلہ خانم ! اب میں رُخصت ھوتا ھوں * آپ لوگ اپنے اپنے کام میں مصروف ھو جائیں *

---

[1] *'Āmm is se ki*, "whether—."

[2] *Khair kuchh hī ho*, "at all events."

[3] *Bājī*, T., "sister," a term of address to a sister or a wife's sister, if older than the speaker.

**پري خانم اور شعله خانم** — خدا خان کا زمانهٔ حکومت دراز کرے ! خدا کرے آپ کو سو برس گدّي پر بیٹھنا نصیب هو *

( تیمور آغا تمام امراء کے ساتھه کمرے سے باهر جاتا هے - اور وزیر هکّا بکّا هوکر وهیں ره جاتا هے ) *

**سپاهي** — ( باهر کے احاطه میں بُلند آواز سے ) تیمور خان [1] سلامت رهیں *

( پرده گرتا هے )

---

[1] The soldiers no longer salute him as Tīmūr Āg͟hā but Tīmūr K͟hān.

# تیسرا حصہ

# تاریخی حالات

## ١ — امیر ناصرُ الدّین سَبُکْتِگین

پَنْجاب سے شِمال و مغْرِب کی طرف جو مُلک ہے - اُس میں اَلپْتگین نام ایک حاکِم نے شہْرِ غزْنیِ کو اپْنا دارُالْخِلافہ بنایا * ایک دفْعہ اُس کے درْبار میں کوئی سَوداگر ایک تُرکی غُلام لایا * امِیر کو پسنْد آیا - اُسے خرِید لیا - سَبُکْتِگین نام رکھا * یہ لڑْکا ھوشْیار اَور چالاک تھا - سوچ سمجھہ کر کام کْرتا تھا - رفْتہ رفْتہ سپہہ سالار بن گیا - بڑھْتے بڑھْتے یہاں تک بڑھا کہ امِیر کی بیٹی سے شادی ہوگئی *

سَبُکْتِگین کو غُلامی کے زمانے میں شِکار کا بہُت شَوق تھا - ایک دفْعہ جنْگل میں دیکھا کہ ایک ہِرْنی اپْنے بچّے کو ساتھہ لِئے چرْتی پھرْتی ہے - اُس کے پیچھے گھوڑا ڈالا - ہِرْنی تو بچ کر نِکل گئی - بچّہ ہاتھہ آگیا - باندھہ کر گھوڑے کے ہَرْنے [1] پر رکھہ لیا - اَور شہْر کو روانہ ہؤا * تھوڑی دُور چلا تھا - مڑ کر دیکھا کہ ماں مَحبّت کے مارے پیچھے پیچھے گردن اُٹھائے چلی آتی ہے - اور اپْنے بچّے کے

1 *Harnā*, pommel of saddle.

لئے نہایت بے چین ہے * سُبُکتگین کو ترس آیا - بچّے کو چھوڑ دیا * ہِرنی بچّے کو ساتھہ لیکر جنگل کو چلی - سُبُکتگین کھڑا دیکھتا تھا کہ چار [1] قدم چلتی تھی - تھم جاتی تھی - اَور پھر کر اُس کی طرف دیکھتی تھی - اَیسا معلُوم ہوتا تھا گویا شُکریہ [2] ادا کرتی ہے * رات کو خواب میں آواز سُنی کہ " اے سُبُکتگین ! اِس بِچارے بے زبان جانور پر جو تُو نے ترس کھایا خُدا کی درگاہ میں بہُت پسند آیا - تیرے نام پر سلطنت کا فرمان لکھا گیا - دیکھہ ! اللہ کے بندوںپر اِسی طرح رحم کیجیو [3] " *

اَلپتگین مرگیا تو اُس کا بیٹا جا نشین ہُوا - مگر وہ لڑکا تھا - سلطنت کا کام سُبُکتگین ہی کے ہاتھہ میں رہا * برس دِن بعد لڑکا بھی مرگیا - سُبُکتگین نے اپنی نیکیوں سے دِلوں میں گھر کر رکھا تھا [4] - آخر کو سب کی صلاح [5] سے یہی حاکِم ہو گیا - اور مُلک کا اِنتظام کر کے سلطنت کی طاقت بڑھانے لگا *

اِس وقت ایک برہمن راجہ جَیپال نام، لاھور میں راج کرتا تھا - جب اُس نے اِسلام کا زور ھندوستان کی طرف بڑھتا دیکھا

---

[1] *Chār* = a few.

[2] *Shukrīya* (*adā karnā*), a new word for "thanks" (to man); *shukr* generally means thanks to God.

[3] Future Impera.; not respectful; sing. and pl. (*tū* or *tum*).

[4] Note idiom. *Rakhnā* = 'beforehand'; Hind. Man. L. 23 (*d*).

[5] *Ṣalāḥ*, consent; *lit.* advice.

تو اُس کا روکنا ضرور سمجھا * پیادے سوار اور ہاتھیوں کا بہُت سا
لشکر جمع کِیا - اور بڑے زور شور سے چڑھائی کرکے سُبکتگین کی
سرحدّ پر جا پہنچا * اُدھر سے سُبُکتگین فوج لیکر آیا - لڑائی شُروع
ہوئی - اِتّفاقاً اُنہیں دِنوں میں بارِش بہُت زور سے ہونے لگی -
اور سردی اِس شِدّت سے پڑی کہ جاڑے کے مارے بدن میں لہو
جم گئے [1] - اور سب لوگ بَیٹھے کے بَیٹھے [2] رہ گئے * ہِندوستان کے
لوگوں نے کبھی یِہ حالت نہ دیکھی تھی - بہُت گھبرائے اور زِندگی
سے نا امید ہوگئے *

جَیپال نے صُلح کا پیام بھیجا * سُبکتگین کو اُن کے حال پر
رحم آیا - چاہا کہ صُلح منظور کرلے - مگر اُس کا بیٹا محمود بھی
اُس کے ساتھہ تھا - اُس نے سمجھایا کہ "سردی کی شِدّت ہمارے
لئے آسمانی مدد ہے - لڑائی جِیت چکے ہَیں - ہمیں تلوار نِکالنے
کی ضرورت بھی نہیں - اگر حرِیف صُلح کرکے بچ نِکلا تو یہ
دولت اور سلطنت کے سامان - جو اُس کے ساتھہ ہَیں - مفُت ہاتھہ
سے جاتے ہیں [3]" * باپ نے بیٹے کی بات مان لی - اور صُلح سے اِنکار
کِیا * راجہ نے کہلا بھیجا " کہ آپ کو ہِندوستان کے بہادروں کا دستور

[1] *Lahū*, pl., signifies all over the body.

[2] *Baiṭhā kā baiṭhā*, sitting as before. *Aḥmaq kā aḥmaq*, as foolish as ever; as foolish as you were before.

[3] Note Present Tense for an immediate future.

معلُوم نہیں - جب یہ جان سے نااُمید ہوتے ہیں تو جو کُچھہ پاس ہوتا ہے آگ میں جھوکتے[1] ہیں - ہاتھي گھوڑوں اور مویشي کو اندھا کرتے ہیں - عورتوں اور بال بچّوں کو آگ میں ڈالتے ہیں - پھر ایسے لڑتے ہیں کہ خاک میں مِل جاتے ہیں - اب وہي وقت آن پہُنچا ہے - صُلح کرلو تو بڑي دَیا ہے - نہیں تو پچھتاؤگے - اور مال و دَولت کي جگہہ راکھہ کا ڈھیر پاؤگے " * یہ سُن کر محمُود بھي راضي ہوگیا * اِس بات پر صُلح ٹھیري کہ راجہ پچاس ہاتھي - بہُت سا روپیہ اور اپنا کُچھہ علاقہ سپُرد کر دے * اِن ساري چیزوں کا بندوبست وہیں نہ ہوسکتا تھا - راجہ نے کہا کہ " جو کُچھہ یہاں موجُود[2] ہے وُہ حاضر[2] ہے - باقي کے لِئے امیر اپنے مُعتمدونکو ساتھہ کردے - لاہور پہُنچ کر سب باتیں پُوري ہوجائینگي " * سبُکتگین نے منظُور کیا *

جَیپال نے لاہور میں پہُنچ کر وعدوں کے پُورا کرنے سے اِنکار کیا - اَور سبُکتگین کے آدمیوں کو قید کر لیا * سبُکتگین کو جب یہ خبر پہُنچي تو یقین نہ آیا * آخر جب تحقیق[3] معلُوم ہُوا تو بہُت جھلاکر[4] اور فوج لیکر ہندوستان کا رُخ کیا * جَیپال نے

---

[1] *Jhoknā*, to toss into fire (of any thing); to feed a furnace.
[2] "Hind. Man.," L. 9 (*a*).
[3] For *taḥqīq se*; a colloquialism.
[4] To become enraged.

بھي تیّاري کي - تمام ھنْدوسْتان کے راجاؤں کو چِٹّھِیاں لِکّھیں * وُہ بھي جانْتے تھے کہ " پنْجاب ھمارے مُلک کا پھاٹک ھَے - وُہ ٹُوٹا تو خَیر نہِیں " * سب نے فَوجیں بھیجِیں - خزانوں اور سامانوں کا تار باندھہ[1] دِیا - اِس طرح ھِندُوؤں کي بے شُمار جمْعیّت ھو گئي * جَیپال اُنْھیں لے کر سبُکْتِگِین کے مُقابلے کے لِئے روانہ ھُوا * جب دونوں لشْکر آمْنے سامْنے ھُوئے جنْگ کا مَیدان گرمْ ھُوا - دونوں طرف کے بہادر نام[2] کے لِئے جانیں دینے لگے * ھندُوؤں کي فَوج صُبْح سے برابر کمر باندْھے لڑ رھي تھي - دِن ڈھلتے تک اِن کي جمْعیّت میں گھبْراھٹ معلُوم ھُوئي - اِس وقْت سبُکْتِگِین نے کُل فَوج کو ایکر حمْلہ کیا * جیپال نے شِکسْت کھائي - اور فوج کے پاؤں ایسے اُکھڑے کہ پِھر نہ جم سکے - لُوٹ کا بے شُمار مال مُسلْمانوں کے ھاتھہ آیا * سبُکْتِگِین بِیس برس سلْطنت کر کے دُنْیا سے رُخْصت ھُوا - اَور گھرانے میں سلْطنت کي بُنْیاد ڈال گیا *

## ۲ — سُلْطان مَحْمُودِ غزْنوي

سبُکْتِگِین کے بعْد اُس کا بیٹا محْمُود تخْت نشِیں ھُوا * اُنھي دنوں میں ایک بڑا بہادُر اَور پُرانا سرْدار تھا - اُس کي کئي

---

[1] 'Made a line or chain of,' *i.e.*, despatched one behind the other.
[2] *Nām* = "honour."

باتوں سے محمود خفا[1] ھوا - اور فوج لے کر چڑھہ گیا * بڈھے سردار نے مقابلہ کیا - مگر آخر کو قلعہ بند[2] ھوا * محمود نے گرد فوج ڈال دي - اور سب طرف سے رستے بند کر دیئے * ایک دن قلعے پر حملے کا حکم دیا - ھاتھیوں کي مستکوں پر ڈھالیں بندھوا کر کہا کہ - "دروازے پر ریل[3] دو" * ایک ھاتھي نے پہلي ھي ٹکر ماري تھي کہ سردار گھبرا کر نکل آیا - محمود کے سامنے آکر گھوڑے سے اتر پڑا[4] - اپني سفید ڈاڑھي اس کے گھوڑے کے سُم پر ملي اور کہا کہ "اے سلطان - معاف کر - جو کچھہ میں نے کیا برا کیا" * محمود کو سلطان کا لفظ پسند آیا - اور "سلطان محمود" فرمانوں میں لکھوانے لگا *

محمود نے ھندوستان کا سبق جو باپ سے پڑھا تھا وہ کبھي نہ بھولا - اور بار بار چڑھائي کي * اس کے دو سبب تھے - اول یہ کہ ھندوؤں میں اسلام پھیلائے - دوسرا یہ کہ ھندوستان کا مال و دولت سمیٹ کر[5] لے جائے * ھر وقت یہاں دولت کا دسترخوان بچھا نظر آتا تھا - جب موقع پایا ادھر[6] ھي چڑھہ آیا * نقد روپے[7] -

---

1 *Khafā*, annoyed.
2 *Qil'a-band*, adj., "beseiged."
3 *Relnā*, to butt with the head.
4 *—parā* = suddenly.
5 *Sameṭnā*, rake or scrape together; collect together.
6 *Idhar*, as the writer is an Indian, writing in India.
7 *Naqd rūpiya* (or *rūpai*), cash.

جواهر زیور - بهاري بهاري [1] کپڑے - هاتهي - گهوڑے - لوٹ
مار [2] کر لے گیا *

اس نے هندوستان پر سولهه ستره حملے کیئے - مگر بارہ بہت
مشهور هیں * بڑے معرکے [3] کا حمله سومنات پر تها * وہ شهر سمندر
کے کنارے آباد تها - بڑا گلزار [4] - دولت سے مالا مال * بلند قلعے کے
نیچے پاني موجیں مارتا تها - اور اونچي اونچي فصیلوں سے ٹکراکر [5]
جهکولے [6] مارتا تها *

قلعے میں سیکڑوں برس کا ایک عالي شان اور وسیع مندر تها *
اس کي چهت کو چهپن ستون سنبهالے کهڑے تهے جو رنگ برنگ
کے نقش و نگار اور جواهرات کے بیل بوٹوں سے مرصع تهے - یهي
سومنات جي کا مندر تها * اس میں رات دن صرف ایک چراغ
جلتا تها - اس کي روشني جواهرات پر پڑتي تهي - ان کي جوت [7]
سے سارا مکان جگمگ جگمگ [8] کرتا تها * سونے کي ایک بهاري
سي زنجیر میں گهنٹے لٹکتے تهے - پوجا [9] کے وقت اسے هلاتے تهے

[1] Various costly dresses.

[2] *Lūṭ mār* is applied to many places, and *lūṭ* to one.

[3] *Ma'raka*, lit. a battle, a battle-field; strife: *ma'rake kī laṛā,ī*, "a fierce and long fight."

[4] *Gulzār*, lit. garden; but of cities = populous and prosperous.

[5] *Ṭakrānā* = *ṭakkar khānā*.

[6] *Jhakolā*, dashing of a wave or a gust of wind.

[7] *Jot*, f., lustre.

[8] *—se jagmagānā*, to scintillate = *jagmag jagmag karnā*.

[9] Feminine Hindi nouns ending in *ā* are not inflected.

کہ سب کو خبر ہو جائے * دو ہزار برہمن پُجاري[1] تھے - پانسو عورتیں - تین سو مرد گانے بجانے والے تھے - تین سو نائي تھے کہ جاتریوں کي حجامت کیا کرتے تھے * گرہن کے وقت دو لاکھہ سے زیادہ جاتري جمع ہو جاتے تھے - راجاؤں نے جو گاؤں مندر کے نام پر دیئے تھے وہ دو ہزار سے قریب تھے * راجا[2] - مہاراجا[2] اپني لڑکیاں خدمت کے لئے بھیجتے تھے - اور زیور - جواہرات - بھاري بھاري کپڑے چڑھاوا[3] چڑھاتے تھے * غرض مندر میں اتني دولت تھي کہ کچھہ حساب نہ تھا *

محمود نے سوارما سوار اور دوسرے جانباز سپاھي چنکر ایک لشکر آراستہ کیا اور روانہ ھوا - ھزاروں مسلمان ساتھہ ھوئے جو فقط دین کے نام پر تلواریں اٹھاتے تھے - اور اسلام کے کام پر جانوں کا دینا شہادت سمجھتے تھے * رستے میں ریگستان آیا جہاں منزلوں تک گھاس کا نام اور پاني کا نشان نہ تھا - جانیں لبوں پر آگئیں - پھر بھي وہ ارادے کا پورا اپني بات سے نہ ٹلا * وھاں سے گزرا - اور جنگل پہاڑ طے کرتا منزل مقصود تک جا پہنچا * یہاں کئي راجا[2] بڑي بڑي فوجیں لیکر آئے - اور لڑائي کا میدان گرم ھوا * ادھر

[1] *Pujārī*, officiating Brahmins, under a *Panḍā*.
[2] Note that these masculine words do not inflect in the plural.
[3] *Chaṛhāwā*, offering.

دین [1] لڑ رہا تھا - اُدھر دھرم [1] مُقابلے پر اَڑ [2] رہا تھا * ہندو - مُسلمان اِتنے کٹے کہ اُن کا شمار مشکل تھا * آخر پنڈے [3] ایسے جان توڑ کر لڑے کہ مُسلمانوں کے جی چھوٹ گئے * محمود بھی گھبرا گیا - اُس وقت کُچھہ اور بن نہ آیا - فوج سے الگ ہُوا - فرشِ خاک پر سر رکھا - اور خُدا سے دُعا مانگی * تھوڑی دیر بعد اُٹھا فوج کا دِل بڑھایا - اور باتوں سے جوش میں لاکر حملے کا حُکم دیا - مُسلمانوں نے دفعۃً تلواریں اُٹھائیں - اور گھوڑے اُڑا کر دُشمنوں پر ٹُوٹ پڑے * بڑے گھمسان [4] کا رن [5] پڑا * آخر اقبالِ محمودی اپنا کام کر گیا - ہِندو بھاگے اور مُسلمانوں کی فتح ہوئی * میدان کو خالی دیکھہ کر قلعہ والوں کی بھی ہِمّت ہار گئی * قلعے کی دوسری طرف سمندر میں کشتیاں لگا رکھی تھیں - اُن میں بیٹھے - اور لنگر اُٹھا کر بھاگے * شہر - قلعہ - مندر اور ساری دَولت محمود کے ہاتھہ آئی [6] *

محمود نے اگرچہ ہندوستان میں دُور دُور [7] کے شہر فتح کیئے

[1] Muslims cry out *dīn dīn* when fighting, and Hindus *dharam dharam*. *Dīn* is however a general term for religion.

[2] *Aṛnā*, to jib, stick, be stubborn, etc.

[3] *Panḍā* is a kind of head priest. The word seems to be incorrectly used here.

[4] *Ghamsān*, f., a tumultuous crowd; also adj., *ghamsān ādmī*. *Ghamsān kī laṛā,ī*, a hot, crowded fight.

[5] *Ran*, m., battle.

[6] *Hāth* [*meṅ*] *ānā* or *lagnā*, "to be obtained."

[7] Various distant (cities).

مگر یہاں رہنے کا ارادہ نہ کیا - ہاں اپنا حاکم لاہور میں بٹھایا * ہندوستان کی لوٹ کھسوٹ [1] سے ویران کوہستان میں غزنی شہر ایسا آباد کیا تھا کہ طلسمات کا نمونہ نظر آتا تھا * مُلک مُلک [2] کے آدمی، ہر فن کے صاحب کمال، وہاں موجود تھے * ایک قلعہ بنایا - قصر فیروزہ اُس کا نام رکھا - اُس کی چینی کاری [3] کے آگے جواہرات کی رنگت پھیکی معلوم ہوتی تھی * اُس میں بادشاہی محل اور دربار کے مکان پرستان نظر آتے تھے * جامع مسجد ایسی تعمیر کی کہ اُس کی آرائش اور زیبائش کے سبب سے لوگ اُسے عروسِ فلک کہتے تھے * اُس کے پہلو میں ایک مدرسہ اُسی وسعت اور شان و شوکت کا بنایا * اُس کے کتب خانے کو نایاب اور قیمتی کتابوں سے سجایا - عالم اور فاضل علم کی روشنی پھیلانے کے لئے مقرر کئے * سلطان کے شوق سے سب کو مکانوں کے بنانے اور سجانے کا شوق ہوا - تھوڑے ہی دنوں میں بہتیری عالی شان حویلیاں بن گئیں - سینکڑوں مسجدیں - مدرسے - سرائیں اور خانقاہیں تیار ہو گئیں * گھر گھر امیری تھی - اور دولت کی بہتات * اُس کے عہد میں غزنی کو دیکھ [4] کر ہندوستان یاد آتا تھا کیونکہ جو

1 *Lūṭ khasoṭ* = *lūṭ mār*.

2 Various countries.

3 *Chīnī-kārī*; can this be an error for *mīnā-kārī*?

4 Here the *logical* subject of the Conjunctive Participle and the finite verb is the same.

غریب آدمي تھا اُس کے گھر میں بھي تین چار لونڈي غُلام
ہندوستاني بولتے دکھائي دیتے تھے * غزني کے بازاروں میں ایک
ایک بندہ خُدا کا دو دو روپے کو بِک گیا *

محمود دَولت کو اِس قدر عزیز رکھتا تھا کہ ہر تاریخ کي کتاب
میں اُس کي شِکایت ہے * آخر عُمر میں ایک دفعہ خبر پائي
کہ ایک شخص نہایت مال دار ہَے * اُسے پکڑوا منگایا [1] * وہ بیچارا
سامنے آیا تو محمود نے کہا - " ہم نے سُنا ہَے کہ تو بیدین اَور بد
اِعتقاد ہَے " * اُس نے عرض کي کہ " فِدوي اِس جُرم سے تو بالکل
پاک ہَے - اَلبتّہ یہ عَیب ہَے کہ دَولت بہت سي ہَے * آپ
یہ سب لیجئیے - مگر مُجھے بدنام نہ کیجئیے " * محمود نے اُس کا
مال و دَولت شاهي خزانے میں داخِل کیا - اَور سند لِکھہ دي
کہ " یہ شخص بڑا خُوش اِعتقاد ہَے " *

اِن عیبوں پر بھي کبھي کبھي بادشاهي حَوصلہ [2] دِکھاتا تھا -
چُنانچہ [3] ایک قلعہ بلوچوں نے لے لیا - اَور اُس میں بیٹھہ کر رستہ
لُوٹنے لگے * ایک دفعہ کوئي قافلہ لُٹا - اَور اُس میں ایک نَوجوان

[1] *Pakarwā-mangwānā* (both causal) "to cause to be arrested and then to have him summoned." *Mangānā*, etc., is used for things as they can't come of their own accord; hence *mangānā* is used for prisoners.

[2] Magnanimity.

[3] *Chunānchi*, "accordingly"; and also "for instance."

آدمي مارا گيا * اُس کي بڑھيا ماں روتي پيٹتي مَحمُود کے دربار میں آئي - اور فرياد کرنے لگي * مَحمُود نے کہا کہ " مَیں کیا کروں ؟ اَیسے دُور دُور کے مُلکوں میں کیونکر پُورا پُورا [1] اِنتظام ھوسکتا ھَے ؟ " اُس نے کہا کہ " اَے سُلطان ! اگر تُجھہ سے بندوبست نہیں ھوسکتا تو اتنے بڑے مُلک کي بادشاھت کیوں لے رکھي [2] ھَے ؟ " مَحمُود کو کُچھہ جواب نہ بن آیا * اُسي وقت حُکم دِیا کہ فَوج جاکر لُٹیروں سے قلعہ چھین لے - اور جبتک قلعہ فتح نہ [3] ھو - جو قافلہ جائے اُس کي حِفاظت کے لِئے ایک رِسالہ جایا کرے *

ایک دفعہ کِسي مُلک پر اُس نے چڑھائي کي - ایک چھوٹي عُمر کا لڑکا مُلک کا حقدار تھا - اور اُس کي ماں حُکومت کرتي تھي * جب مَحمُود کي فَوج کَشي کي خبر مشہور ھُوئي عقلمند عَورت نے کہلا بھیجا کہ " اگر سُلطان نے مُجھہ پر فتح پائي تو جہاں جہاں فتح نامے لکھیگا اُن میں یہي لِکھیگا - کہ ' مَیں نے ایک بیوہ عَورت کا مُلک چھین لِیا ' - لیکن شِکست کھائي تو بڑي شرم کي بات ھوگي - ھاں - [4] اگر میرا مُلک بر قرار رکھا تو سب کہینگے کہ ' تاج بخشي کي ' " * مَحمُود سمجھہ گیا - اور اُدھر کا خیال چھوڑ دیا *

---

[1] Repetition = fully everywhere, in the different districts.

[2] Taken and kept.

[3] Note the Aorist for English past and also the negative: *vide* "Hind. Man."; L. 38 (*b*) and L. 61 (*b*).

[4] *Hāṅ*, stay, but.

اُس نے بہت سے عالموں اَور با کمالوں کو غزنی میں جمع کیا * شعر کا بھی بہت شَوق رکھتا تھا - مگر فردَوسی کے باب میں جو کُچھہ کیا اُس سے قدردانی [1] کے نام کو بٹّا [2] لگا دیا * کہتے ھَیں کہ جسوقت اُس سے شاھنامے کی تصنیف کی فرمایش کی تو اشرفی [3] شعر، اِنعام کا وعدہ کیا * وُہ بیچارا لکھتے لکھتے [4] بڈّھہ ھوگیا * جب تیس برس میں ساٹھہ ھزار شعر کی کتاب لکھہ کر حاضر کی تو اشرفی کی جگہہ روپیہَ دینا چاھا * فردَوسی کو اپنی محنت کے برباد ھونے کا بڑا صدمہ ھُوا * محمُود کی ھجو لکھہ کر دل کا بُخار نکالا - اَور وھاں سے بھاگ گیا * چند روز بعد دربار میں کسی نے اُس کا شعر بڑے مَوقع پر پڑھا - محمُود کے دل پر چوٹ لگی اَور ندامت ھوئی - اُسی وقت حکم دیا کہ "حساب کے مُوافق جو چاھئیے - نقد روپیہَ اُسے بھیجدو" * افسوس یہ ھَے کہ جب محمُود کے آدمی یہ روپیہَ لیکر اُس کے شہر کے دروازے پر پُہنچے تو ایک جنازہ نکلتا تھا - معلُوم ھُوا کہ "فردَوسی مرگیا - یہ اُسی کی میّت ھے" *

اب وُہ دِن آگیا کہ اِس عالی شان سُلطان کو دُنیا سے جُدا ھونا پڑا - اُس وقت آنکھیں کھُلیں کہ " جو دَولت ھزاروں

[1] Appreciation.
[2] *Baṭṭā*, discount; blemish; stain, stigma.
[3] i.e. *fi shi'r*, or *shi'r pichhe*. Compare *bārah āne ghanṭā*, "twelve annas an hour."
[4] Continuously writing.

گھرانے بے چراغ [1] کرکے سمیٹنی [2] ہے ساری یہیں چھوڑنی پڑیگی " *

ترسٹھہ برس کی عمر تھی جو [3] سخت بیمار ہوا * جینے کی اُمید نہ رہی تو داروغہ اور خزانچیوں کو حکم دیا کہ " روپے اور اشرفیوں کی تھیلیاں - زیور - جواہرات - بھاری بھاری جوڑے - بادشاہی لباس - اور جو جو زمانے کے عجایب غرایب ہم نے جمع کیئے ہیں - ہماری آنکھوں کے سامنے لاؤ " * اُنھوں نے محل کے صحن کو سجا کر عجائب خانہ کر دیا * خزانچی ایک ایک چیز دکھاتا جاتا تھا - وہ حسرت کی نگاہ سے دیکھتا جاتا تھا - اور زار زار روتا تھا *

دوسرے دن حکم دیا کہ " میدان میں تمام خاصے [4] کے ہاتھی - گھوڑوں اور اونٹوں کو - ساز - زیور - اور جھلاجھلی کی جھولوںسے سجاکر حاضر کرو " * محمود نالکی [5] میں لیٹ کر آیا اور دیر تک دیکھتا رہا - پھر روتا دھوتا محل میں چلا گیا * بڑے بڑے بہادر سردار اور جاں نثار وفادار جو ہمیشہ جان جوکھوں کی لڑائیوں میں اُس کے

[1] *Be-chirāgh* is here incorrect, as it means killing a son or sons. Substitute *wīrān*.

[2] *Sameṭnā*, to scrape or rake together. What is the subject?

[3] *Jo* for *jab*.

[4] *Khāṣṣa*, a private horse or elephant of a royal personage; also a royal stable.

[5] *Nālkī*, a kind of litter or *open* palanquin in which the bamboo shaft makes a curve or arch over the body of the litter.

رفیق تھے اِس وقت کُچھہ رِفاقت نہ کرسکتے تھے * آخِر جِسطرح
خالي ھاتھہ آیا تھا اُسي طرح دُنیا سے رُخصت ھُوا *

## ۳ — ظہیرُ الدّین بابُر بادشاہ

محمود کے مرتے ھي اُس کے خاندان کا زوال شرُوع ھُوا اور آخِر کار پنجاب اور غزني بھي ھاتھہ سے جاتا رھا [1] * پھر اور خاندانوں سے مُسلمانوں کے بادشاہ ھوئے - اُنھوں نے ھندوستان کے بڑے صُوبے فتح کِیئے - دِلّي میں اپني سلطنت قائم کي - اور کئي کئي [2] پُشت تک سلطنت کر کے مُلکِ عدم کو چلے گئے - مُدّت تک یھي سِلسِلے جاري رھے کہ [3] امیر تیمور تُرکستان سے آیا - پنجاب کو پامال کرتا دِلّي پر پہُنچا - اُسے لُوٹا - اور قتلِ عام کِیا - مگر آندھي کي طرح آیا اور بگولے کي طرح گیا * اُس کے جانے کے بعد دلّي میں ایک خاندان اور بن کر بگڑ گیا * دُوسرا مَوجُود تھا کہ تَیمُور کي اَولاد میں سے بابُر شاہ تُرکستان میں اُٹّھا - اور دِلّي پر لشکر لے کر آیا * ھندوستان میں چغتائي سلطنت اُسي نے قائم کي * اب ذرا بابر کا حال سُنو *

[1] *Vide* "Hind. Man.," Lesson 23, end of (*b*).

[2] As many as several, *i.e.*, more than *ka,ī*, alone. After *ka,ī* the singular (as here), or the plural is used. Were *pushtoṅ* used here, it might be taken as the plural of *pushta*, "embankment."

[3] *Ki* = till. *Amīr Tīmūr* or *Tīmūr-i lang*, Tamerlane.

یہ بادشاہ بارہ برس کي عُمر میں تخت پر بیٹھا - اور بڑي ہمّت اور حوصلے [1] سے سلطنت کو سنبھالا * اِس کے حالات دیکھہ کر تعجّب آتا ہے * [2] ایک وقت دیکھو تو بابر کے نام کا نقّارہ بج رہا ہے [3] - لاکھوں آدمي پر حُکُومت ہے - [2] ایک وقت دیکھو تو پہاڑوں اور جنگلوں میں بھاگا چلا جاتا ہے - اور چُھپنے کو جگہہ نہیں پاتا * بائیس برس تک شمال کے مُلکوں میں تلواریں ماریں لیکن اِقبال نے ساتھہ نہ دیا * آخر ہندوستان کا خیال آیا - اِس پر یہ دعوی کیا کہ " میرا مَورُوثي مُلک ہے - یعني امیر تیمُور نے اِسے تلوار کے زور سے لیا ہے " *

سُلطان اِبراهیم جو اُن دِنوں دِلّي میں سلطنت کرتا تھا بڑا بے رحم - بے پروا - اور آرام طلب تھا - اُس سے ملک کا اِنتظام نہ هوسکتا تھا * دربار کے بعض اِمیروں نے بابر کو بلا بھیجا * بابر خود بھي ایسے مَوقع کي تاک میں تھا * فَوج لے کر روانہ هُؤا - آخر لڑتا بھڑتا [4] پاني پت کے مَیدان پر آیا - اور ڈیرے ڈال دیئے * ابراهیم - ایک لاکھہ سے زیادہ لشکر اور هزار جنگي هاتھي لے کر دِلّي سے نکلا * بابر فقط بارہ هزار لشکر سے آیا تھا - وُهي لے کر سامنے هُؤا * هاں

---

[1] ***Himmat*** **and** ***ḥauṣala*** **have here much the same meaning. The second word emphasizes the first.**

[2] ***Agar*****, understood.**

[3] **Idiom "to be famous": this phrase has also a literal meaning.**

[4] ***Bhiṛnā*****, to fight hand to hand.**

اِس کے ساتھہ توپخانہ تھا - کہ یہ نقشہ [1] اب تک ھندوستان کے میدانوں میں نہ جما تھا * غرض صبح کا وقت تھا کہ لڑائی شروع ھوئی - دو پہر ڈھلے تک میدان گرم رہا * آخر اِبراھیم مارا گیا - اور بابر کی فتح ھوئی * یہ ایسا معرکہ [2] ھؤا کہ آج تک اُس کی شُہرت چلی آتی ھے * اِس کے بعد کئی لڑائیاں اور ماریں [3] جن سے سلطنت کی بُنیاد جم گئی *

اگرچہ بابر بعض دفعہ دُشمنوں پر بڑی بیرحمی کرتا تھا مگر پھر جلد نرم ھو جاتا تھا * بڑا بہادُر تھا - خطر کے وقت گھبراتا نہ تھا - اور مُصیبتوں میں ہِمّت نہ ھارتا تھا * ایک لڑائی میں دُشمنوں کی کثرت دیکھہ کر سردار گھبرا گئے اور ھندوستان سے پھرنے کی صلاح دی * بڑی مُشکل یہ ھوئی کہ اِس وقت ایک نجومی تُرکستان سے آیا تھا - اُس نے کہا " میرا عِلم بھی کہتا ھے کہ اِس لڑائی میں دُشمن کی فتح ھوگی " * لوگ اور بھی گھبرا ئے - مگر بابر اپنے اِرادے پر جما رہا * فتح ھوئی تو نجومی کو بُلایا - کُچھہ اُسے شرمایا - کُچھہ دھمکایا - لیکن آخر کار بہت سا اِنعام دیا اور کہا کہ " اب تُم یہاں سے چلے جاؤ " *

---

1 *Naqsha na-jamā*, met., the die, seal, etc., did not bite, make an impression.

2 *Ma'raka*, battle or battle-field, etc., etc.

3 *Laṛā,ī mārnā*, "to win a battle."

بابر عالي همّت اور با مُروّت تها * کيا بهائي بنْد - کيا نَوکر چاکر جب سرکش هوجاتے اور شرمنْده هوکر آتے - تو فوراً خطا مُعاف کر ديتا * سيدها ساده تُرک تها - ظاهر باطن يکساں - جو دل ميں هوتا تها وهي مُنهه سے کہتا تها - دغا اور فريب سے کام نه نکالتا تها * با انصاف تها - اِسي واسطے نيک نام تها * ايک دفعه سوداگروں کا ايک قافله بِسي دُور کے مُلک سے اِس کے علاقے ميں پهنْچا - رستے ميں پهاڑوں کے اندر اِس بلا کي سردي پڑي که دو کے سِوا سب مرگئے - بابر نے سب کا اسباب نکلوايا - اُسے حِفاظت سے رکها اور اُن کے مُلک ميں آدمي بهيجے - جب وهاں سے اصلي وارِث آئے - تو تار تار [1] اُن کے حوالے کرديا *

اگر چه وه لڑائي کے وقت تکليف کو تکليف نه سمجهتا تها - مگر ذرا بهي لڑائي سے فراغت پاتا تها تو اِس طرح زندگي کا حظّ اُٹهاتا تها که گويا دِل بهلانے کے سِوا اُس کو کُچهه اور کام هي نه تها * قُدرتي خُوبِيوں [2] کا عاشِق تها - گُل و گُلزار اور هرياول [3] کي بهار سے بهُت خوش هوتا تها - سبْز پهاڑوں کي سير کرتا اور چشموں کے کناروں پر مُصاحِبوں کو لے کر بيٹهتا تها - شراب کا دَور چلتا تها - غزليں گاتے

---

1 Every thread.

2 *Qudratī khūbiyāṅ* means Nature.

3 *Hariyāwal* = *sabzī*.

تھے * وہ خود بھي شاعر تھا - تُرکي دِيوان پُورا [1] مَوجُود ھَے * کبھي کبھي فارسي شعر بھي کہتا تھا * اِس نے اپنے حالات کي کتاب آپ لکھي ھَے - اِس سے معلُوم ھوتا ھَے کہ جہاں گُزرتا ھَے وھاں کي ذري سي بات بھي نہِيں چھوڑتا - جو دیکھتا ھَے لکھہ دیتا ھَے [2] * ایک جگہہ ھندوستان کے لوگوں پر تعجّب کرتا ھَے اَور کہتا ھَے کہ " عجب بدمزہ [3] لوگ ھیں - اِتّفاقاً دریا کے کنارے پر اِن کا مقام ھو تو خَیمے کي پُشت پاني کي طرف کرتے ھَیں - قُدرتي بہاروں کا اثر ذرا ان کے دِلوں پر نہِیں ھَے " *

بابر کے مرنے کي ایک عجِیب کہاني ھَے * چند روز سے اُس کي طبیعت علیل تھي - اُنھي دِنوں میں ھمایُون اُس کا بیٹا بھي سخت بیمار ھُوا - بہُت عِلاج کیئے - کُچھہ اثر نہ ھُوا * آخر عالموں اور بزرگوں کے جلسے میں ایک شخص نے بادشاہ سے کہا کہ " اگلے زمانے کے عالموں نے ایسے مَوقع کے لئے یہ لِکھا ھَے کہ جو چیز بہُت ھي عزیز ھو اُسے صدقہ [4] کر کے خُدا سے دُعا مانگے " * بابر نے کہا کہ " ھمایُون کے نزدیک سب سے عزیز چیز مَیں ھُوں - مَیں

[1] *i.e.*, it is still complete.

[2] Historical Present: *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," XXXV.

[3] Better *bad-maẕāq*.

[4] *Ṣadaqa*, m., Ar.; *lit.* alms; a propitiatory offering to avert misfortune. Pigeons are still circled round the heads of sick Muslims and then released. *Taṣadduq*, in Urdu at least, has the same meaning.

اپني جان اُس پر قُرْبان [1] كرُونْگا " * مُصاحبوں [2] نے عرْض [3] كي كہ " حُضور يہ كيا فرْماتے هَيں ؟ بزرگوں کے كلام كا مطْلب يہ هَے كہ دُنْيا کے مال ميں جو شَے سب سے اچھّي اَور قِيْمتي هو وُہ ديني چاهِئيے - اِس لِئے وُہ ناياب اَور بے بہا هِيرا جو شہْزادے کے پاس هَے آسے حُضور تصدّق فرْمائيں " * بادْشاہ نے كہا كہ " دُنْيا كا مال همايوں کے عِوَض ميں كيا چِيز هَے - اُس پر تو اپني جان هي فِدا كرني چاهِئيے " * غرض خُدا سے دُعا مانْگ كر تين دفْعہ اُس کے پلنْگ کے گِرد پھرا - اور يہ سمجھہ كر كہ " اب اُس كي بِيماري مُجھہ پر آگئي " كہا كہ " لے لي - لے لي " * غرض بابر كا دُكھہ دم بدم بڑھنے لگا هُمايوں كا مرض گھٹنے لگا - يہاں تک كہ بيٹا اُٹھہ كھڑا هوا اَور باپ بسْترِ مرگ پر جا ليٹا *

## انّا [4] كي جان نِثاري

چغْتائي خانْدان کے بادْشاهوں کے اكثر بڑے بڑے معْرکے راجپوتوں سے هوتے [5] رهے * راجپوت مُغْليّہ فوج سے گِنْتي ميں بہت

---

[1] *Qurbān*, m. (*k.*) is a real sacrifice.

[2] *Muṣāḥib*, a companion of a great person ; an A.D.C.

[3] '*Arẓ*, f. ; the modern tendency is to make '*arẓ karnā* into a compound verb and therefore to write '*arẓ kiyā ; vide* " Hind. Man.," L. 45 (*a*) and (*b*).

[4] *Annā*, a children's nurse.

[5] Here continually, not continuously ; *vide* " Hindustani Stumbling-Blocks," page 85.

کم تھے - پھر بھي اپنے مُلک کي آزادي کے لئے لڑنے سے نڈرتے تھے۔ اور قَوم کے نام پر شيروں کي طرح لڑتے مرتے تھے * اُن کي بہادري اور جاں بازي کے بہُت سے قصّے هَيں * مردوں کا تو کيا کہنا هے [1] ؟ اِن کي عَورتوں سے بھي بڑے بڑے کام بن پڑے هَيں - وہ دِلاوري اور وفاداري ميں اپنے مَردوں کے قدم بقدم تھيں * راجپوتانے ميں رانا اودے سِنگھه ميواڑ کا راجه تها * اُس کا قِصّه عجيب هے * ديکھو - اُس زمانے ميں کيا مرد کيا عَورت اپنے آقا کے کَيسے جاں نِثار تھے ! اور مُصيبتوں کے وقت کتنے پُورے وفادار تھے !

---

کنور [2] اودے سِنگھه اور اُس کا چھوٹا سا کوئی محلّ کے کسي مکان ميں پڑے سوتے تھے - ايک عَورت جو کنور کي انّا اور دوسرے کي ماں تھي اپنے پيارے بچّوں کے پاس بَيٹھي تھي * ايک طرف ميوے کا ٹوکرا اور کُچھه بچا کُھچا [3] کھانا دھرا تھا * کُچھه کھاکر دونوں بچّے ابھي سو ئے تھے * يکايک رانيوں کے رونے پيٹنے کي آواز آنے لگي * انّا سمجھي کِه " کوئي سخت آفت آئي " * حَيران بَيٹھي تھي کِه " ديکھئيے [4] - کيا هوتا هے " * اِتنے ميں ايک نوکر جھوٹے [5]

---

[1] Note this common idiom. *Vide* "Hind. Man.," L. 50 (*g*).

[2] *Kūṅwar* or *kūnwar*, any son of a Raja.

[3] *Bachā khuchā* (meaningless appositive), "whatever remained."

[4] Impers., "one must see."

[5] *Jhūṭhā*, subs., m., the remains of a meal; and adj., 'not washed after eating,' of vessels.

باسن اُتھانے آیا - اُس سے پُوچھا - " خَیر تو[1] ھَے " ؟ بولا - " خَیر کیسی ؟ دُشمنوں نے رانا کا کام تمام کیا " * سُنتے ھي انّا کے ھاتھہ پاؤں پُھول گئے - ایسا خَوف چھایا کہِ کاٹو[2] تو بدن میں لہو نہیں * ساتھہ ھي خیال آیا کہ " جب رانا مارا گیا تو کنوّر کب بچیگا ؟ کوئي دم[3] میں اُسے بھي مار ڈالینگے - کِسي جَتن سے اُس کي جان بچائیے[4] " * مگر سوچ بچار کا وقت نہ رھا تھا - ڈر تھا کہ " اب دروازہ کھلا اور وہ قسائي اندر آیا[5] " * دُلور پڑا سوتا تھا * انّا نے آھستہ سے گود میں اُتھایا اور میوے کے ٹوکرے میں لِٹا دیا - اُوپر سے پتّے ڈھانک دیئے - بچّہ بے خبر سوتا رھا * انّا نے نَوکر سے کہا کہ " اِسے قلعے کے باھر لیجاؤ " - اور جلدي سے اپنے بچّے کو اُس کي جگہہ لِٹا دیا *

نَوکر نِکلا ھي تھا کہ ظالم، رانا کے لہُو سے ھاتھہ لال کیئے، آ پہنچا * کنور کے مار ڈالنے کي،[6] جي میں، ٹھانے ھُوئے تھا - انّا سے پُوچھا - " اُودے سنگھہ کہاں ھَے " ؟ جاں نِثار انّا کي زبان بند

---

[1] *To* = I don't think it is.

[2] Note the Aorist, "were you to cut," and not the Past Habitual *kāṭte* "had you cut." In this idiom *agar* is always omitted.

[3] *Ko,ī*, not inflected; *vide* "Hind. Man.," L. 8 (*b*).

[4] Impers. Impera., "one must—."

[5] Note idiom and *vide* "Hind. Man.," L. 43 (*b*) 2.

[6] *Bāt*, understood. Past partic. inflected of a transitive verb with the substantive verb. For this compound *vide* "Hindustani Stumbling-Blocks," L. 7, Remark (p. 84).

ہوگئي اور [1] اپنے بیٹے کي طرف اِشارہ کِیا - مامتا تو پھڑکتي رہي - مگر کنور پر آنچ نہ آنے دي [2] * اِشارے کے ساتھہ ھي قسائي نے اُس پیارے بچّے کا خنجر سے کام تمام کِیا * ماں دیکھتي رہي - دم نہ مارا - نہ آنسو گِرایا کہ اَیسا نہ ھو بھید کُھل جائے *

با وفا انّا نے وُہ بلدان [3] دیا جسکے سُننے سے رونگٹے [4] کھڑے ہوتے ھَیں * مگر کنور کي جان بچا لي * وُہ جوان ھُوا - اور اُس کے بیٹوں میں سے پرتاب سِنگھہ اَیسا سورما نِکلا کہ اکبر سے بڑے مُقابلے کرتا رہا *

## ۵ — پرتاب کي بہادري

انّا کي جاں نِثاري سے اُودے سِنگھہ کي جان بچي * وُہ مُدّت تک چھپا رہا - اور راجپوتوں میں تھوڑے ھي آدمیوں کو یہ حال معلوم تھا * چند سال کے بعد مشہور ھو گیا کہ " راج کا وارث جِیتا ھے " * بن بیر سے لوگوں نے دُکھہ بہُت پائے تھے - سرداروں نے ملکر اُسے تخت سے اُتارا - اور اُودے سِنگھہ کے سِر پر تاج رکھہ دیا *

[1] *Aur* = " and therefore."

[2] Note idiom. *Ānch*, f., is a fire *in a fire-place*, a furnace.

[3] *Baldān* (for Hindī *balī-dān*), a sacrifice, in Urdu generally a human sacrifice.

[4] *Rongṭā*, the small fine hair on the body, a horse's coat, fine fur as a cat's, etc., etc.

افسوس یہہ ھے کہ اس میں نہ کوئی شاھانہ وصف تھا - نہ راجپوتوں جیسی بہادری * اُن دنوں میں بابر کا پوتا اکبر شاہ دلّی میں تخت نشیں ھو کر ھندوستان کا بادشاہ ھوگیا تھا * جن جن دشمنوں نے مقابلہ کیا - اکبر نے اُنھیں شکست دی - اور راجپوتانے کا رُخ کیا * میواڑ کا دار السلطنت چتّور تھا - اور وھاں کا قلعہ بڑا مضبوط اور نامی تھا - اُسے آن[1] گھیرا * اودے سنگھہ تو وھاں سے نکل بھاگا - مگر راجپوت سردار حفاظت کے لئے رہ گئے - وہ جان سے ھاتھہ دھوکر خوب خوب[2] لڑے * جب کچھہ اُمید نہ رھی تو نو رانیاں - پانچ راج کنیاں[3] اور بہت سی عورتیں جو محل کے اندر تھیں - سب جل کر راکھہ کا ڈھیر ھوگئیں * راجپوت قلعے کا دروازہ کھول کر تلواریں کھینچے ھوئے نکلے - اور وھیں ٹکڑے ٹکڑے ھو کر مرگئے * اودے سنگھہ چتّوڑ کو چھوڑ کر اربلی پہاڑ میں جا بسا * ایک محل رھنے کے لئے بنا کر آس پاس شہر آباد کیا - وھی اودے پور ھے جو ابتک میواڑ کا دار السلطنت چلا آتا[4] ھے * جب وہ مر گیا تو اُس کا بیٹا پرتاب تخت پر بیٹھا * یہ وھی پرتاب ھے جسکا نام اب تک راجپوت فخر کے ساتھہ لیتے ھیں *

---

[1] *Ān-ghernā*, old for *ā-ghernā*: "to besiege (*lit.* to come and surround)."

[2] *Khūb khūb*, adv., "very good." Compare *bahut bahut*, "very much." *Vide* Stumbling-Blocks, LXI, Supplement.

[3] *Rāj-kanyā*, a princess. The plural should be *kanyā,eṅ*. The text is erhaps wrong.

[4] Still continues to be.

اُس وقت اُس کے پاس سلطنت کا کُچھہ سامان نہ تھا * آئے دِن کي شکستوں نے بھائي بندوں کے دِل توڑ دِیئے تھے - مگر اُس کي رگوں میں وُھي راجپُوتي لہو جوش مار رھا تھا - اَور کہتا تھا کہ [1] " تلوار ھاتھہ میں ھَے تو چِتّوڑ کا چھڑا لینا کیا بڑي بات ھَے ؟ راجپوتوں کي عِزّت برقرار رکھینگے - اور باپ دادا کا نام روشن کرینگے" * اکبر جیسے زبردست بادشاہ سے مُقابلہ تھا جِس کے پاس ھندوستان کي سلطنت کے سارے سامان مَوجُود تھے - اَور اُس وقت تک ھِندوستان کے تخت پر اَیسا عاقِل اَور با تدبیر بادشاہ نہ بیٹھا تھا * بعض راجپُوت راجاؤں نے اُس سے شکستیں کھائیں - اکثروں نے اِطاعت کي - اُن سے اچّھے سُلوک ھُوئے - اُن کے راج اُنھیں دِیئے گئے مگر سلطنت کے ماتحت رھے - بعض کے خاندانوں میں اکبر نے شادي کي * اِن تدبیروں سے اُس نے بہُت سے راجاؤں کو اپنا کر لیا - مگر پرتاب نے اِطاعت نہ کي - اَور مُلک کي آزادي کو برباد کرنا گوارا نہ کرسکا - اِس پر اَور راجپُوت راجا اُس سے جلکہ لڑنے کو سامنے ھو گئے *

وہ ھِمّت والا پچّیس برس کبھي میدانوں میں لڑتا اَور کبھي پہاڑوں پر جا رھتا * اکبر اُس کي جواں مَردي اَور اِستقلال کو مان گیا - بہُت چاھا کہ با عِزّت صُلح کرلے - اَور شادي کا پیغام بھي

---

[1] *Jab* understood after *ki*.

بھیجا - مگر اُس نے یہ ذِلّت قبول کرنے سے انکار کیا اَور ھر بات کا دو ٹُوک جواب[1] دے دِیا * جو جو معرکے اُس نے جیتے آج تک راجپوتونکي زبانوں پر ھیں - اُنھِي میں سے ھلدي گھاٹ کي لڑائي تھي - اُس میں عجب طَور سے دُشمنوں کے ھاتھہ سے بچا *

اکبر کا بیٹا سلیم بڑي تجربہ کار فَوج اَور بھاري توپخانہ لِئے ھلدي گھاٹ کے مَیدان میں پڑا تھا - پرتاب نے بائِیس ھزار راجپُوت سے اُس کا مُقابلہ کِیا - اَور ایک گھاٹي پر روکا * لڑائي کا بازار گرم ھُوا - وُہ اپنے اِعیل گھوڑے پر سوار تھا کِہ چیتک اُسکا نام تھا - جِدھر لڑائي کا زور دیکھتا تھا وِھیں گھوڑا اُڑا کر پُہنچتا تھا - آخر بادشاھي سواروں اَور سپاھیوں کو کاٹتا چھانٹتا[2] شہزادے تک جا پُہنچا جو ھاتھي پر سوار بیچوں بیچ لشکر میں سپہہ سالاري کر رھا تھا - وُہ مَوت کے مُنہہ میں تھا - لیکن ایک صندُوقي ھَودے میں بَیٹھا تھا جِس پر فَولادي چادریں منڈھي[3] ھُوئِي تھیں - اِس لِئے بچ گیا - پرتاب کي یہ کوشش بےکار تھي کِہ برچھے سے اُس کا کام تمام کرے - اِعیل گھوڑے نے اپنے سوار کا خُوب ساتھہ دِیا - لڑائي کي تصویر اُس وقت کے مُصوّر نے اِس طرح کھینچي ھَے - کِہ گھوڑا الِف ھَے -

---

[1] A straight answer, one of two things, *i.e.*, yes or no.
[2] *Chhānṭnā*, clipping, trimming a hedge, etc.
[3] *Manḍhnā*, tr., to overlay.

اُس کا ایک پاؤں [1] هاتھي پر ٹکا هُوا هَے - اَور شاهزادے پر بهالا مارا چاهتا [2] هَے *

سلِیم کي جان کے لالے پڑ گئے تھے [3] - مگر مهاوت بِچارے پر بلا ٹل گئي - اور هاتھي بِپھر کر [4] بھاگا - اَور سلِیم کو ایکر نِکل گیا * پھر بھي راجپُوت اور بادشاهي سِپاهي بڑے زور شور سے وهِیں لڑتے رہے * پرتاب نے سات زخم کھائے - تِین دفعه گِھرا اَور نِکلا - آخر دفعه قرِیب تھا کِه کام تمام هوجائے - یِه حال دیکھه کر جھالاوار کے سردار نے چاها که اپني جان جائے تو جائے مگر پرتاب کسي طرح بچ جائے - اُس نے پرتاب کي راجگي کا نِشان یعني سُورج مُکھي لي - اَور ایک طرف کو چلا - بادشاهي سِپاهیوں نے جانا کِه پرتاب یِهي هَے - سب اُس کي طرف ٹُوٹ پڑے - اَور لڑائي کا زور اُدھر جا پڑا * وُه بِچارا سردار اپنے ساتھیوں سمیت وهیں کام آیا [5] مگر پرتاب جهاں گِھرا تھا وهاں سے صاف نِکل گیا * راجپُوت ناحق جان توڑ کر لڑے - اَور بائِیس هزار جوانوں میں سے صِرف آٹھه هزار جِیتے رهے *

---

1 *Pā,oṅ* is properly a hind-leg, and *hāth*, a fore-leg in a horse. Here *pā,oṅ* is used in a general sense.

2 *Chāhtā hai*, is about to; *vide* "Hind. Man.," L. 20 (*b*).

3 Note this common idiom. Literal meaning obscure.

4 *Bipharnā*, to become infuriated, gen. of animals.

5 *Kām ānā*, to be killed in any *noble* strife; *vide* "Hind. Man."

اب پرتاب اکیلا [1] میدان سے چلا - زخموں سے ندھال [2] تھا - اور با وفا چتک پر سوار تھا - دو مسلمان سرداروں نے پہچان کر اس کے پیچھے گھوڑے پھینکے - ان کے گھوڑے ایسے ایا [3] چاھتے تھے کہ ایک پہاڑي نالا سامنے آیا - بہادر چتک اس پر سے صاف اڑ گیا اور دشمن پیچھے رهگئے - مگر یہ مہلت کوئي دم هي کي تهي - نالے سے نکلکر پھر حریف پیچھے آن [4] لگے * چتک بھي دن بھر کي محنت سے هار گیا تھا اور اپنے سوار کي طرح زخمي هو رها تها - اب اس کي قوت بھي گھٹنے لگي - پرتاب کو بچنے کي آس نه رهي - دشمن مارا مار [5] چلے آتے تھے - سخت پتھروں پر گھوڑوں کے سموں کي کھڑکھڑاهٹ سے معلوم هوتا تھا کہ اب آن پہنچے - یکایک ایک راجپوت کي آواز آئي - ” او نیلے گھوڑے را [6] سوار “ ! پھر کر دیکھا تو ایک هي سوار هے - اور وه اسي کا بھائي سکت هے *

سکت بچپن میں کسي بات پر خفا هوکر گھر سے نکل گیا تھا - اور ایسا بگڑا تھا کہ بھائي کے ساتھ ملک سے بھي بیزار هو گیا تھا - اکبري فوج میں آکر نوکر هوا تھا - اور اپنے هي بھائي بندوں

[1] *Akelā*, unaccompanied. If the meaning had been that he was the only one to leave, the wording would be *Ab sirf Partāb*—.

[2] *Nidhāl*, faint, sinking.

[3] *Lenā* for *jā-lenā*, to overtake.

[4] *Ān-lage* is old for *ā-lage*.

[5] *Mārāmār*, adv., toilsomely.

[6] *Rā* is for *kā*. Marwāṛī, etc. ?

سے لڑا کرتا تھا - مگر اِس وقت جو میدان میں بھائي کي بہادري اور جانبازي دیکھي تو اُس کا دِل بھر آیا - پِھر دو دُشمن اُس کے پیچھے دیکھے - اَور وُہ اَور گھوڑا دونو گھائل تھے - سکت لہو کے جوش سے بےقرار ھو کر دَوڑا - دونو سواروں کو مار گِرایا [1] - اَور ایک عُمر کے بعد دو بھائي پِھر ھاتھہ پھیلا کر گلے ملے * اِتنے میں [2] چتک بے حال ھوکر گرا - اَور گرتے ھي دم نِکل گیا * سکت نے اپنا گھوڑا دیا - اَور اِتنا کہکر رخصت ھُوا کہ " کوئي مَوقع ھوگا تو پِھر آن مِلُونگا " *

بادشاھي فَوج میں سب کھڑے دیکھہ رہے تھے " کہ اب ھمارے سوار پرتاب کو باندھے لئے آتے ھیں " * سکت کو اکیلا آتا دیکھہکر حَیران ھُوئے - اَور سیدھا شہزادے کے سامنے لے گئے * اُس نے پُوچھا - کہ " ھمارے سردار کیا ھُوئے " ؟ عرض کي کہ " پرتاب اُنہیں مارکر نکل گیا بلکہ میرا گھوڑا بھي مارا گیا - میں اُن ھي میں سے ایک کے گھوڑے پر چڑھہ کر آیا ھُوں " * سلیم کو یقین نہ آیا - الگ لے جا کر کہا - کہ " سچ سچ [3] کہہ دے - تیري خطا بھي ھوگي تو مُعاف کر دُونگا " * سکت نے جو حال تھا - صاف صاف کہہ دِیا [4] * سلیم بھي وعدے

---

1 *i.e., mārkar girāyā.*

2 ***Itne meṅ***, now suddenly, at this moment.

3 The whole truth and only the truth.

4 Or کہدیا .

کا پورا تھا - سکت کو [1] کُچھہ نہ کہا مگر لشکر سے رُخصت کر دیا -
اَور وُہ اپنے بھائي کے ساتھہ جا ملا *

---

[1] Note *ko* and not *se*, in this idiom, and *vide* " Hindustani Stumbling-Blocks," XX, p. 29.

تمام شد

کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ

Printed at the Baptist Mission Press, Calcutta, and published by the Board of Examiners.